ءَايَٰتُنَا	بَيِّنَٰتٍ	قَالُوا۟	مَا هَٰذَآ	إِلَّا	رَجُلٌ	يُرِيدُ	أَن يَصُدَّكُمْ	عَمَّا	كَانَ يَعْبُدُ
ہماری آیات	واضح	وہ کہتے ہیں	نہیں ہے یہ	مگر صرف	ایک آدمی	وہ چاہتا ہے	کہ روکے تمہیں	اس سے جس	پرستش کرتے تھے

ہماری واضح آیات تو وہ کہتے ہیں یہ تو صرف (تم جیسا) آدمی ہے چاہتا ہے کہ تمہیں ان سے روکے جن کی پرستش

آبَاؤُكُمْ ۚ وَقَالُوا مَا هَٰذَا إِلَّا إِفْكٌ مُّفْتَرًى ۚ وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِلْحَقِّ

آبَاؤُكُمْ	وَقَالُوا	مَا هَٰذَا	إِلَّا	إِفْكٌ مُّفْتَرًى	وَقَالَ	الَّذِينَ كَفَرُوا	لِلْحَقِّ
تمہارے باپ دادا	اور وہ کہتے ہیں	نہیں یہ	مگر	جھوٹ گھڑا ہوا	اور کہا	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	حق کے بارے میں

تمہارے باپ دادا کرتے تھے، اور وہ کہتے ہیں یہ (قرآن) نہیں ہے مگر گھڑا ہوا جھوٹ، اور کافروں نے حق کے بارے میں کہا

لَمَّا جَاءَهُمْ إِنْ هَٰذَا إِلَّا سِحْرٌ مُّبِينٌ ﴿٤٣﴾ وَمَا آتَيْنَاهُم مِّن كُتُبٍ يَدْرُسُونَهَا

لَمَّا جَاءَهُمْ	إِنْ هَٰذَا	إِلَّا	سِحْرٌ مُّبِينٌ	وَمَا	آتَيْنَاهُم	مِّن كُتُبٍ	يَدْرُسُونَهَا
جب وہ آیا ان کے پاس	یہ نہیں	مگر	جادو کھلا	اور نہ	دیں ہم نے انہیں	کتابیں	کہ انہیں پڑھیں

جب وہ ان کے پاس آیا کہ یہ نہیں، مگر کھلا جادو۔ اور ہم نے انہیں (مشرکین عرب کو) کتابیں نہیں دیں کہ وہ انہیں پڑھتے ہوں

وَمَا أَرْسَلْنَا إِلَيْهِمْ قَبْلَكَ مِن نَّذِيرٍ ﴿٤٤﴾ وَكَذَّبَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۙ

وَمَا	أَرْسَلْنَا	إِلَيْهِمْ	قَبْلَكَ	مِن نَّذِيرٍ	وَكَذَّبَ	الَّذِينَ	مِن قَبْلِهِمْ
اور نہ	بھیجا ہم نے	ان کی طرف	آپ سے پہلے	کوئی ڈرانے والا	اور جھٹلایا	انہوں نے جو	ان سے پہلے

اور نہ آپ سے پہلے ان کی طرف کوئی ڈرانے والا بھیجا۔ اور جو ان سے پہلے تھے انہوں نے جھٹلایا،

5 ع ۹ 11

وَمَا بَلَغُوا مِعْشَارَ مَا آتَيْنَاهُمْ فَكَذَّبُوا رُسُلِي ۖ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيرِ ﴿٤٥﴾ قُلْ إِنَّمَا أَعِظُكُم

وَمَا بَلَغُوا	مِعْشَارَ	مَا آتَيْنَاهُمْ	فَكَذَّبُوا	رُسُلِي	فَكَيْفَ	كَانَ	نَكِيرِ	قُلْ	إِنَّمَا أَعِظُكُم
اور وہ نہ پہنچے	دسواں حصہ	جو ہم نے انہیں دیا	سو انہوں نے جھٹلایا	میرے رسولوں کو	تو کیسا	ہوا	میرا عذاب	فرمادیں	میں صرف نصیحت کرتا ہوں تمہیں

اور یہ (مشرکین عرب) اسکے دسویں حصے کو (بھی) نہ پہنچے جو ہم نے انہیں دیا تھا سو انہوں نے میرے رسولوں کو جھٹلایا۔ تو کیسا ہوا میرا عذاب (فرمادیں) میں تمہیں صرف نصیحت کرتا ہوں

بِوَاحِدَةٍ ۖ أَن تَقُومُوا لِلَّهِ مَثْنَىٰ وَفُرَادَىٰ ثُمَّ تَتَفَكَّرُوا ۚ مَا بِصَاحِبِكُم مِّن جِنَّةٍ ۚ

بِوَاحِدَةٍ	أَن تَقُومُوا	لِلَّهِ	مَثْنَىٰ	وَفُرَادَىٰ	ثُمَّ تَتَفَكَّرُوا	مَا بِصَاحِبِكُم	مِّن جِنَّةٍ
ایک بات کی	کہ تم کھڑے ہو جاؤ	اللہ کے واسطے	دو دو	اور اکیلے اکیلے	پھر تم غور کرو	نہیں تمہارے اس ساتھی کو	کوئی جنون

ایک بات کی کہ تم اللہ کے واسطے کھڑے ہو جاؤ دو دو اور اکیلے اکیلے، پھر تم غور کرو کہ تمہارے اس ساتھی کو کوئی جنون نہیں ہے

إِنْ هُوَ إِلَّا نَذِيرٌ لَّكُم بَيْنَ يَدَيْ عَذَابٍ شَدِيدٍ ﴿٤٦﴾ قُلْ مَا سَأَلْتُكُم

إِنْ	هُوَ	إِلَّا	نَذِيرٌ	لَّكُم	بَيْنَ يَدَيْ	عَذَابٍ شَدِيدٍ	قُلْ	مَا سَأَلْتُكُم
نہیں	وہ	مگر صرف	ڈرانے والے	تمہیں	آگے (آنے سے پہلے)	سخت عذاب	فرمادیں	جو میں نے مانگا ہو تم سے

وہ تو صرف سخت عذاب آنے سے پہلے تمہیں ڈرانے والے ہیں۔ آپ فرمادیں میں نے تم سے جو مانگا ہو

مِّنْ اَجْرٍ فَهُوَ لَكُمْ ؕ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿۴۷﴾

مِنْ اَجْرٍ	فَهُوَ	لَكُمْ	اِنْ	اَجْرِيَ	اِلَّا	عَلَى اللّٰهِ	وَهُوَ	عَلٰى	كُلِّ شَيْءٍ	شَهِيْدٌ
کوئی اجر	تو وہ	تمہارا ہے	نہیں	میرا اجر	مگر صرف	اللہ کے ذمّے	اور وہ	پر کی	ہر شئے	اطلاع رکھنے والا ہے

کوئی اجر، تو وہ تمہارا ہے، میرا اجر تو صرف اللہ کے ذمّے ہے، اور وہ ہر شئے کی اطلاع رکھنے والا ہے۔

قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَقْذِفُ بِالْحَقِّ ۚ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿۴۸﴾ قُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَمَا يُبْدِئُ

قُلْ	اِنَّ	رَبِّيْ	يَقْذِفُ	بِالْحَقِّ	عَلَّامُ الْغُيُوْبِ	قُلْ	جَآءَ الْحَقُّ	وَمَا يُبْدِئُ
فرمادیں	بیشک	میرا رب	ڈالتا اور اوپر سے اتارتا ہے	حق کو	سب غیبوں کا جاننے والا	فرمادیں	حق آگیا	اور نہ پیدا کرے گا

آپ فرمادیں، بیشک میرا رب اوپر سے حق اتارتا ہے، اور سب غیب کی باتوں کا جاننے والا ہے۔ آپ فرمادیں حق آگیا اور نہ پیدا کرے گا

الْبَاطِلُ وَمَا يُعِيْدُ ﴿۴۹﴾ قُلْ اِنْ ضَلَلْتُ فَاِنَّمَآ اَضِلُّ عَلٰى نَفْسِيْ ۚ وَاِنِ

الْبَاطِلُ	وَمَا يُعِيْدُ	قُلْ	اِنْ	ضَلَلْتُ	فَاِنَّمَا	اَضِلُّ	عَلٰى نَفْسِيْ	وَاِنِ
باطل	اور نہ لوٹائے گا	فرمادیں	اگر	میں بہکا ہوں	تو اس کے سوا نہیں	میں بہکا ہوں	اپنی جان پر (اپنے نقصان کو)	اور اگر

باطل (کسی چیز کو)، اور نہ لوٹائے گا۔ آپ فرمادیں اگر میں بہکا ہوں تو اس کے سوا نہیں کہ اپنے نقصان کو بہکا ہوں، اور اگر

اهْتَدَيْتُ فَبِمَا يُوْحِيْٓ اِلَيَّ رَبِّيْ ؕ اِنَّهٗ سَمِيْعٌ قَرِيْبٌ ﴿۵۰﴾ وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ فَزِعُوْا

اهْتَدَيْتُ	فَبِمَا	يُوْحِيْٓ	اِلَيَّ	رَبِّيْ	اِنَّهٗ	سَمِيْعٌ	قَرِيْبٌ	وَلَوْ تَرٰٓى	اِذْ	فَزِعُوْا
میں ہدایت پر ہوں	تو اس کی بدولت	وحی کرتا ہے	میری طرف	میرا رب	بیشک وہ	سننے والا	قریب	اے کاش تم دیکھو	جب	وہ گھبرائیں گے

میں ہدایت پر ہوں تو اس کی بدولت ہوں کہ میرا رب میری طرف وحی کرتا ہے، بیشک وہ سننے والا قریب ہے۔ اے کاش! تم دیکھو، جب وہ گھبرائیں گے

فَلَا فَوْتَ وَاُخِذُوْا مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ ﴿۵۱﴾ وَّقَالُوْٓا اٰمَنَّا بِهٖ ۚ وَاَنّٰى لَهُمُ

فَلَا فَوْتَ	وَاُخِذُوْا	مِنْ	مَكَانٍ قَرِيْبٍ	وَقَالُوْٓا	اٰمَنَّا	بِهٖ	وَاَنّٰى	لَهُمُ
اور نہ بچ سکیں گے	اور پکڑ لئے جائیں گے	سے	قریب جگہ (پاس)	اور کہیں گے	ہم ایمان لائے	اس پر	اور کہاں	ان کے لئے

تو بھاگ کر تو نہ بچ سکیں گے، اور پاس ہی سے پکڑ لئے جائیں گے۔ اور کہیں گے ہم اس (دین) پر ایمان لے آئے اور کہاں (ممکن ہے) ان کے لئے

التَّنَاوُشُ مِنْ مَّكَانٍ بَعِيْدٍ ﴿۵۲﴾ ۚ وَّقَدْ كَفَرُوْا بِهٖ مِنْ قَبْلُ ۚ وَيَقْذِفُوْنَ

التَّنَاوُشُ	مِنْ	مَكَانٍ	بَعِيْدٍ	وَقَدْ كَفَرُوْا	بِهٖ	مِنْ قَبْلُ	وَ	يَقْذِفُوْنَ
پکڑنا (ہاتھ آنا)	سے	جگہ	دور (دار الجزا)	اور تحقیق انہوں نے کفر کیا	اس سے	اس سے قبل	اور	وہ پھینکتے ہیں

دور جگہ (دار الجزا) سے (ایمان کا) ہاتھ آنا۔ اور تحقیق انہوں نے اس سے قبل اس سے کفر کیا، اور وہ پھینکتے ہیں

۶ ع ۹ ۱۲ بِالْغَيْبِ مِنْ مَّكَانٍ بَعِيْدٍ (۵۳) وَحِيْلَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ مَا يَشْتَهُوْنَ كَمَا

بِالْغَيْبِ	مِنْ	مَكَانٍ بَعِيْدٍ	وَحِيْلَ	بَيْنَهُمْ	وَبَيْنَ	مَا يَشْتَهُوْنَ	كَمَا
بن دیکھے	سے	دُور جگہ	اور آڑ کر دی گئی	اُن کے درمیان	اور درمیان	جو وہ چاہتے تھے	جیسے

بن دیکھے دُور جگہ سے (اٹکل پچو باتیں کرتے ہیں) جو وہ چاہتے تھے، اِس کے اور اُن کے درمیان آڑ ڈال دی گئی، جیسے

فُعِلَ بِاَشْيَاعِهِمْ مِّنْ قَبْلُ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا فِيْ شَكٍّ مُّرِيْبٍ (۵۴)

فُعِلَ	بِاَشْيَاعِهِمْ	مِنْ قَبْلُ	اِنَّهُمْ	كَانُوْا	فِيْ	شَكٍّ	مُرِيْبٍ
کیا گیا	ان کے ہم جنسوں کے ساتھ	اس سے قبل	بیشک وہ	وہ تھے	میں	شک	تردّد میں ڈالنے والے

اُن کے ہم جنسوں کے ساتھ، اِس سے قبل کیا گیا، بیشک وہ تردّد میں ڈالنے والے شک میں تھے۔

اٰیاتُھا ۴۵ | ۳۵ : سُوْرَةُ فَاطِرٍ مَّكِّيَّةٌ : ۴۳ | رکوعاتُھا ۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ جَاعِلِ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا اُولِيْٓ اَجْنِحَةٍ

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	فَاطِرِ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	جَاعِلِ	الْمَلٰٓئِكَةِ	رُسُلًا	اُولِيْٓ اَجْنِحَةٍ
تمام تعریفیں	اللہ کے لئے	پیدا کرنے والا	آسمانوں	اور زمین	بنانے والا	فرشتے	پیغام بر	پروں والے

تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں، جو آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے، فرشتوں کو پیغام بَر بنانے والا ہے، پروں والے

مَّثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ؕ يَزِيْدُ فِى الْخَلْقِ مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

مَثْنٰى	وَثُلٰثَ	وَرُبٰعَ	يَزِيْدُ	فِى الْخَلْقِ	مَا يَشَآءُ	اِنَّ اللّٰهَ	عَلٰى	كُلِّ شَيْءٍ
دو دو	اور تین تین	اور چار چار	زیادہ کر دیتا ہے	پیدائش میں	جو وہ چاہے	بیشک اللہ	پر	ہر شے

دو دو، اور تین تین، اور چار چار، پیدائش میں جو وہ چاہے زیادہ کر دیتا ہے، بیشک اللہ ہر شے پر

قَدِيْرٌ (۱) مَا يَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ فَلَا مُمْسِكَ لَهَا ۚ وَمَا يُمْسِكْ ۙ

قَدِيْرٌ	مَا يَفْتَحِ	اللّٰهُ	لِلنَّاسِ	مِنْ رَّحْمَةٍ	فَلَا مُمْسِكَ	لَهَا	وَمَا يُمْسِكْ
قدرت رکھنے والا ہے	جو کھول دے	اللہ	لوگوں کے لئے	رحمت سے	تو بند کرنے والا نہیں	اس کا	اور جو وہ بند کر دے

قدرت رکھنے والا ہے۔ اللہ لوگوں کے لئے جو رحمت کھول دے تو (کوئی) اس کا بند کرنے والا نہیں، اور جو وہ بند کر دے

فَلَا مُرْسِلَ لَهٗ مِنْ بَعْدِهٖ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اذْكُرُوْا

فَلَا مُرْسِلَ	لَهٗ	مِنْ بَعْدِهٖ	وَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ	يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ	اذْكُرُوْا
تو کوئی بھیجنے والا نہیں	اس کا	اس کے بعد	اور وہ	غالب	حکمت والا	اے لوگو	تم یاد کرو

تو اس کے بعد کوئی اس کا بھیجنے والا نہیں، اور وہ غالب، حکمت والا ہے۔ اے لوگو! تم یاد کرو

نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ ؕ هَلْ مِنْ خَالِقٍ غَيْرُ اللّٰهِ يَرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَ

نِعْمَتَ اللّٰهِ	عَلَيْكُمْ	هَلْ	مِنْ خَالِقٍ	غَيْرُ اللّٰهِ	يَرْزُقُكُمْ	مِّنَ السَّمَآءِ	وَ
اللہ کی نعمت	اپنے اوپر	کیا	کوئی پیدا کرنے والا	اللہ کے سوا	وہ تمہیں رزق دیتا ہے	آسمانوں سے	اور

اپنے اوپر اللہ کی نعمت، کیا اللہ کے سوا کوئی پیدا کرنے والا ہے؟ وہ تمہیں آسمانوں سے رزق دیتا ہے، اور

الْاَرْضِ ؕ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۖ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿۳﴾ وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَتْ

الْاَرْضِ	لَاۤ	اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	فَاَنّٰى	تُؤْفَكُوْنَ	وَاِنْ	يُّكَذِّبُوْكَ	فَقَدْ كُذِّبَتْ
زمین	نہیں	کوئی معبود	اللہ کے سوا	تو کہاں	اُلٹے پھرے جاتے ہو تم	اور اگر	وہ تجھے جھٹلائیں	تو تحقیق جھٹلائے گئے

زمین سے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں تو کہاں تم اُلٹے پھرے جاتے ہو؟ اور اگر وہ تجھے جھٹلائیں تو تحقیق جھٹلائے گئے ہیں

رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۴﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ

رُسُلٌ	مِّنْ قَبْلِكَ	وَ	اِلَى اللّٰهِ	تُرْجَعُ	الْاُمُوْرُ	يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ	اِنَّ	وَعْدَ اللّٰهِ
رسول (جمع)	تم سے پہلے	اور	اللہ کی طرف	بازگشت	تمام کام	اے لوگو	بیشک	اللہ کا وعدہ

تم سے پہلے بھی رسول، اور تمام کاموں کی بازگشت (لوٹنا) اللہ کی طرف ہے۔ اے لوگو! بے شک اللہ کا وعدہ

حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ٚ وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ﴿۵﴾ اِنَّ الشَّيْطٰنَ

حَقٌّ	فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ	الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا	وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ	بِاللّٰهِ	الْغَرُوْرُ	اِنَّ الشَّيْطٰنَ
سچا	پس ہرگز تمہیں دھوکے میں نہ ڈال دے	دنیا کی زندگی	اور تمہیں دھوکے میں نہ ڈال دے	اللہ سے	دھوکہ باز	بے شک شیطان

سچا ہے، پس دنیا کی زندگی ہرگز تمہیں دھوکے میں نہ ڈال دے، اور دھوکے باز (شیطان) تمہیں اللہ سے ہرگز دھوکے میں نہ ڈال دے۔ بیشک شیطان

لَكُمْ عَدُوٌّ فَاتَّخِذُوْهُ عَدُوًّا ؕ اِنَّمَا يَدْعُوْا حِزْبَهٗ لِيَكُوْنُوْا مِنْ اَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ﴿۶﴾ ؕ

لَكُمْ	عَدُوٌّ	فَاتَّخِذُوْهُ	عَدُوًّا	اِنَّمَا يَدْعُوْا	حِزْبَهٗ	لِيَكُوْنُوْا	مِنْ	اَصْحٰبِ السَّعِيْرِ
تمہارا	دشمن	پس اسے سمجھو	دشمن	وہ تو بلاتا ہے	اپنے گروہ کو	تاکہ وہ ہوں	سے	جہنم والے

تمہارا دشمن ہے پس اسے دشمن (ہی) سمجھو، وہ تو اپنے گروہ کو بلاتا ہے تاکہ وہ جہنم والے ہوں۔

الَّذِينَ كَفَرُوا لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌ ۖ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ

الصّٰلحٰت	وعملوا	والذين امنوا	عذاب شديد	لهم	الذين كفروا
اچھے	اور انہوں نے عمل کئے	اور جو لوگ ایمان لائے	سخت عذاب	ان کے لئے	جن لوگوں نے کفر کیا

جن لوگوں نے کفر کیا ان کے لئے سخت عذاب ہے ، اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اچھے عمل کئے

١
ع ٧
١٣
لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ كَبِيرٌ ﴿٧﴾ أَفَمَن زُيِّنَ لَهُ سُوءُ عَمَلِهِ فَرَآهُ حَسَنًا ۖ

حسنا	فراه	سوء عمله	له	زين	افمن	كبير	واجر	مغفرة	لهم
اچھا	پھر اس نے دیکھا اسے	اس کا برا عمل	اسکے لئے	آراستہ کیا گیا	سو کیا جس	بڑا	اور اجر	بخشش	ان کے لئے

ان کے لئے بخشش اور بڑا اجر ہے ۔ سو کیا جس کے لئے اس کا برا عمل آراستہ کیا گیا، پھر اس نے اس کو اچھا دیکھا (سمجھا)، (کیا وہ نیکوکاروں جیسا ہو سکتا ہے)

فَإِنَّ اللَّهَ يُضِلُّ مَن يَشَاءُ وَيَهْدِي مَن يَشَاءُ ۖ فَلَا تَذْهَبْ نَفْسُكَ

نفسك	فلا تذهب	من يشاء	ويهدي	من يشاء	يضل	فان الله
تمہاری جان	پس نہ جاتی رہے	جس کو وہ چاہتا ہے	اور ہدایت دیتا ہے	جس کو وہ چاہتا ہے	گمراہ ٹھہراتا ہے	پس بیشک اللہ

پس بے شک جس کو اللہ چاہتا ہے گمراہ ٹھہراتا ہے اور جس کو چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے، پس تمہاری جان نہ جاتی رہے

عَلَيْهِمْ حَسَرَاتٍ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ بِمَا يَصْنَعُونَ ﴿٨﴾ وَاللَّهُ الَّذِي أَرْسَلَ

ارسل	الذي	والله	يصنعون	بما	عليم	ان الله	حسرت	عليهم
بھیجا	وہ جس	اور اللہ	وہ کرتے ہیں	اسے جو	جاننے والا	بیشک اللہ	حسرت کر کے	ان پر

ان پر حسرت کر کے ، بیشک جو وہ کرتے ہیں اللہ اسے جانتا ہے ۔ اور اللہ (وہی ہے) جس نے بھیجا

الرِّيَاحَ فَتُثِيرُ سَحَابًا فَسُقْنَاهُ إِلَىٰ بَلَدٍ مَّيِّتٍ فَأَحْيَيْنَا بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ

بعد موتها	الارض	به	فاحيينا	بلد ميت	الى	فسقنه	سحابا	فتثير	الريح
اس کے مرنے کے بعد	زمین	اس سے	پھر ہم نے زندہ کیا	مردہ شہر	طرف	پھر ہم اسے لے گئے	بادل	پھر وہ اٹھاتی ہیں	ہوائیں

ہواؤں کو، پھر وہ بادلوں کو اٹھاتی ہیں، پھر ہم اس (بادل) کو مردہ شہر کی طرف لے گئے، پھر ہم نے اس سے زمین کو اسکے مرنے (بنجر ہو جانے) کے بعد زندہ کیا،

كَذَٰلِكَ النُّشُورُ ﴿٩﴾ مَن كَانَ يُرِيدُ الْعِزَّةَ فَلِلَّهِ الْعِزَّةُ جَمِيعًا ۚ إِلَيْهِ يَصْعَدُ

يصعد	اليه	جميعا	العزة	فلله	العزة	كان يريد	من	النشور	كذلك
چڑھتا ہے	اس کی طرف	تمام تر	تو عزت	تو اللہ کے لئے	عزت	چاہتا ہے	جو کوئی	جی اٹھنا	اسی طرح

اسی طرح (مردوں کو روز حشر) جی اٹھنا ہے ۔ جو کوئی عزت چاہتا ہے تو تمام تر عزت اللہ کے لئے ہے ۔ اسی کی طرف چڑھتا ہے ،

الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهٗ ۭ وَالَّذِيْنَ يَمْكُرُوْنَ السَّيِّاٰتِ لَهُمْ

الْكَلِمُ الطَّيِّبُ	وَالْعَمَلُ	الصَّالِحُ	يَرْفَعُهٗ	وَالَّذِيْنَ	يَمْكُرُوْنَ	السَّيِّاٰتِ	لَهُمْ
کلام پاکیزہ	اور عمل	اچھا	وہ اس کو بلند کرتا ہے	اور جو لوگ	تدبیریں کرتے ہیں	بُری	ان کے لئے

پاکیزہ کلام، اور اچھے عمل کو (اللہ) بلند کرتا ہے، اور جو لوگ بُری تدبیریں کرتے ہیں، ان کے لئے

عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۭ وَمَكْرُ اُولٰۗىِٕكَ هُوَ يَبُوْرُ ۝۱۰ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ

عَذَابٌ شَدِيْدٌ	وَمَكْرُ	اُولٰۗىِٕكَ	هُوَ يَبُوْرُ	وَاللّٰهُ	خَلَقَكُمْ	مِّنْ تُرَابٍ	ثُمَّ
عذاب سخت	اور تدبیر	ان لوگوں	وہ اکارت جائے گی	اور اللہ	اسی نے پیدا کیا تمہیں	مٹی سے	پھر

سخت عذاب ہے، اور ان لوگوں کی تدبیر اکارت جائے گی۔ اور اللہ (ہی) نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا، پھر

مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ جَعَلَكُمْ اَزْوَاجًا ۭ وَمَا تَحْمِلُ مِنْ اُنْثٰى وَلَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلْمِهٖ ۭ

مِنْ نُّطْفَةٍ	ثُمَّ جَعَلَكُمْ	اَزْوَاجًا	وَمَا	تَحْمِلُ	مِنْ اُنْثٰى	وَلَا تَضَعُ	اِلَّا	بِعِلْمِهٖ
نطفہ سے	پھر تمہیں بنایا	جوڑے جوڑے	اور نہ	حاملہ ہوتی ہے	کوئی عورت	اور نہ وہ جنتی ہے	مگر	اسکے علم میں ہے

نطفہ سے، پھر تمہیں جوڑے جوڑے بنایا، اور نہ کوئی عورت حاملہ ہوتی ہے، اور نہ وہ جنتی ہے، مگر اس کے علم میں ہے،

وَمَا يُعَمَّرُ مِنْ مُّعَمَّرٍ وَّلَا يُنْقَصُ مِنْ عُمُرِهٖٓ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ ۭ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ

وَمَا	يُعَمَّرُ	مِنْ مُّعَمَّرٍ	وَّلَا يُنْقَصُ	مِنْ عُمُرِهٖٓ	اِلَّا	فِيْ كِتٰبٍ	اِنَّ	ذٰلِكَ	عَلَى اللّٰهِ
اور نہیں	عمر پاتا	کوئی بڑی عمر والا	اور نہ کمی کی جاتی ہے	اس کی عمر سے	مگر	کتاب میں	بیشک	یہ	اللہ پر

اور کوئی بڑی عمر والا عمر نہیں پاتا، اور نہ کسی کی عمر سے کمی کی جاتی ہے مگر (یہ سب) کتاب (لوح محفوظ) میں لکھا ہوا ہے۔ یہ بیشک اللہ پر

يَسِيْرٌ ۝۱۱ وَمَا يَسْتَوِي الْبَحْرٰنِ ڰ هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ سَاۗىِٕغٌ شَرَابُهٗ وَهٰذَا

يَسِيْرٌ	وَمَا يَسْتَوِي	الْبَحْرٰنِ	هٰذَا	عَذْبٌ فُرَاتٌ	سَاۗىِٕغٌ شَرَابُهٗ	وَهٰذَا
آسان	اور برابر نہیں	دونوں دریا	یہ	شیریں پیاس بجھانے والا	آسان اس کا پینا	اور یہ

آسان ہے۔ اور دونوں دریا برابر نہیں، یہ (ایک) شیریں ہے پیاس بجھانے والا، اس کا پینا بھی آسان ہے، اور یہ (دوسرا)

مِلْحٌ اُجَاجٌ ۭ وَمِنْ كُلٍّ تَاْكُلُوْنَ لَحْمًا طَرِيًّا وَّتَسْتَخْرِجُوْنَ حِلْيَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ

مِلْحٌ اُجَاجٌ	وَمِنْ كُلٍّ	تَاْكُلُوْنَ	لَحْمًا	طَرِيًّا	وَّتَسْتَخْرِجُوْنَ	حِلْيَةً	تَلْبَسُوْنَهَا
شور تلخ	اور ہر ایک سے	تم کھاتے ہو	گوشت	تازہ	اور تم نکالتے ہو	زیور	جس کو پہنتے ہو تم

شور تلخ ہے، اور ہر ایک سے تم تازہ گوشت کھاتے ہو، اور (ان میں سے) تم زیور (موتی) نکالتے ہو، جس کو تم پہنتے ہو،

وَتَرَى الْفُلْكَ فِيهِ مَوَاخِرَ لِتَبْتَغُوا مِنْ فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ﴿١٢﴾

وَتَرَى	الْفُلْكَ	فِيهِ	مَوَاخِرَ	لِتَبْتَغُوا	مِنْ فَضْلِهِ	وَلَعَلَّكُمْ	تَشْكُرُونَ
اور تُو دیکھتا ہے	کشتیاں	اس میں	چیرتی ہیں پانی کو	تاکہ تم تلاش کرو	اس کے فضل سے (روزی)	اور تاکہ تم	شکر کرو

اور تُو اس میں کشتیاں دیکھتا ہے کہ پانی کو چیرتی (ہوئی چلتی) ہیں، تاکہ تم اس کے فضل سے روزی تلاش کرو، اور تاکہ تم شکر کرو۔

يُولِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُولِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ

يُولِجُ الَّيْلَ	فِي النَّهَارِ	وَ	يُولِجُ النَّهَارَ	فِي الَّيْلِ	وَسَخَّرَ	الشَّمْسَ	وَالْقَمَرَ
وہ داخل کرتا ہے رات	دن میں	اور	داخل کرتا ہے دن کو	رات میں	اور اس نے مسخر کیا	سورج	اور چاند

اور رات کو دن میں داخل کرتا ہے، اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے، اور اس نے سورج اور چاند کو مسخر کیا،

كُلٌّ يَجْرِي لِأَجَلٍ مُسَمًّى ذَٰلِكُمُ اللَّهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ وَالَّذِينَ

كُلٌّ يَجْرِي	لِأَجَلٍ	مُسَمًّى	ذَٰلِكُمُ اللَّهُ	رَبُّكُمْ	لَهُ الْمُلْكُ	وَالَّذِينَ
ہر ایک چلتا ہے	ایک وقت	مقررہ	یہی ہے اللہ	تمہارا پروردگار	اس کے لئے بادشاہت	اور جن کو

ہر ایک مقررہ وقت تک چلتا ہے، یہی تمہارا پروردگار ہے، اسی کے لئے بادشاہت ہے، اور جن کو

تَدْعُونَ مِنْ دُونِهِ مَا يَمْلِكُونَ مِنْ قِطْمِيرٍ ﴿١٣﴾ إِنْ تَدْعُوهُمْ لَا يَسْمَعُوا

تَدْعُونَ	مِنْ دُونِهِ	مَا يَمْلِكُونَ	مِنْ قِطْمِيرٍ	إِنْ	تَدْعُوهُمْ	لَا يَسْمَعُوا
تم پکارتے ہو	اس کے سوا	وہ مالک نہیں	کھجور کی گٹھلی کا چھلکا	اگر	تم ان کو پکارو	وہ نہیں سنیں گے

۲ تم اس کے سوا پکارتے ہو، وہ کھجور کی گٹھلی کے چھلکے (کے برابر بھی) مالک نہیں۔ اور تم ان کو پکارو تو وہ نہیں سنیں گے

ع۷ ۱۴ دُعَاءَكُمْ وَلَوْ سَمِعُوا مَا اسْتَجَابُوا لَكُمْ وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ يَكْفُرُونَ بِشِرْكِكُمْ

دُعَاءَكُمْ	وَ	لَوْ	سَمِعُوا	مَا اسْتَجَابُوا	لَكُمْ	وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ	يَكْفُرُونَ	بِشِرْكِكُمْ
تمہاری پکار	اور	اگر	وہ سن لیں	وہ حاجت پوری نہ کر سکیں گے	تمہاری	اور روزِ قیامت	وہ انکار کریں گے	تمہارے شرک کرنے کا

تمہاری پکار، اور اگر وہ سُن بھی لیں تو تمہاری حاجت پوری نہ کر سکیں گے، اور وہ روزِ قیامت تمہارے شرک کرنے کا انکار کریں گے،

وَلَا يُنَبِّئُكَ مِثْلُ خَبِيرٍ ﴿١٤﴾ يَا أَيُّهَا النَّاسُ أَنْتُمُ الْفُقَرَاءُ إِلَى اللَّهِ وَاللَّهُ

وَلَا يُنَبِّئُكَ	مِثْلُ	خَبِيرٍ	يَا أَيُّهَا النَّاسُ	أَنْتُمُ	الْفُقَرَاءُ	إِلَى اللَّهِ	وَاللَّهُ
اور تجھ کو خبر نہ دے گا	مانند	خبر دینے والا	اے لوگو	تم	محتاج	اللہ کے	اور اللہ

اور تجھ کو خبر دینے والے (اللہ) کی مانند کوئی خبر نہ دے گا۔ اے لوگو! تم اللہ کے محتاج ہو، اور اللہ

هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيدُ ﴿۱۵﴾ إِنْ يَشَأْ يُذْهِبْكُمْ وَيَأْتِ بِخَلْقٍ جَدِيدٍ ﴿۱۶﴾ وَمَا ذٰلِكَ

هُوَ	الْغَنِيُّ	الْحَمِيدُ	إِنْ يَشَأْ	يُذْهِبْكُمْ	وَيَأْتِ	بِخَلْقٍ جَدِيدٍ	وَمَا	ذٰلِكَ
وہ	بے نیاز	سزاوارِ حمد	اگروہ چاہے	تمہیں لے جائے	اور لے آئے	نئی خلقت	اور نہیں	یہ

بے نیاز سزاوارِ حمد وثنا ہے۔ اگروہ چاہے تم (سب) کو لے جائے (نابود کردے) اور نئی خلقت لے آئے۔ اور یہ نہیں ہے

عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيزٍ ﴿۱۷﴾ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرٰى ۚ وَإِنْ تَدْعُ مُثْقَلَةٌ إِلٰى حِمْلِهَا

عَلَى اللّٰهِ	بِعَزِيزٍ	وَلَا تَزِرُ	وَازِرَةٌ	وِزْرَ أُخْرٰى	وَإِنْ	تَدْعُ	مُثْقَلَةٌ	إِلٰى حِمْلِهَا
اللہ پر	دشوار	اور نہیں اٹھائے گا	کوئی اٹھانے والا	بوجھ دوسرے کا	اور اگر	بلائے	کوئی بوجھ سے لدا ہوا	طرف، لئے اپنا بوجھ

اللہ پر (کچھ) دشوار۔ اور کوئی اٹھانے والا کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا، اور اگر کوئی بوجھ سے لدا ہوا (گنہگار کسی کو) اپنا بوجھ (اٹھانے) کے لئے بلائے

لَا يُحْمَلْ مِنْهُ شَيْءٌ وَّلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ۗ إِنَّمَا تُنْذِرُ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ

لَا يُحْمَلْ	مِنْهُ	شَيْءٌ	وَلَوْ كَانَ	ذَا قُرْبٰى	إِنَّمَا	تُنْذِرُ	الَّذِينَ	يَخْشَوْنَ	رَبَّهُمْ
نہ اٹھائے گا وہ	اس سے	کچھ	خواہ ہوں	قرابت دار	اس کے سوا نہیں (صرف)	آپ ڈراتے ہیں	وہ لوگ جو	ڈرتے ہیں	اپنا رب

تو وہ اس سے کچھ نہ اٹھائے گا، خواہ اس کے قرابت دار ہوں، آپ تو صرف ان کو ڈراتے (نصیحت کرسکتے ہیں) جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں

بِالْغَيْبِ وَأَقَامُوا الصَّلٰوةَ ۚ وَمَنْ تَزَكّٰى فَإِنَّمَا يَتَزَكّٰى لِنَفْسِهٖ ۚ وَإِلَى اللّٰهِ

بِالْغَيْبِ	وَأَقَامُوا	الصَّلٰوةَ	وَمَنْ	تَزَكّٰى	فَإِنَّمَا	يَتَزَكّٰى	لِنَفْسِهٖ	وَإِلَى اللّٰهِ
بن دیکھے	اور قائم رکھتے ہیں	نماز	اور جو	پاک ہوتا ہے	تو صرف	وہ پاک صاف ہوتا ہے	خود اپنے لئے	اور اللہ کی طرف

بن دیکھے اور نماز قائم رکھتے ہیں، اور جو پاک ہوتا ہے وہ صرف اپنے لئے پاک صاف ہوتا ہے، اور اللہ کی طرف ہی

الْمَصِيرُ ﴿۱۸﴾ وَمَا يَسْتَوِي الْأَعْمٰى وَالْبَصِيرُ ﴿۱۹﴾ وَلَا الظُّلُمٰتُ وَلَا النُّورُ ﴿۲۰﴾

الْمَصِيرُ	وَمَا يَسْتَوِي	الْأَعْمٰى	وَالْبَصِيرُ	وَلَا الظُّلُمٰتُ	وَلَا النُّورُ
لوٹ کر جانا	اور برابر نہیں	اندھا	اور آنکھوں والا	اور نہ اندھیرے	اور نہ روشنی

لوٹ کر جانا ہے۔ اور برابر نہیں اندھا اور آنکھوں والا، اور نہ اندھیرے اور نہ روشنی (برابر ہیں)۔

وَلَا الظِّلُّ وَلَا الْحَرُورُ ﴿۲۱﴾ وَمَا يَسْتَوِي الْأَحْيَاءُ وَلَا الْأَمْوَاتُ ۚ إِنَّ اللّٰهَ

وَلَا الظِّلُّ	وَلَا الْحَرُورُ	وَمَا يَسْتَوِي	الْأَحْيَاءُ	وَلَا	الْأَمْوَاتُ	إِنَّ اللّٰهَ
اور نہ سایہ	اور نہ جھلستی ہوا	اور نہیں برابر	زندے	اور نہ	مردے	بیشک اللہ

اور نہ سایہ اور نہ جھلستی ہوا۔ اور برابر نہیں زندے (عالم) اور نہ مردے (جاہل) بیشک اللہ

يُسْمِعُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَآ اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِى الْقُبُوْرِ ﴿۲۲﴾ اِنْ اَنْتَ اِلَّا نَذِيْرٌ ﴿۲۳﴾

يُسْمِعُ	مَنْ يَّشَآءُ	وَمَآ اَنْتَ	بِمُسْمِعٍ	مَنْ	فِى الْقُبُوْرِ	اِنْ اَنْتَ	اِلَّا	نَذِيْرٌ
سُنا دیتا ہے	جس کو وہ چاہتا ہے	اور تم نہیں	سنانے والے	جو	قبروں میں	تم نہیں	مگر صرف	ڈرانے والے

جس کو چاہتا ہے سُنا دیتا ہے' اور تم (اُن کو) سُنانے والے نہیں جو قبروں میں ہیں۔ بلکہ تم صرف ڈرانے والے ہو۔

اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۭ وَاِنْ مِّنْ اُمَّةٍ اِلَّا خَلَا فِيْهَا نَذِيْرٌ ﴿۲۴﴾

اِنَّآ	اَرْسَلْنٰكَ	بِالْحَقِّ	بَشِيْرًا	وَّنَذِيْرًا	وَاِنْ	مِنْ اُمَّةٍ	اِلَّا خَلَا	فِيْهَا	نَذِيْرٌ
بیشک ہم	ہم نے آپ کو بھیجا	حق کے ساتھ	خوشخبری دینے والا	اور ڈر سنانے والا	اور نہیں	کوئی امّت	مگر گزرا	اس میں	کوئی ڈرانے والا

بیشک ہم نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا، خوشخبری دینے والا اور ڈر سنانے والا' اور کوئی امّت نہیں جس میں کوئی ڈرانے والا نہ گزرا ہو۔

وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ

وَاِنْ	يُّكَذِّبُوْكَ	فَقَدْ كَذَّبَ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	جَآءَتْهُمْ	رُسُلُهُمْ
اور اگر	وہ تمہیں جھٹلائیں	تو تحقیق جھٹلایا	وہ لوگ جو	ان سے اگلے	آئے ان کے پاس	ان کے رسول

اور اگر وہ تمہیں جھٹلائیں، تو تحقیق ان کے اگلے لوگوں نے بھی جھٹلایا، ان کے پاس ان کے رسول آئے،

بِالْبَيِّنٰتِ وَبِالزُّبُرِ وَبِالْكِتٰبِ الْمُنِيْرِ ﴿۲۵﴾ ثُمَّ اَخَذْتُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَكَيْفَ

بِالْبَيِّنٰتِ	وَبِالزُّبُرِ	وَبِالْكِتٰبِ	الْمُنِيْرِ	ثُمَّ	اَخَذْتُ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	فَكَيْفَ
روشن دلائل کے ساتھ	اور صحیفوں کے ساتھ	اور کتابوں کے ساتھ	روشن	پھر	میں نے پکڑا	وہ جنہوں نے کفر کیا	پھر کیسا

۳ روشن دلائل (نشانات) اور صحیفوں اور روشن کتابوں کے ساتھ۔ پھر جن لوگوں نے کفر کیا میں نے اُنہیں پکڑا، پھر کیسا

ع۱۴ كَانَ نَكِيْرِ ﴿۲۶﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ ثَمَرٰتٍ

كَانَ	نَكِيْرِ	اَلَمْ تَرَ	اَنَّ اللّٰهَ	اَنْزَلَ	مِنَ السَّمَآءِ	مَآءً	فَاَخْرَجْنَا	بِهٖ	ثَمَرٰتٍ
ہوا	میرا عذاب	کیا تو نے نہیں دیکھا	بیشک اللہ	اُتارا	آسمان سے	پانی	پھر ہم نے نکالے	اس سے	پھل (جمع)

۱۵ ہوا میرا عذاب؟ کیا تو نے نہیں دیکھا؟ بےشک اللہ نے آسمان سے پانی اتارا، پھر ہم نے اس سے پھل نکالے،

مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهَا ۭ وَمِنَ الْجِبَالِ جُدَدٌۢ بِيْضٌ وَّحُمْرٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهَا

مُّخْتَلِفًا	اَلْوَانُهَا	وَ	مِنَ الْجِبَالِ	جُدَدٌۢ بِيْضٌ	وَّحُمْرٌ	مُّخْتَلِفٌ	اَلْوَانُهَا
مختلف	ان کے رنگ	اور	پہاڑوں سے ہیں	راستے سفید	اور سُرخ	مختلف	ان کے رنگ

ان کے رنگ مختلف ہیں، اور پہاڑوں میں راستے (دکھائی دیتے ہیں)، ہیں سفید اور سُرخ، ان کے رنگ مختلف ہیں،

وَغَرَابِيْبُ سُوْدٌ ﴿۲۷﴾ وَمِنَ النَّاسِ وَالدَّوَآبِّ وَالْاَنْعَامِ مُخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ كَذٰلِكَ ؕ

وَغَرَابِيْبُ	سُوْدٌ	وَمِنَ النَّاسِ	وَالدَّوَآبِّ	وَالْاَنْعَامِ	مُخْتَلِفٌ	اَلْوَانُهٗ	كَذٰلِكَ
گہرے رنگ	سیاہ	اور لوگوں سے۔ میں	اور جانور (جمع)	اور چوپائے	مختلف	ان کے رنگ	اسی طرح

اور (دیکھو) گہرے سیاہ رنگ کے۔ اور اسی طرح لوگوں میں، اور جانوروں اور چوپایوں میں، ان کے رنگ مختلف ہیں،

اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ غَفُوْرٌ ﴿۲۸﴾ اِنَّ

اِنَّمَا	يَخْشَى	اللّٰهَ	مِنْ	عِبَادِهِ	الْعُلَمٰٓؤُا	اِنَّ اللّٰهَ	عَزِيْزٌ	غَفُوْرٌ	اِنَّ
اس کے سوا نہیں	ڈرتے ہیں	اللہ	سے	اسکے بندے	علم والے	بےشک اللہ	غالب	بخشنے والا	بیشک

اس کے سوا نہیں کہ اللہ سے اس کے علم والے بندے ہی، ڈرتے ہیں، بیشک اللہ غالب، بخشنے والا ہے ۔ بیشک

الَّذِيْنَ يَتْلُوْنَ كِتٰبَ اللّٰهِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّ

الَّذِيْنَ	يَتْلُوْنَ	كِتٰبَ اللّٰهِ	وَاَقَامُوا	الصَّلٰوةَ	وَاَنْفَقُوْا	مِمَّا	رَزَقْنٰهُمْ	سِرًّا	وَ
وہ لوگ	جو پڑھتے ہیں	اللہ کی کتاب	اور قائم رکھتے ہیں	نماز	اور خرچ کرتے ہیں	اس سے جو	ہم نے انہیں دیا	پوشیدہ	اور

جو لوگ اللہ کی کتاب پڑھتے ہیں، اور نماز قائم رکھتے ہیں، اور جو ہم نے انہیں دیا اس میں سے خرچ کرتے ہیں پوشیدہ اور

عَلَانِيَةً يَّرْجُوْنَ تِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ ﴿۲۹﴾ لِيُوَفِّيَهُمْ اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدَهُمْ

عَلَانِيَةً	يَرْجُوْنَ	تِجَارَةً	لَنْ تَبُوْرَ	لِيُوَفِّيَهُمْ	اُجُوْرَهُمْ	وَيَزِيْدَهُمْ
ظاہر	وہ امید رکھتے ہیں	ایسی تجارت	ہرگز گھاٹا نہیں	تاکہ وہ پورے پورے دے	ان کے اجر	اور انہیں زیادہ دے

ظاہر، وہ ایسی تجارت کے امیدوار ہیں (جس میں، ہرگز گھاٹا نہیں" تاکہ اللہ انہیں ان کے اجر (وثواب) پورے پورے دے اور انہیں (اور) زیادہ دے

مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّهٗ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ﴿۳۰﴾ وَالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ هُوَ

مِنْ فَضْلِهٖ	اِنَّهٗ	غَفُوْرٌ	شَكُوْرٌ	وَالَّذِيْٓ	اَوْحَيْنَآ	اِلَيْكَ	مِنَ الْكِتٰبِ	هُوَ
اپنے فضل سے	بیشک وہ	بخشنے والا	قدردان	اور وہ جو	ہم نے وحی بھیجی ہے	تمہاری طرف	کتاب	وہ

اپنے فضل سے، بیشک وہ بخشنے والا، قدردان ہے ۔ اور وہ جو ہم نے تمہاری طرف کتاب بھیجی ہے ، وہ

الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِعِبَادِهٖ لَخَبِيْرٌۢ بَصِيْرٌ ﴿۳۱﴾

الْحَقُّ	مُصَدِّقًا	لِمَا	بَيْنَ يَدَيْهِ	اِنَّ اللّٰهَ	بِعِبَادِهٖ	لَخَبِيْرٌ	بَصِيْرٌ
حق	تصدیق کرنے والی	اس کی جو	ان کے پاس	بیشک اللہ	اپنے بندوں سے	البتہ خبردار	دیکھنے والا

حق ہے، اس کی تصدیق کرنے والی ہے جو ان کے پاس ہے، بیشک اللہ اپنے بندوں سے خبردار ہے، دیکھنے والا ہے۔

ثُمَّ اَوْرَثْنَا الْكِتٰبَ الَّذِيْنَ اصْطَفَيْنَا مِنْ عِبَادِنَا ۚ فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ

ثُمَّ	اَوْرَثْنَا	الْكِتٰبَ	الَّذِيْنَ	اصْطَفَيْنَا	مِنْ	عِبَادِنَا	فَمِنْهُمْ	ظَالِمٌ	لِّنَفْسِهٖ
پھر	ہم نے وارث بنایا	کتاب	وہ جنہیں	ہم نے چنا	سے۔کو	اپنے بندے	پس ان سے (کوئی)	ظلم کرنے والا	اپنی جان پر

پھر ہم نے اپنے چنے ہوئے بندوں کو کتاب کا وارث بنایا ، پس ان میں سے کوئی اپنی جان پر ظلم کرنے والا ہے،

وَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ ۚ وَمِنْهُمْ سَابِقٌۢ بِالْخَيْرٰتِ بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُوَ

وَ	مِنْهُمْ	مُّقْتَصِدٌ	وَمِنْهُمْ	سَابِقٌۢ	بِالْخَيْرٰتِ	بِاِذْنِ اللّٰهِ	ذٰلِكَ	هُوَ
اور	ان سے (کوئی)	میانہ رَو	اور ان سے (کوئی)	سبقت لیجانے والا	نیکیوں میں	حکم سے اللہ کے	یہ	وہ (یہی)

اور ان میں سے کوئی میانہ رَو ہے، اور ان میں سے کوئی اللہ کے حکم سے نیکیوں میں سبقت لے جانے والا ہے، یہی ہے

الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ ؕ﴿۳۲﴾ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ

الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ	جَنّٰتُ عَدْنٍ	يَّدْخُلُوْنَهَا	يُحَلَّوْنَ	فِيْهَا	مِنْ	اَسَاوِرَ
فضل بڑا	باغات ہمیشگی کے	اور ان میں داخل ہوں گے	وہ زیور پہنائے جائیں گے	ان میں	سے۔کا	کنگن (جمع)

بڑا فضل ۔ ہمیشگی کے باغات ہیں، جن میں وہ داخل ہوں گے، ان میں کنگنوں کے زیور پہنائے جائیں گے

مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ۚ وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ ﴿۳۳﴾ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْۤ

مِنْ	ذَهَبٍ	وَلُؤْلُؤًا	وَلِبَاسُهُمْ	فِيْهَا	حَرِيْرٌ	وَقَالُوا	الْحَمْدُ	لِلّٰهِ	الَّذِيْ
سے	سونا	اور موتی	اور ان کا لباس	اس میں	ریشم	اور وہ کہیں گے	تمام تعریفیں	اللہ کیلئے	وہ جس نے

سونے اور موتی کے، اور ان میں ان کا لباس ریشم کا ہو گا ۔ اور وہ کہیں گے تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں، جس نے

اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ ؕ اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرُ ﴿۳۴﴾ الَّذِيْۤ اَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَةِ

اَذْهَبَ	عَنَّا	الْحَزَنَ	اِنَّ	رَبَّنَا	لَغَفُوْرٌ	شَكُوْرٌ	الَّذِيْ	اَحَلَّنَا	دَارَ الْمُقَامَةِ
دُور کر دیا	ہم سے	غم	بیشک	ہمارا رب	البتہ بخشنے والا	قدردان	وہ جس	ہمیں اتارا	ہمیشہ رہنے کا گھر

ہم سے غم دُور کر دیا ، بیشک ہمارا رب بخشنے والا ہے ، قدردان ہے ۔ وہ جس نے ہمیں ہمیشہ رہنے کے گھر میں اتارا

مِنْ فَضْلِهٖ ۚ لَا يَمَسُّنَا فِيْهَا نَصَبٌ وَّلَا يَمَسُّنَا فِيْهَا لُغُوْبٌ ﴿۳۵﴾ وَالَّذِيْنَ

مِنْ	فَضْلِهٖ	لَا يَمَسُّنَا	فِيْهَا	نَصَبٌ	وَلَا يَمَسُّنَا	فِيْهَا	لُغُوْبٌ	وَ	الَّذِيْنَ
سے	اپنا فضل	نہ ہمیں چھوئے (پہنچے)	اس میں	کوئی تکلیف	اور نہ ہمیں چھوئے	اس میں	تھکاوٹ	اور	وہ جن لوگوں نے

اپنے فضل سے ، نہ اس میں ہمیں کوئی تکلیف پہنچے ، اور نہ ہمیں اس میں کوئی تھکاوٹ چھوئے ۔ اور جن لوگوں نے

كَفَرُوا لَهُمْ نَارُ جَهَنَّمَ ۚ لَا يُقْضَىٰ عَلَيْهِمْ فَيَمُوتُوا وَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُم

كَفَرُوا	لَهُمْ	نَارُ جَهَنَّمَ	لَا يُقْضَىٰ	عَلَيْهِمْ	فَيَمُوتُوا	وَلَا يُخَفَّفُ	عَنْهُم
کفر کیا انہوں نے	ان کے لئے	جہنم کی آگ	نہ قضا آئے گی	ان پر	کہ وہ مر جائیں	اور نہ ہلکا کیا جائے گا	ان سے

کفر کیا ان کے لئے جہنم کی آگ ہے، نہ ان پر قضا آئے گی کہ وہ مر جائیں اور نہ ان سے ہلکا کیا جائے گا

مِّنْ عَذَابِهَا ۚ كَذَٰلِكَ نَجْزِي كُلَّ كَفُورٍ ﴿٣٦﴾ وَهُمْ يَصْطَرِخُونَ فِيهَا رَبَّنَا

مِنْ	عَذَابِهَا	كَذَٰلِكَ	نَجْزِي	كُلَّ	كَفُورٍ	وَهُمْ	يَصْطَرِخُونَ	فِيهَا	رَبَّنَا
سے۔ کچھ	دوزخ کا عذاب	اسی طرح	ہم سزا دیتے ہیں	ہر ناشکرے		اور وہ	چلائیں گے	دوزخ میں	اے ہمارے پروردگار

دوزخ کا کچھ عذاب، اسی طرح ہم ہر ناشکرے کو سزا دیتے ہیں۔ اور وہ دوزخ کے اندر چلائے جائیں گے، تو اے ہمارے پروردگار!

أَخْرِجْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا غَيْرَ الَّذِي كُنَّا نَعْمَلُ ۚ أَوَلَمْ نُعَمِّرْكُم مَّا يَتَذَكَّرُ

أَخْرِجْنَا	نَعْمَلْ	صَالِحًا	غَيْرَ	الَّذِي	كُنَّا نَعْمَلُ	أَوَ	لَمْ نُعَمِّرْكُم	مَا يَتَذَكَّرُ
ہمیں نکال لے	ہم عمل کریں	نیک	برعکس	اس کے جو	ہم کرتے تھے	کیا	ہم نے تمہیں عمر نہ دی تھی	کہ نصیحت پکڑ لیتا

ہمیں (یہاں سے) نکال لے کہ ہم نیک عمل کریں، اس کے برعکس جو ہم کرتے تھے، کیا ہم نے تمہیں (اتنی) عمر نہ دی تھی کہ نصیحت پکڑ لیتا

فِيهِ مَن تَذَكَّرَ وَجَاءَكُمُ النَّذِيرُ ۖ فَذُوقُوا فَمَا لِلظَّالِمِينَ مِن نَّصِيرٍ ﴿٣٧﴾ ۴ ع ۱۱ ۱۶

فِيهِ	مَنْ	تَذَكَّرَ	وَجَاءَكُمُ	النَّذِيرُ	فَذُوقُوا	فَمَا	لِلظَّالِمِينَ	مِنْ نَّصِيرٍ
اس میں	جو جس	نصیحت پکڑتا	اور آیا تمہارے پاس	ڈرانے والا	سو چکھو	پس نہیں	ظالموں کے لئے	کوئی مددگار

اس میں جسے نصیحت پکڑنی ہوتی، اور تمہارے پاس ڈرانے والا (بھی) آیا، سو (اب انکار کا مزہ) چکھو، ظالموں کے لئے کوئی مددگار نہیں۔

إِنَّ اللَّهَ عَالِمُ غَيْبِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ﴿٣٨﴾

إِنَّ اللَّهَ	عَالِمُ	غَيْبِ السَّمَاوَاتِ	وَالْأَرْضِ	إِنَّهُ	عَلِيمٌ	بِذَاتِ الصُّدُورِ
بے شک اللہ	جاننے والا	پوشیدہ باتیں آسمانوں کی	اور زمین	بیشک وہ	باخبر	سینوں (دلوں) کے بھید

بے شک اللہ آسمانوں اور زمین کی پوشیدہ باتیں جاننے والا ہے، بیشک وہ ان کے سینوں کے بھیدوں سے باخبر ہے۔

هُوَ الَّذِي جَعَلَكُمْ خَلَائِفَ فِي الْأَرْضِ ۚ فَمَن كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهُ ۖ وَ

هُوَ	الَّذِي	جَعَلَكُمْ	خَلَائِفَ	فِي الْأَرْضِ	فَمَن كَفَرَ	فَعَلَيْهِ	كُفْرُهُ	وَ
وہی	جس نے	تمہیں بنایا	جانشین	زمین میں	سو جس نے کفر کیا	تو اسی پر	اس کا کفر	اور

وہی ہے جس نے تمہیں زمین میں جانشین بنایا، سو جس نے کفر کیا تو اسی پر ہے اس کے کفر (کا وبال)، اور

لَا يَزِيدُ الْكٰفِرِينَ كُفْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ إِلَّا مَقْتًا ۚ وَلَا يَزِيدُ الْكٰفِرِينَ

لَا يَزِيدُ	الْكٰفِرِينَ	كُفْرُهُمْ	عِنْدَ	رَبِّهِمْ	إِلَّا	مَقْتًا	وَلَا يَزِيدُ	الْكٰفِرِينَ
نہیں بڑھاتا	کافر (جمع)	ان کا کفر	نزدیک	ان کا رب	سوائے	ناراضی (غضب)	اور نہیں بڑھاتا	کافر (جمع)

اور کافروں کو ان کے رب کے نزدیک ان کا کفر غضب کے سوا کچھ نہیں بڑھاتا، اور کافروں کو نہیں بڑھاتا

كُفْرُهُمْ إِلَّا خَسَارًا ﴿٣٩﴾ قُلْ أَرَءَيْتُمْ شُرَكَآءَكُمُ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللّٰهِ ۭ

كُفْرُهُمْ	إِلَّا	خَسَارًا	قُلْ	أَرَءَيْتُمْ	شُرَكَآءَكُمُ	الَّذِينَ	تَدْعُونَ	مِنْ دُونِ اللّٰهِ
ان کا کفر	سوائے	خسارہ	فرمادیں	کیا تم نے دیکھا	اپنے شریک	وہ جنہیں	تم پکارتے ہو	اللہ کے سوا

ان کا کفر خسارے کے سوا۔ آپؐ فرمادیں کیا تم نے اپنے شریکوں کو دیکھا جنہیں تم اللہ کے سوا پکارتے ہو

أَرُونِي مَاذَا خَلَقُوا مِنَ الْأَرْضِ أَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمٰوٰتِ ۚ أَمْ

أَرُونِي	مَاذَا	خَلَقُوا	مِنَ	الْأَرْضِ	أَمْ	لَهُمْ	شِرْكٌ	فِي السَّمٰوٰتِ	أَمْ
تم مجھے دکھاؤ	کیا	انہوں نے پیدا کیا	سے	زمین	یا	ان کے لئے	ساجھا	آسمانوں میں	یا

تم مجھے دکھاؤ انہوں نے زمین سے کیا پیدا کیا ہے؟ یا آسمانوں (کے بنانے میں) ان کا کیا ساجھا ہے ؟ یا

آتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا فَهُمْ عَلٰى بَيِّنَتٍ مِّنْهُ ۚ بَلْ إِنْ يَّعِدُ الظّٰلِمُونَ بَعْضُهُمْ

آتَيْنٰهُمْ	كِتٰبًا	فَهُمْ	عَلٰى بَيِّنَتٍ	مِّنْهُ	بَلْ	إِنْ	يَعِدُ	الظّٰلِمُونَ	بَعْضُهُمْ
ہم نے دی انہیں	کوئی کتاب	پس (کہ) وہ	دلیل (سند) پر	اس سے ۔ کی	بلکہ	نہیں	وعدہ کرتے	ظالم (جمع)	ان کے بعض (ایک)

ہم نے انہیں کوئی کتاب دی ہے کہ وہ اس کی سند پر ہوں (سند رکھتے ہوں) بلکہ ظالم ایک دوسرے سے وعدہ نہیں کرتے

بَعْضًا إِلَّا غُرُورًا ﴿٤٠﴾ إِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ أَنْ تَزُولَا ۚ

بَعْضًا	إِلَّا	غُرُورًا	إِنَّ	اللّٰهَ	يُمْسِكُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْأَرْضَ	أَنْ	تَزُولَا
بعض (دوسرے) سے	سوائے	دھوکہ	بیشک	اللہ	تھام رکھا ہے	آسمان (جمع)	اور زمین	کہ	ٹل جائیں

دھوکے کے سوا۔ بے شک اللہ نے تھام رکھا ہے آسمانوں کو اور زمین کو کہ وہ ٹل (نہ) جائیں،

وَلَئِنْ زَالَتَآ إِنْ أَمْسَكَهُمَا مِنْ أَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ ۭ إِنَّهٗ كَانَ حَلِيمًا غَفُورًا ﴿٤١﴾

وَلَئِنْ	زَالَتَا	إِنْ	أَمْسَكَهُمَا	مِنْ أَحَدٍ	مِّنْ بَعْدِهٖ	إِنَّهٗ	كَانَ	حَلِيمًا	غَفُورًا
اور اگر وہ	ٹل جائیں	نہ	تھامے گا انہیں	کوئی بھی	اس کے بعد	بیشک وہ	ہے	بُردبار	بخشنے والا

اور اگر وہ ٹل جائیں تو انہیں اس کے بعد کوئی بھی نہیں تھامے گا، بیشک وہ بُردبار، بخشنے والا ہے۔

وَ اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ جَآءَهُمْ نَذِيْرٌ لَّيَكُوْنُنَّ اَهْدٰى

وَ اَقْسَمُوْا	بِاللّٰهِ	جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ	لَئِنْ	جَآءَهُمْ	نَذِيْرٌ	لَّيَكُوْنُنَّ	اَهْدٰى
اور انہوں نے قسم کھائی	اللہ کی	اپنی سخت قسمیں	اگر	ان کے پاس آئے	کوئی ڈرانے والا	البتہ وہ ضرور ہوں گے	زیادہ ہدایت پانیوالے

اور انہوں نے (مشرکین مکہ نے) اللہ کی بڑی سخت قسمیں کھائیں کہ اگر انکے پاس کوئی ڈرانے والا آئے وہ ضرور زیادہ ہدایت پانے والے ہونگے

مِنْ اِحْدَى الْاُمَمِ ۚ فَلَمَّا جَآءَهُمْ نَذِيْرٌ مَّا زَادَهُمْ اِلَّا نُفُوْرًا ﴿۴۲﴾

مِنْ اِحْدَى	الْاُمَمِ	فَلَمَّا	جَآءَهُمْ	نَذِيْرٌ	مَا زَادَهُمْ	اِلَّا	نُفُوْرًا
ہرایک سے	امت (جمع)	پھر جب	ان کے پاس آیا	ایک نذیر	نہ ان (میں) زیادہ ہوا	مگر سوائے	بدکنا

(دنیا کی)، ہر ایک امت سے (بڑھ کر) پھر جب ان کے پاس ایک نذیر آیا تو ان میں بدکنے کے سوا (اور کچھ) زیادہ نہ ہوا۔

اِسْتِكْبَارًا فِى الْاَرْضِ وَ مَكْرَ السَّيِّئِ ۚ وَ لَا يَحِيْقُ الْمَكْرُ السَّيِّئُ اِلَّا بِاَهْلِهٖ ۚ

اِسْتِكْبَارًا	فِى الْاَرْضِ	وَ مَكْرَ	السَّيِّئِ	وَ لَا يَحِيْقُ	الْمَكْرُ	السَّيِّئُ	اِلَّا	بِاَهْلِهٖ
اپنے کو بڑا سمجھنے کے سبب	زمین (دنیا) میں	اور چال	بری	اور نہیں اٹھتا (الٹا پڑتا)	چال	بری	صرف	اسکے کرنیوالے پر

دنیا میں اپنے آپ کو بڑا سمجھنے کے سبب اور بری چال (کے سبب)، اور بری چال (کا وبال) صرف اس کے کرنے والے پر پڑتا ہے

فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا سُنَّتَ الْاَوَّلِيْنَ ۚ فَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ۚ

فَهَلْ	يَنْظُرُوْنَ	اِلَّا	سُنَّتَ	الْاَوَّلِيْنَ	فَلَنْ تَجِدَ	لِسُنَّتِ اللّٰهِ	تَبْدِيْلًا
تو کیا	وہ انتظار کر رہے ہیں	مگر صرف	دستور	پہلے	سو تم ہرگز نہ پاؤ گے	اللہ کے دستور میں	کوئی تبدیلی

تو کیا وہ صرف پہلوں کے دستور کا انتظار کر رہے ہیں! سو تم اللہ کے دستور میں ہرگز کوئی تبدیلی نہ پاؤ گے،

وَ لَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَحْوِيْلًا ﴿۴۳﴾ اَوَ لَمْ يَسِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا

وَ لَنْ تَجِدَ	لِسُنَّتِ اللّٰهِ	تَحْوِيْلًا	اَوَ	لَمْ يَسِيْرُوْا	فِى الْاَرْضِ	فَيَنْظُرُوْا
اور تم ہرگز نہ پاؤ گے	اللہ کے دستور میں	کوئی تغیر	کیا	وہ چلے پھرے نہیں	زمین (دنیا) میں	سو وہ دیکھتے

اور تم اللہ کے دستور میں ہرگز کوئی تغیر نہ پاؤ گے۔ کیا وہ دنیا میں چلے پھرے نہیں کہ وہ دیکھتے

كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَ كَانُوْا اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً ۚ

كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	وَ كَانُوْا	اَشَدَّ	مِنْهُمْ	قُوَّةً
کیسا	ہوا	انجام	ان لوگوں کا جو	ان سے پہلے	اور وہ تھے	زیادہ	ان سے	قوت میں

کہ ان سے پہلے لوگوں کا انجام کیسا ہوا! اور وہ قوت میں ان سے زیادہ تھے،

وَ مَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعْجِزَهٗ مِنْ شَيْءٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَ لَا فِي الْاَرْضِ ؕ

وَ مَا	كَانَ	اللّٰهُ	لِيُعْجِزَهٗ	مِنْ شَيْءٍ	فِي السَّمٰوٰتِ	وَ لَا	فِي الْاَرْضِ
اور نہیں	ہے	اللہ	کہ اسے عاجز کردے	کوئی شے	آسمانوں میں	اور نہ	زمین میں

اور اللہ (ایسا) نہیں کہ کوئی شے آسمانوں میں اس کو عاجز کردے اور نہ زمین میں (کوئی شے اسے ہرا سکتی ہے)

اِنَّهٗ كَانَ عَلِيْمًا قَدِيْرًا ۝۴۴ وَ لَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِمَا كَسَبُوْا مَا تَرَكَ

اِنَّهٗ	كَانَ	عَلِيْمًا	قَدِيْرًا	وَ لَوْ	يُؤَاخِذُ اللّٰهُ	النَّاسَ	بِمَا كَسَبُوْا	مَا تَرَكَ
بیشک وہ	ہے	علم والا	بڑی قدرت والا	اور اگر	اللہ پکڑ کرے	لوگ	انکے اعمال کے سبب	وہ نہ چھوڑے

بیشک وہ علم والا، قدرت والا ہے۔ اور اگر اللہ لوگوں کو ان کے اعمال کے سبب پکڑے تو وہ نہ چھوڑے

عَلٰى ظَهْرِهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّ لٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰۤى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ فَاِذَا جَآءَ

عَلٰى	ظَهْرِهَا	مِنْ دَآبَّةٍ	وَ لٰكِنْ	يُؤَخِّرُهُمْ	اِلٰى	اَجَلٍ مُّسَمًّى	فَاِذَا	جَآءَ
پر	اس کی پشت	کوئی چلنے پھرنے والا	اور لیکن	وہ انہیں ڈھیل دیتا ہے	تک	ایک مدتِ معین	پھر جب	آجائے گی

کوئی چلنے پھرنے والا اس کی پشت پر، لیکن وہ انہیں ایک مدتِ معین تک ڈھیل دیتا ہے، پھر جب آجائے گی،

٥ ع٨ ١٤ اَجَلُهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِعِبَادِهٖ بَصِيْرًا ۝۴۵ ع

اَجَلُهُمْ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ	بِعِبَادِهٖ	بَصِيْرًا
اُن کی مدت	تو بیشک	اللہ	ہے	اپنے بندوں کو	دیکھنے والا

اُن کی مدت (اُن کے اعمال کا بدلہ ضرور ملے گا) بیشک اللہ اپنے بندوں کو دیکھنے والا ہے۔

اٰيَاتُهَا ۸۳ — ۳۶ = سُوْرَةُ يٰسٓ مَكِّيَّةٌ = ۴۱ — رُكُوْعَاتُهَا ۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے۔

يٰسٓ ۝۱ وَ الْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۝۲ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝۳ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝۴ ؕ

يٰسٓ	وَ الْقُرْاٰنِ	الْحَكِيْمِ	اِنَّكَ	لَمِنَ	الْمُرْسَلِيْنَ	عَلٰى	صِرَاطٍ	مُّسْتَقِيْمٍ
یٰسٓ	قسم ہے قرآن	باحکمت	بیشک آپ	رسولوں میں سے		پر	راستہ	سیدھا

یٰسٓ۔ قسم ہے باحکمت قرآن کی۔ بیشک آپ رسولوں میں سے ہیں۔ سیدھے راستہ پر ہیں۔

تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ۝۵ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ۝۶

تَنْزِيْلَ	الْعَزِيْزِ	الرَّحِيْمِ	لِتُنْذِرَ	قَوْمًا	مَآ اُنْذِرَ	اٰبَآؤُهُمْ	فَهُمْ	غٰفِلُوْنَ
نازل کیا	غالب	مہربان	تاکہ آپ ڈرائیں	وہ قوم	نہیں ڈرائے گئے	انکے باپ (دادا)	پس وہ	غافل (جمع)

نازل کیا ہوا غالب، مہربان کا۔ تاکہ آپ اس قوم کو ڈرائیں، جس کے باپ دادا نہیں ڈرائے گئے، پس وہ غافل ہیں

لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝۷ اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ

لَقَدْ حَقَّ	الْقَوْلُ	عَلٰٓى	اَكْثَرِهِمْ	فَهُمْ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	اِنَّا جَعَلْنَا	فِيْٓ	اَعْنَاقِهِمْ
تحقیق ثابت ہوگئی	بات	پر	ان میں سے اکثر	پس وہ	ایمان نہ لائیں گے	بیشک ہم نے کئے (ڈالے)	میں	ان کی گردنیں

تحقیق ان میں سے اکثر پر (اللہ کی) بات ثابت ہوچکی ہے، پس وہ ایمان نہ لائیں گے۔ بیشک ہم نے ان کی گردنوں میں ڈالے ہیں

اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ۝۸ وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ

اَغْلٰلًا	فَهِيَ	اِلَى	الْاَذْقَانِ	فَهُمْ	مُّقْمَحُوْنَ	وَجَعَلْنَا	مِنْ	بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ
طوق	پھر وہ	تک	ٹھوڑیاں	تو وہ	سر اونچے کئے (سر اٹل رہے ہیں)	اور ہم نے کردی	سے	ان کے آگے

طوق، پھر وہ ٹھوڑی تک (اڑ گئے ہیں) تو ان کے سر اٹل رہے ہیں۔ اور ہم نے کردی ان کے آگے

سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ۝۹ وَسَوَآءٌ

سَدًّا	وَ	مِنْ خَلْفِهِمْ	سَدًّا	فَاَغْشَيْنٰهُمْ	فَهُمْ	لَا يُبْصِرُوْنَ	وَسَوَآءٌ
ایک دیوار	اور	ان کے پیچھے	ایک دیوار	پھر ہم نے انہیں ڈھانپ دیا	پس وہ	دیکھتے نہیں	اور برابر

ایک دیوار اور ان کے پیچھے ایک دیوار، پھر ہم نے انہیں ڈھانپ دیا، پس وہ دیکھتے نہیں ۔ اور برابر ہے

عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝۱۰ اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ

عَلَيْهِمْ	ءَاَنْذَرْتَهُمْ	اَمْ	لَمْ تُنْذِرْهُمْ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	اِنَّمَا	تُنْذِرُ	مَنِ
ان پر ان کے لئے	خواہ تم انہیں ڈراؤ	یا	تم انہیں نہ ڈراؤ	وہ ایمان نہ لائیں گے	اس کے سوا نہیں	تم ڈراتے ہو	جو

ان کے لئے خواہ تم انہیں ڈراؤ یا نہ ڈراؤ، وہ ایمان نہ لائیں گے ۔ اس کے سوا نہیں کہ تم (اس کو) ڈراتے ہو جو

اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ ۚ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ ۝۱۱

اتَّبَعَ	الذِّكْرَ	وَخَشِيَ	الرَّحْمٰنَ	بِالْغَيْبِ	فَبَشِّرْهُ	بِمَغْفِرَةٍ	وَّاَجْرٍ	كَرِيْمٍ
پیروی کرے	نصیحت	اور ڈرے	رحمٰن (اللہ)	بن دیکھے	پس اسے خوشخبری دو	بخشش کی	اور اجر	اچھا

نصیحت کی پیروی کرے۔ اور بن دیکھے اللہ سے ڈرے، پس اسے بخشش اور اچھے اجر کی خوشخبری ہو۔

وقف غفران

إِنَّا نَحْنُ نُحْيِ الْمَوْتَىٰ وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوا وَآثَارَهُمْ ۚ وَكُلَّ شَيْءٍ

إِنَّا نَحْنُ	نُحْيِ	الْمَوْتَىٰ	وَنَكْتُبُ	مَا قَدَّمُوا	وَآثَارَهُمْ	وَكُلَّ	شَيْءٍ
بیشک ہم	زندہ کرتے ہیں	مُردے	اور ہم لکھتے ہیں	جو انہوں نے آگے بھیجا (عمل)	اور انکے اثر (نشانات)	اور ہر	شے

بیشک، ہم مُردوں کو زندہ کرتے ہیں، ہم ان کے عمل اور ان کے نشانات لکھتے ہیں (جو وہ چھوڑ گئے) اور ہر شے کو

۱ ع ۱۲ ۱۸ وقف لازم

أَحْصَيْنَاهُ فِي إِمَامٍ مُبِينٍ ﴿١٢﴾ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَثَلًا أَصْحَابَ الْقَرْيَةِ إِذْ

أَحْصَيْنَاهُ	فِي	إِمَامٍ مُبِينٍ	وَاضْرِبْ	لَهُمْ	مَثَلًا	أَصْحَابَ الْقَرْيَةِ	إِذْ
ہم نے اسے شمار کر رکھا ہے	میں	کتابِ روشن (لوحِ محفوظ)	اور بیان کریں	انکے لئے	مثال (قصہ)	بستی والے	جب

ہم نے لوحِ محفوظ میں شمار کر رکھا ہے۔ اور ان کے لئے بستی والوں کا قصہ بیان کریں، جب

جَاءَهَا الْمُرْسَلُونَ ﴿١٣﴾ إِذْ أَرْسَلْنَا إِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوهُمَا فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ

جَاءَهَا	الْمُرْسَلُونَ	إِذْ	أَرْسَلْنَا	إِلَيْهِمُ	اثْنَيْنِ	فَكَذَّبُوهُمَا	فَعَزَّزْنَا	بِثَالِثٍ
ان کے پاس آئے	رسول (جمع)	جب	ہم نے بھیجے	ان کی طرف	دو	تو انہوں نے جھٹلایا انہیں	پھر ہم نے تقویت دی	تیسرے سے

ان کے پاس رسول آئے۔ جب ہم نے ان کی طرف دو (رسول) بھیجے تو انہوں نے انہیں جھٹلایا، پھر ہم نے تیسرے سے تقویت دی

فَقَالُوا إِنَّا إِلَيْكُمْ مُرْسَلُونَ ﴿١٤﴾ قَالُوا مَا أَنْتُمْ إِلَّا بَشَرٌ مِثْلُنَا وَمَا

فَقَالُوا	إِنَّا	إِلَيْكُمْ	مُرْسَلُونَ	قَالُوا	مَا أَنْتُمْ	إِلَّا	بَشَرٌ	مِثْلُنَا	وَمَا
پس انہوں نے کہا	بیشک ہم	تمہاری طرف	بھیجے گئے	وہ بولے	تم نہیں ہو	مگر محض	آدمی	ہم جیسے	اور نہیں

پس انہوں نے کہا بیشک ہم تمہاری طرف بھیجے گئے ہیں۔ وہ بولے تم محض ہم جیسے آدمی ہو، اور نہیں

أَنْزَلَ الرَّحْمَٰنُ مِنْ شَيْءٍ إِنْ أَنْتُمْ إِلَّا تَكْذِبُونَ ﴿١٥﴾ قَالُوا رَبُّنَا يَعْلَمُ إِنَّا

أَنْزَلَ	الرَّحْمَٰنُ	مِنْ شَيْءٍ	إِنْ	أَنْتُمْ	إِلَّا	تَكْذِبُونَ	قَالُوا	رَبُّنَا	يَعْلَمُ	إِنَّا
اُتارا	رحمٰن (اللہ)	کچھ	نہیں	تم	مگر محض	جھوٹ بولتے ہو	انہوں نے کہا	ہمارا پروردگار	جانتا ہے	بیشک ہم

اُتارا اللہ نے کچھ بھی، تم محض جھوٹ بولتے ہو۔ انہوں نے کہا ہمارا پروردگار جانتا ہے، بیشک ہم

إِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُونَ ﴿١٦﴾ وَمَا عَلَيْنَا إِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ ﴿١٧﴾ قَالُوا إِنَّا تَطَيَّرْنَا

إِلَيْكُمْ	لَمُرْسَلُونَ	وَمَا	عَلَيْنَا	إِلَّا	الْبَلَاغُ	الْمُبِينُ	قَالُوا	إِنَّا تَطَيَّرْنَا
تمہاری طرف	البتہ بھیجے گئے	اور نہیں	ہم پر	مگر	پہنچا دینا	صاف صاف	وہ کہنے لگے	ہم نے منحوس پایا

تمہاری طرف بھیجے گئے ہیں۔ اور ہم پر (ہمارے ذمے) نہیں مگر (صرف) صاف صاف پہنچا دینا۔ وہ کہنے لگے ہم نے منحوس پایا

بِكُمْ ۚ لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهُوْا لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَلَيَمَسَّنَّكُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۸﴾

بِكُمْ	لَئِنْ	لَّمْ تَنْتَهُوْا	لَنَرْجُمَنَّكُمْ	وَلَيَمَسَّنَّكُمْ	مِّنَّا	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ
تمہیں	اگر	تم باز نہ آئے	ضرور ہم سنگسار کردیں گے تمہیں	اور ضرور پہنچے گا تمہیں	ہم سے	عذاب	دردناک

تمہیں، اگر تم باز نہ آئے تو ہم تمہیں ضرور سنگسار کر دیں گے اور تمہیں ہم سے دردناک عذاب ضرور پہنچے گا۔

قَالُوْا طَآئِرُكُمْ مَّعَكُمْ ؕ اَئِنْ ذُكِّرْتُمْ ؕ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ﴿۱۹﴾

قَالُوْا	طَآئِرُكُمْ	مَعَكُمْ	اَئِنْ	ذُكِّرْتُمْ	بَلْ	اَنْتُمْ	قَوْمٌ	مُسْرِفُوْنَ
انہوں نے کہا	تمہاری نحوست	تمہارے ساتھ	کیا	تم سمجھائے گئے	بلکہ	تم	لوگ	حد سے بڑھنے والے

انہوں نے کہا تمہاری نحوست تمہارے ساتھ ہے کیا تم (اس کو نحوست سمجھتے ہو) کہ تم سمجھائے گئے ہو، بلکہ تم حد سے بڑھنے والے لوگ ہو۔

وَجَآءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ يَّسْعٰى قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۲۰﴾

وَجَآءَ	مِنْ	اَقْصَا	الْمَدِيْنَةِ	رَجُلٌ	يَّسْعٰى	قَالَ	يٰقَوْمِ	اتَّبِعُوا	الْمُرْسَلِيْنَ
اور آیا	سے	پرلا سرا	شہر	ایک آدمی	دوڑتا ہوا	اس نے کہا	اے میری قوم	تم پیروی کرو	رسول (جمع)

اور شہر کے پرلے سرے سے ایک آدمی دوڑتا ہوا آیا، اس نے کہا اے میری قوم! تم رسولوں کی پیروی کرو۔

اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا يَسْـَٔلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۲۱﴾

اتَّبِعُوْا	مَنْ	لَّا يَسْـَٔلُكُمْ	اَجْرًا	وَّهُمْ	مُهْتَدُوْنَ
تم پیروی کرو	جو	تم سے نہیں مانگتے	کوئی اجر	اور وہ	ہدایت یافتہ

تم ان کی پیروی کرو، جو تم سے کوئی اجر نہیں مانگتے، اور وہ ہدایت یافتہ ہیں۔

وَمَا لِيَ لَآ أَعْبُدُ الَّذِي فَطَرَنِي وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿۲۲﴾

وَمَا	لِيَ	لَآ أَعْبُدُ	الَّذِي	فَطَرَنِي	وَإِلَيْهِ	تُرْجَعُونَ
اور کیا ہوا	مجھے	میں عبادت کروں	وہ جس نے	پیدا کیا مجھے	اور اسی کی طرف	تم لوٹ کر جاؤ گے

اور مجھے کیا ہوا (میرے پاس کیا عذر ہے) کہ میں اسکی عبادت نہ کروں جس نے مجھے پیدا کیا، اور تم اسی کی طرف لوٹ کر جاؤ گے

ءَأَتَّخِذُ مِن دُونِهِ آلِهَةً إِن يُرِدْنِ الرَّحْمَٰنُ بِضُرٍّ لَّا تُغْنِ عَنِّي شَفَاعَتُهُمْ

ءَأَتَّخِذُ	مِن دُونِهِ	آلِهَةً	إِن	يُرِدْنِ	الرَّحْمَٰنُ	بِضُرٍّ	لَّا تُغْنِ عَنِّي	شَفَاعَتُهُمْ
کیا میں بنالوں	اس کے سوا	ایسے معبود	اگر	وہ چاہے	رحمٰن۔اللہ	کوئی نقصان	نہ کام آئے میرے	ان کی سفارش

کیا میں اس کے سوا ایسے معبود بنالوں؟ اگر اللہ مجھے نقصان پہنچانا چاہے تو ان کی سفارش میرے کام نہ آئے

شَيْئًا وَلَا يُنقِذُونِ ﴿۲۳﴾ إِنِّي إِذًا لَّفِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ﴿۲۴﴾ إِنِّي آمَنتُ بِرَبِّكُمْ

شَيْئًا	وَ	لَا يُنقِذُونِ	إِنِّي	إِذًا	لَّفِي ضَلَالٍ	مُّبِينٍ	إِنِّي	آمَنتُ	بِرَبِّكُمْ
کچھ بھی	اور	نہ چھڑا سکیں وہ مجھے	بیشک میں	اس وقت	البتہ گمراہی میں	کھُلی	بیشک میں	ایمان لایا	تمہارے پروردگار پر

کچھ بھی، اور نہ وہ مجھے چھڑا سکیں۔ بیشک میں اس وقت کھُلی گمراہی میں ہوں گا۔ بیشک میں تمہارے پروردگار پر ایمان لایا

فَاسْمَعُونِ ﴿۲۵﴾ قِيلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ ۖ قَالَ يَا لَيْتَ قَوْمِي يَعْلَمُونَ ﴿۲۶﴾ بِمَا غَفَرَ لِي

فَاسْمَعُونِ	قِيلَ	ادْخُلِ	الْجَنَّةَ	قَالَ	يَا لَيْتَ	قَوْمِي	يَعْلَمُونَ	بِمَا	غَفَرَ لِي
پس تم میری سنو	ارشاد ہوا	تو داخل ہوجا	جنت	اس نے کہا	اے کاش	میری قوم	جانتی	اس بات کو	اس نے بخشدیا مجھے

پس تم میری سنو۔ (اس شہید کو) ارشاد ہوا تو جنت میں داخل ہوجا، اس نے کہا اے کاش! میری قوم اس بات کو جانتی کہ مجھے بخشدیا

رَبِّي وَجَعَلَنِي مِنَ الْمُكْرَمِينَ ﴿۲۷﴾ وَمَا أَنزَلْنَا عَلَىٰ قَوْمِهِ مِن بَعْدِهِ مِن جُندٍ

رَبِّي	وَجَعَلَنِي	مِنَ	الْمُكْرَمِينَ	وَمَا أَنزَلْنَا	عَلَىٰ	قَوْمِهِ	مِن بَعْدِهِ	مِن جُندٍ
میرا رب	اور اس نے کیا مجھے	سے	نوازے ہوئے لوگ	اور نہیں اتارا ہم نے	پر	اس کی قوم	اس کے بعد	کوئی لشکر

میرے رب نے اور اس نے مجھے (اپنے) نوازے ہوئے لوگوں میں سے کیا۔ اور ہم نے اس کے بعد اس کی قوم پر (فرشتوں کا) کوئی لشکر نہیں اُتارا

مِّنَ السَّمَاءِ وَمَا كُنَّا مُنزِلِينَ ﴿۲۸﴾ إِن كَانَتْ إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً فَإِذَا هُمْ

مِّنَ	السَّمَاءِ	وَمَا كُنَّا	مُنزِلِينَ	إِن كَانَتْ	إِلَّا	صَيْحَةً	وَاحِدَةً	فَإِذَا	هُمْ
سے	آسمان	اور نہ تھے ہم	اتارنے والے	نہ تھی	مگر	چنگھاڑ	ایک	پس اچانک	وہ

آسمان سے، اور ہم اتارنے والے ہی نہ تھے۔ (ان کی سزا) نہ تھی مگر ایک چنگھاڑ، پس وہ اچانک

وقف غفران

خٰمِدُوْنَ ﴿۲۹﴾ یٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ ۚ مَا يَأْتِيهِمْ مِّنْ رَّسُولٍ إِلَّا كَانُوا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۳۰﴾

خٰمِدُوْنَ	یٰحَسْرَةً	عَلَى الْعِبَادِ	مَا يَأْتِيهِمْ	مِّنْ رَّسُولٍ	إِلَّا	كَانُوا	بِهٖ	يَسْتَهْزِءُوْنَ
بجھ کر رہ گئے	اے وائے	بندوں پر	نہیں آیا ان کے پاس	کوئی رسول	مگر	وہ تھے	اس سے	ہنسی اڑاتے

بجھ کر رہ گئے۔ اے وائے! بندوں پر کہ ان کے پاس کوئی رسول نہیں آیا مگر وہ اس کی ہنسی اڑاتے تھے۔

أَلَمْ يَرَوْا كَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ أَنَّهُمْ إِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۳۱﴾

أَلَمْ يَرَوْا	كَمْ	أَهْلَكْنَا	قَبْلَهُمْ	مِّنَ الْقُرُوْنِ	أَنَّهُمْ	إِلَيْهِمْ	لَا يَرْجِعُوْنَ
کیا انہوں نے نہیں دیکھا	کتنی	ہلاک کیں ہم نے	ان سے قبل	بستیاں	کہ وہ	ان کی طرف	لوٹ کر نہیں آئیں گے

کیا انہوں نے نہیں دیکھا؟ ہم نے ان سے قبل کتنی بستیاں ہلاک کیں کہ وہ ان کی طرف لوٹ کر نہیں آئیں گے۔

۲ ع ۲۰ ۱

وَإِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿۳۲﴾ وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الْأَرْضُ الْمَيْتَةُ ۚ

وَإِنْ	كُلٌّ	لَّمَّا	جَمِيعٌ	لَّدَيْنَا	مُحْضَرُوْنَ	وَاٰيَةٌ	لَّهُمُ	الْأَرْضُ	الْمَيْتَةُ
اور نہیں	سب	مگر	سب کے سب	ہمارے رُوبرو	حاضر کئے جائیں گے	ایک نشانی	ان کے لئے	زمین	مُردہ

اور (کوئی ایسا) نہیں مگر سب کے سب ہمارے رُوبرو حاضر کئے جائیں گے۔ اور مُردہ زمین اُن کے لئے ایک نشانی ہے

أَحْيَيْنٰهَا وَأَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ يَأْكُلُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَجَعَلْنَا فِيهَا جَنّٰتٍ مِّنْ

أَحْيَيْنٰهَا	وَأَخْرَجْنَا	مِنْهَا	حَبًّا	فَمِنْهُ	يَأْكُلُوْنَ	وَجَعَلْنَا	فِيهَا	جَنّٰتٍ	مِّنْ
ہم نے زندہ کیا اسے	اور نکالا ہم نے	اس سے	اناج	پس اس سے	وہ کھاتے ہیں	اور بنائے ہم نے	اس میں	باغات	سے۔ کے

ہم نے اسے زندہ کیا اور ہم نے اس سے اناج نکالا، پس وہ اس سے کھاتے ہیں۔ اور ہم نے اس میں باغات بنائے (لگائے)

نَّخِيلٍ وَّأَعْنَابٍ وَّفَجَّرْنَا فِيهَا مِنَ الْعُيُوْنِ ﴿۳۴﴾ لِيَأْكُلُوا مِنْ ثَمَرِهٖ ۙ

نَّخِيلٍ	وَّأَعْنَابٍ	وَّفَجَّرْنَا	فِيهَا	مِنَ	الْعُيُوْنِ	لِيَأْكُلُوا	مِنْ ثَمَرِهٖ
کھجور	اور انگور	اور جاری کئے ہم نے	اس میں	سے	چشمے	تاکہ وہ کھائیں	اس کے پھلوں سے

کھجور اور انگور کے، اور ہم نے اس میں چشمے جاری کئے، تاکہ وہ اس کے پھلوں سے کھائیں

وَمَا عَمِلَتْهُ أَيْدِيهِمْ ۖ أَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۳۵﴾ سُبْحٰنَ الَّذِي خَلَقَ الْأَزْوَاجَ كُلَّهَا

وَمَا	عَمِلَتْهُ	أَيْدِيهِمْ	أَفَلَا يَشْكُرُوْنَ	سُبْحٰنَ	الَّذِي	خَلَقَ	الْأَزْوَاجَ	كُلَّهَا
اور نہیں	بنایا اسے	ان کے ہاتھ	تو کیا وہ شکر نہ کریں گے	پاک	وہ ذات جس نے	پیدا کئے	جوڑے	ہر چیز

اور اِسے ان کے ہاتھوں نے نہیں بنایا، تو کیا وہ شکر نہ کریں گے؟ پاک ہے وہ ذات جس نے ہر چیز کے جوڑے پیدا کئے

مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٣٦﴾ وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الَّيْلُ ۖۚ

مِمَّا	تُنْۢبِتُ	الْاَرْضُ	وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ	وَمِمَّا	لَا يَعْلَمُوْنَ	وَاٰيَةٌ	لَّهُمُ	الَّيْلُ
اس سے جو	اگاتی ہے	زمین	اور اُن کی جانوں سے	اور اس سے جو	وہ نہیں جانتے	اور ایک نشانی	انکے لئے	رات

اس (تبدیل) سے جو زمین اگاتی ہے (نباتات) اور خود انکی جانوں (انسانوں میں سے) اور ان میں سے جنہیں وہ (خود بھی) نہیں جانتے ـ اور ان کے لئے رات ایک نشانی ہے

نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ مُّظْلِمُوْنَ ﴿٣٧﴾ وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ۭ

نَسْلَخُ	مِنْهُ	النَّهَارَ	فَاِذَا	هُمْ	مُّظْلِمُوْنَ	وَالشَّمْسُ	تَجْرِيْ	لِمُسْتَقَرٍّ	لَّهَا
ہم کھینچتے ہیں	اس سے	دن	تو اچانک	وہ	اندھیرے میں رہ جاتے ہیں	اور سورج	چلتا رہتا ہے	ٹھکانے (مقررہ راستہ)	اپنے

ہم دن کو اس سے کھینچ (نکالتے) ہیں تو وہ اچانک اندھیرے میں رہ جاتے ہیں ـ اور سورج اپنے مقررہ راستہ پر چلتا رہتا ہے

ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿٣٨﴾ وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ

ذٰلِكَ	تَقْدِيْرُ	الْعَزِيْزِ	الْعَلِيْمِ	وَالْقَمَرَ	قَدَّرْنٰهُ	مَنَازِلَ	حَتّٰى	عَادَ	كَالْعُرْجُوْنِ
یہ	اندازہ	غالب	جاننے والا (دانا)	اور چاند	ہم نے مقرر کیں اسکو	منزلیں	یہانتک کہ	ہوجاتا ہے	کھجور کی شاخ کی طرح

یہ اللہ غالب و دانا کا اندازہ (مقرر کردہ) ہے ـ اور چاند کے لئے ہم نے منزلیں مقرر کیں یہانتک کہ وہ کھجور کی پرانی شاخ کی طرح ہوجاتا ہے

الْقَدِيْمِ ﴿٣٩﴾ لَا الشَّمْسُ يَنْۢبَغِيْ لَهَآ اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّيْلُ سَابِقُ

الْقَدِيْمِ	لَا	الشَّمْسُ	يَنْۢبَغِيْ	لَهَآ	اَنْ	تُدْرِكَ	الْقَمَرَ	وَلَا	الَّيْلُ	سَابِقُ
پرانی	نہ	سورج	لائق (مجال)	اسکے لئے	کہ	جا پکڑے	چاند	اور نہ	رات	پہلے آسکے

(پہلی کا باریک سا چاند) نہ سورج کی مجال کہ چاند کو جا پکڑے اور نہ رات پہلے آسکے

النَّهَارِ ۭ وَكُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ﴿٤٠﴾ وَاٰيَةٌ لَّهُمْ اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ فِي الْفُلْكِ

النَّهَارِ	وَكُلٌّ	فِيْ فَلَكٍ	يَّسْبَحُوْنَ	وَاٰيَةٌ	لَّهُمْ	اَنَّا	حَمَلْنَا	ذُرِّيَّتَهُمْ	فِي الْفُلْكِ
دن	اور سب	دائرہ میں	تیرتے (گردش کرتے) ہیں	اور ایک نشانی	انکے لئے	کہ ہم	ہم نے سوار کیا	ان کی اولاد	کشتی میں

دن سے، اور سب اپنے دائرہ میں گردش کرتے ہیں ـ اور ان کے لئے ایک نشانی ہے کہ ہم نے ان کی اولاد کو سوار کیا

الْمَشْحُوْنِ ﴿٤١﴾ وَخَلَقْنَا لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ مَا يَرْكَبُوْنَ ﴿٤٢﴾ وَاِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ

الْمَشْحُوْنِ	وَخَلَقْنَا	لَهُمْ	مِّنْ مِّثْلِهٖ	مَا	يَرْكَبُوْنَ	وَاِنْ	نَّشَاْ	نُغْرِقْهُمْ
بھری ہوئی	اور ہم نے پیدا کیا	ان کے لئے	اس (کشتی) جیسی	جو جس	وہ سوار ہوتے ہیں	اور اگر	ہم چاہیں	ہم غرق کردیں انہیں

بھری ہوئی کشتی میں، اور ہم نے ان کے لئے اس کشتی جیسی (اور چیزیں) پیدا کیں جن پر وہ سوار ہوتے ہیں ـ اور اگر ہم چاہیں تو ہم انہیں غرق کردیں

فَلَا صَرِيْخَ لَهُمْ وَلَا هُمْ يُنْقَذُوْنَ ﴿۴۳﴾ اِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ﴿۴۴﴾

فَلَا صَرِيْخَ	لَهُمْ	وَلَا هُمْ	يُنْقَذُوْنَ	اِلَّا	رَحْمَةً	مِّنَّا	وَمَتَاعًا	اِلٰى حِيْنٍ
تو نہ فریاد رس	ان کے لئے	اور نہ وہ	چھڑائے جائیں	مگر	رحمت	ہماری طرف سے	اور فائدہ دینا	ایک وقتِ معین تک

تو نہ (کوئی) ان کے لئے فریاد رس (ہو) اور نہ وہ چھڑائے جائیں۔ مگر (یہ کہ) ہماری رحمت سے (رہو) اور ایک وقتِ معین تک فائدہ دینا (منظور ہے)

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّقُوْا مَا بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۴۵﴾

وَاِذَا	قِيْلَ	لَهُمُ	اتَّقُوْا	مَا	بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ	وَمَا	خَلْفَكُمْ	لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ
اور جب	کہا جائے	ان سے	تم ڈرو	جو	تمہارے سامنے	اور جو	تمہارے پیچھے	شاید تم رحم کیا جائے

اور جب ان سے کہا جائے کہ تم (اس عذاب سے) ڈرو جو تمہارے سامنے ہے اور جو تمہارے پیچھے ہے شاید تم پر رحم کیا جائے۔

وَمَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ﴿۴۶﴾ وَاِذَا

وَمَا	تَاْتِيْهِمْ	مِّنْ اٰيَةٍ	مِّنْ اٰيٰتِ	رَبِّهِمْ	اِلَّا	كَانُوْا	عَنْهَا	مُعْرِضِيْنَ	وَاِذَا
اور نہیں	ان کے پاس آتی	کوئی نشانی	نشانیوں میں سے	ان کا رب	مگر	وہ ہیں	اس سے	روگردانی کرتے	اور جب

اور ان کے پاس ان کے رب کی نشانیوں میں سے کوئی نشانی نہیں آتی، مگر وہ اس سے روگردانی کرتے ہیں۔ اور جب

قِيْلَ لَهُمْ اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَنُطْعِمُ مَنْ

قِيْلَ	لَهُمْ	اَنْفِقُوْا	مِمَّا	رَزَقَكُمُ	اللّٰهُ	قَالَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	اَنُطْعِمُ	مَنْ
کہا جائے	ان سے	خرچ کرو	اس سے جو	تمہیں دیا	اللہ	کہتے ہیں	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	ان لوگوں سے جو ایمان لائے (مومن)	کیا ہم کھانے کو دیں	(اسکو) جسے

ان سے کہا جائے کہ جو اللہ نے تمہیں دیا ہے اس میں سے خرچ کرو تو کافر مومنوں سے کہتے ہیں کیا ہم اُسے کھانے کو دیں؟ جسے

لَوْ يَشَآءُ اللّٰهُ اَطْعَمَهٗۤ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۴۷﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ

لَوْ يَشَآءُ اللّٰهُ	اَطْعَمَهٗ	اِنْ	اَنْتُمْ	اِلَّا	فِيْ	ضَلٰلٍ	مُّبِيْنٍ	وَيَقُوْلُوْنَ	مَتٰى	هٰذَا الْوَعْدُ
اگر اللہ چاہتا	اسے کھانے کو دیتا	نہیں	تم	مگر صرف	میں	گمراہی	کھلی	اور وہ کہتے ہیں	کب	یہ وعدہ

اگر اللہ چاہتا تو اسے کھانے کو دیتا، تم تو صرف کھلی گمراہی میں ہو۔ اور وہ (کافر) کہتے ہیں کب (پورا ہوگا) یہ وعدہ (قیامت)؟

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۴۸﴾ مَا يَنْظُرُوْنَ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً تَاْخُذُهُمْ وَهُمْ

اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	مَا يَنْظُرُوْنَ	اِلَّا	صَيْحَةً	وَّاحِدَةً	تَاْخُذُهُمْ	وَهُمْ
اگر	تم ہو	سچے	وہ انتظار نہیں کر رہے ہیں	مگر	چنگھاڑ	ایک	وہ انہیں آپکڑے گی	اور وہ

اگر تم سچے ہو۔ وہ انتظار نہیں کر رہے ہیں، مگر ایک چنگھاڑ (صور کی تند آواز) کی، جو انہیں آپکڑے گی اور وہ

٣ ع ٤٨ ٢

يَخِصِّمُوْنَ ﴿٤٩﴾ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ تَوْصِيَةً وَّلَآ اِلٰٓى اَهْلِهِمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿٥٠﴾ وَنُفِخَ

يَخِصِّمُوْنَ	فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ	تَوْصِيَةً	وَلَا	اِلٰى	اَهْلِهِمْ	يَرْجِعُوْنَ	وَنُفِخَ
باہم جھگڑ رہے ہوں گے	پھر نہ کر سکیں گے	وصیت کرنا	اور نہ	طرف	اپنے گھر والے	وہ لوٹ سکیں گے	اور پھونکا جائے گا

باہم جھگڑ رہے ہوں گے۔ پھر نہ وہ وصیت کر سکیں گے، اور نہ اپنے گھر والوں کی طرف لوٹ سکیں گے۔ اور (دوبارہ) پھونکا جائے گا

فِى الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ ﴿٥١﴾ قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْۢ بَعَثَنَا

فِى الصُّوْرِ	فَاِذَا هُمْ	مِنَ	الْاَجْدَاثِ	اِلٰى رَبِّهِمْ	يَنْسِلُوْنَ	قَالُوْا	يٰوَيْلَنَا	مَنْ بَعَثَنَا
صور میں	تو یکایک وہ	سے	قبریں	اپنے رب کی طرف	دوڑ پڑیں گے	وہ کہیں گے	اے وائے ہم پر	کس نے اٹھا دیا ہمیں

صور، تو وہ یکایک قبروں سے اپنے رب کی طرف دوڑ پڑیں گے۔ وہ کہیں گے اے وائے ہم پر! ہمیں کس نے اٹھا دیا؟

وقف لازم
وقف غفران
وقف منزل

مِنْ مَّرْقَدِنَا ۜ هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿٥٢﴾ اِنْ كَانَتْ

مِنْ	مَّرْقَدِنَا	هٰذَا	مَا وَعَدَ	الرَّحْمٰنُ	وَصَدَقَ	الْمُرْسَلُوْنَ	اِنْ	كَانَتْ
سے	ہماری قبریں	یہ	جو وعدہ کیا	رحمٰن۔اللہ	اور سچ کہا تھا	رسولوں	نہ	ہوگی

ہماری قبروں سے "یہ" ہے وہ جو اللہ رحمٰن نے وعدہ کیا تھا، اور رسولوں نے سچ کہا تھا۔ (یہ) نہ ہو گی

اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿٥٣﴾ فَالْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ

اِلَّا	صَيْحَةً	وَّاحِدَةً	فَاِذَا	هُمْ	جَمِيْعٌ	لَّدَيْنَا	مُحْضَرُوْنَ	فَالْيَوْمَ	لَا تُظْلَمُ
مگر	ایک چنگھاڑ	ایک	پس یکایک	وہ	سب	ہمارے سامنے	حاضر کئے جائیں گے	پس آج	نہ ناانصافی کی جائے گی

مگر ایک چنگھاڑ، پس یکایک وہ سب ہمارے سامنے حاضر کئے جائیں گے۔ پس آج ناانصافی نہ کی جائے گی

نَفْسٌ شَيْـًٔا وَّلَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٥٤﴾ اِنَّ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ

نَفْسٌ	شَيْـًٔا	وَ لَا تُجْزَوْنَ	اِلَّا	مَا كُنْتُمْ	تَعْمَلُوْنَ	اِنَّ	اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ	الْيَوْمَ
کسی شخص	کچھ	اور نہ تم بدلہ پاؤ گے	مگر بس	جو تم	کرتے تھے	بیشک	اہل جنت	آج

کسی شخص سے کچھ (بھی) اور جو تم کرتے تھے پس اسی کا بدلہ پاؤ گے۔ بے شک آج اہل جنت

فِىْ شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ ﴿٥٥﴾ هُمْ وَاَزْوَاجُهُمْ فِىْ ظِلٰلٍ عَلَى الْاَرَآئِكِ مُتَّكِــُٔوْنَ ﴿٥٦﴾

فِىْ شُغُلٍ	فٰكِهُوْنَ	هُمْ	وَاَزْوَاجُهُمْ	فِىْ ظِلٰلٍ	عَلَى	الْاَرَآئِكِ	مُتَّكِــُٔوْنَ
ایک شغل میں	باتیں (خوش طبعی کرتے)	وہ	اور ان کی بیویاں	سایوں میں	پر	تختوں پر	تکیہ لگائے ہوئے

ایک شغل میں خوش طبعی کرتے ہوں گے۔ وہ اور ان کی بیویاں سایوں میں تختوں پر تکیہ لگائے ہوئے (بیٹھے) ہوں گے

لَهُمْ فِيهَا فَاكِهَةٌ وَّلَهُمْ مَّا يَدَّعُونَ (٥٧) سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيمٍ (٥٨)

لَهُمْ	فِيهَا	فَاكِهَةٌ	وَلَهُمْ	مَا يَدَّعُونَ	سَلٰمٌ	قَوْلًا	مِنْ	رَبٍّ رَّحِيمٍ
ان کے لئے	اس میں	میوہ	اور ان کے لئے	جو وہ چاہیں گے	سلام	فرمایا جائے گا	سے	مہربان پروردگار

ان کے لئے اس (جنت) میں (ہر قسم کا) میوہ ہے اور جو وہ چاہیں گے ان کے لئے (موجود ہوگا)، مہربان پروردگار کی طرف سے سلام فرمایا جائے گا۔

وَامْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُونَ (٥٩) اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا

وَامْتَازُوا	الْيَوْمَ	اَيُّهَا	الْمُجْرِمُونَ	اَلَمْ اَعْهَدْ	اِلَيْكُمْ	يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ	اَنْ	لَا تَعْبُدُوا
اور الگ ہو جاؤ	آج	اے	مجرمو (جمع)	کیا میں نے حکم نہیں بھیجا تھا	تمہاری طرف	اے اولادِ آدم	کہ	پرستش نہ کرنا

اور اے مجرمو! آج الگ ہو جاؤ۔ اے اولادِ آدم! کیا میں نے تمہاری طرف حکم نہیں بھیجا تھا؟ کہ تم پرستش نہ کرنا

الشَّيْطٰنَ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِينٌ (٦٠) وَّاَنِ اعْبُدُونِيْ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيمٌ (٦١)

الشَّيْطٰنَ	اِنَّهٗ	لَكُمْ	عَدُوٌّ مُّبِينٌ	وَاَنِ	اعْبُدُونِيْ	هٰذَا	صِرَاطٌ	مُسْتَقِيمٌ
شیطان	بیشک وہ	تمہارا	دشمن کھلا	اور یہ کہ	تم میری عبادت کرنا	یہی	راستہ	سیدھا

شیطان کی، بیشک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔ اور یہ کہ تم میری عبادت کرنا، یہی سیدھا راستہ ہے۔

وَلَقَدْ اَضَلَّ مِنْكُمْ جِبِلًّا كَثِيرًا اَفَلَمْ تَكُونُوا تَعْقِلُونَ (٦٢) هٰذِهٖ

وَ	لَقَدْ اَضَلَّ	مِنْكُمْ	جِبِلًّا	كَثِيرًا	اَفَلَمْ تَكُونُوا	تَعْقِلُونَ	هٰذِهٖ
اور	تحقیق گمراہ کردیا	تم میں سے	مخلوق	بہت سی	سو کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے؟		یہ ہے

اور تم میں سے بہت سی مخلوق کو گمراہ کردیا، سو کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے؟ یہ ہے

جَهَنَّمُ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوعَدُونَ (٦٣) اِصْلَوْهَا الْيَوْمَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُونَ (٦٤)

جَهَنَّمُ	الَّتِيْ	كُنْتُمْ تُوعَدُونَ	اِصْلَوْهَا	الْيَوْمَ	بِمَا	كُنْتُمْ تَكْفُرُونَ
جہنم	وہ جس کا	تم سے وعدہ کیا گیا تھا	اس میں داخل ہو جاؤ	آج	اس کے بدلے جو	تم کفر کرتے تھے

وہ جہنم جس کا تم سے وعدہ کیا گیا تھا۔ تم جو کفر کرتے تھے اس کے بدلے آج اس میں داخل ہو جاؤ۔

اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَآ اَيْدِيهِمْ وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوا

اَلْيَوْمَ	نَخْتِمُ	عَلٰى	اَفْوَاهِهِمْ	وَتُكَلِّمُنَا	اَيْدِيهِمْ	وَتَشْهَدُ	اَرْجُلُهُمْ	بِمَا	كَانُوا
آج	ہم مہر لگادیں گے	پر	اُن کے مُنہ	اور ہم سے بولیں گے	ان کے ہاتھ	اور گواہی دیں گے	ان کے پاؤں	اس کی جو	وہ تھے

آج ہم ان کے مُنہ پر مہر لگادیں گے، اور ہم سے ان کے ہاتھ بولیں گے، اور (اس کی) ان کے پاؤں گواہی دیں گے جو وہ

يَكْسِبُوْنَ ﴿٦٥﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلٰٓى اَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰى يُبْصِرُوْنَ ﴿٦٦﴾

يَكْسِبُوْنَ	وَلَوْ نَشَآءُ	لَطَمَسْنَا	عَلٰى	اَعْيُنِهِمْ	فَاسْتَبَقُوا	الصِّرَاطَ	فَاَنّٰى	يُبْصِرُوْنَ
کماتے (کرتے تھے)	اور اگر ہم چاہیں	تو مٹا دیں (ملیامیٹ کر دیں)	پر	ان کی آنکھیں	پھر وہ سبقت کریں	راستہ	تو کہاں	انہیں سوجھے

۴ کرتے تھے۔ اور اگر ہم چاہیں تو ان کی آنکھیں ملیامیٹ کر دیں پھر وہ راستہ کی طرف سبقت کریں (دوڑیں) تو انہیں کہاں سوجھے؟

ع ۱۷ وَلَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّلَا يَرْجِعُوْنَ ﴿٦٧﴾ ع

وَلَوْ نَشَآءُ	لَمَسَخْنٰهُمْ	عَلٰى	مَكَانَتِهِمْ	فَمَا اسْتَطَاعُوْا	مُضِيًّا	وَلَا يَرْجِعُوْنَ
اور اگر ہم چاہیں	ہم مسخ کر دیں انہیں	پر۔ میں	اور ان کی جگہیں	پھر نہ کر سکیں	چلنا	اور نہ وہ لوٹیں

۳ اور اگر ہم چاہیں تو انہیں ان کی جگہوں میں (ان کے گھر بیٹھے) مسخ کر دیں (ان کی شکلیں) پھر وہ نہ چل سکیں، اور نہ لوٹ سکیں۔

وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِى الْخَلْقِ ؕ اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ ﴿٦٨﴾ وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَ

وَمَنْ	نُّعَمِّرْهُ	نُنَكِّسْهُ	فِى الْخَلْقِ	اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ	وَمَا عَلَّمْنٰهُ	الشِّعْرَ	وَ
اور جس	ہم عمر دراز کر دیتے ہیں	اوندھا کر دیتے ہیں	خلقت (پیدائش) میں	تو کیا وہ سمجھتے نہیں؟	اور ہم نے نہیں سکھایا اس کو	شعر	اور

اور ہم جس کی عمر دراز کرتے ہیں اسے پیدائش میں اوندھا کر دیتے ہیں تو کیا وہ سمجھتے نہیں؟ اور ہم نے اس کو (آپ کو) شعر نہیں سکھایا، اور

مَا يَنْۢبَغِىْ لَهٗ ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّقُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿٦٩﴾ لِّيُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَيًّا وَّ

مَا يَنْۢبَغِىْ	لَهٗ	اِنْ	هُوَ	اِلَّا	ذِكْرٌ	وَ	قُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ	لِّيُنْذِرَ	مَنْ	كَانَ	حَيًّا	وَ
نہیں شایان	اس کے لئے	نہیں	یہ	مگر	نصیحت	اور	قرآن واضح	تاکہ (آپ) ڈرائیں	جو	ہو	زندہ	اور

اور یہ آپ کے شایان نہیں تھا، یہ نہیں مگر (کتاب) نصیحت اور واضح قرآن۔ تاکہ آپ (اس کو) ڈرائیں جو زندہ ہو اور

يَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿٧٠﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْنَآ

يَحِقَّ	الْقَوْلُ	عَلَى	الْكٰفِرِيْنَ	اَوَ لَمْ يَرَوْا	اَنَّا خَلَقْنَا	لَهُمْ	مِمَّا	عَمِلَتْ	اَيْدِيْنَا
ثابت ہو جائے	بات (حجت)	پر	جمع کافر	یا کیا وہ نہیں دیکھتے؟	ہم نے پیدا کیا	ان کے لئے	اس سے جو	بنایا اپنے ہاتھوں (قدرت) سے	

اور کافروں پر حجت ثابت ہو جائے۔ یا کیا وہ نہیں دیکھتے کہ ہم نے جو (چیزیں) اپنی قدرت سے بنائیں، ان سے اُن کے لئے پیدا کئے

اَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ ﴿٧١﴾ وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ وَمِنْهَا

اَنْعَامًا	فَهُمْ	لَهَا	مٰلِكُوْنَ	وَذَلَّلْنٰهَا	لَهُمْ	فَمِنْهَا	رَكُوْبُهُمْ	وَمِنْهَا
چوپائے	پس وہ	ان کے	مالک ہیں	اور ہم نے فرمانبردار کیا انہیں	ان کے لئے	پس ان سے	ان کی سواری	اور ان سے

چوپائے پس وہ ان کے مالک ہیں۔ اور ہم نے ان (چوپایوں) کو ان کا فرمانبردار کیا، پس ان میں سے (بعض) ان کی سواری ہیں اور ان میں سے بعض کو

يَأْكُلُوْنَ ﴿۷۲﴾ وَلَهُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ۭ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۷۳﴾ وَاتَّخَذُوْا

يَأْكُلُوْنَ	وَلَهُمْ	فِيْهَا	مَنَافِعُ	وَمَشَارِبُ	اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ	وَاتَّخَذُوْا
وہ کھاتے ہیں	اور ان کے لئے	ان میں	فائدے	اور پینے کی چیزیں	کیا پھر وہ شکر نہیں کرتے؟	اور انہوں نے بنا لئے

وہ کھاتے ہیں۔ اور ان کے لئے ان میں (بہت سے) فائدے اور پینے کی چیزیں ہیں کیا پھر وہ شکر نہیں کرتے؟ اور انہوں نے بنا لئے

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لَّعَلَّهُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۷۴﴾ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَهُمْ ۙ وَهُمْ

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	اٰلِهَةً	لَعَلَّهُمْ	يُنْصَرُوْنَ	لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ	نَصْرَهُمْ	وَهُمْ
اللہ کے سوا	اور معبود	شاید وہ	مدد کئے جائیں	وہ نہیں کر سکتے	ان کی مدد	اور وہ

اللہ کے سوا اور معبود (اس خیالِ باطل سے کر) شاید وہ مدد کئے جائیں۔ وہ ان کی مدد نہیں کر سکتے، اور وہ

لَهُمْ جُنْدٌ مُّحْضَرُوْنَ ﴿۷۵﴾ فَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا

لَهُمْ	جُنْدٌ	مُّحْضَرُوْنَ	فَلَا يَحْزُنْكَ	قَوْلُهُمْ	اِنَّا نَعْلَمُ	مَا يُسِرُّوْنَ	وَمَا
ان کیلئے	لشکر	حاضر کئے جائیں گے	پس آپ کو مغموم نہ کرے	ان کی بات	بیشک ہم جانتے ہیں	جو وہ چھپاتے ہیں	اور جو

ان کے لئے (مجرم) لشکر (کی شکل میں)، حاضر کئے جائیں گے۔ پس آپ کو ان کی بات مغموم نہ کرے۔ بیشک ہم جانتے ہیں جو وہ چھپاتے ہیں اور جو

يُعْلِنُوْنَ ﴿۷۶﴾ اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ

يُعْلِنُوْنَ	اَوَ	لَمْ يَرَ	الْاِنْسَانُ	اَنَّا خَلَقْنٰهُ	مِنْ نُّطْفَةٍ	فَاِذَا	هُوَ	خَصِيْمٌ
وہ ظاہر کرتے ہیں	کیا	نہیں دیکھا	انسان	کہ ہم نے پیدا کیا اس کو	نطفہ سے	پھر ناگہاں	وہ	جھگڑالو

وہ ظاہر کرتے ہیں۔ کیا انسان نے نہیں دیکھا کہ ہم نے اس کو نطفہ سے پیدا کیا؟ اور پھر ناگہاں وہ ہوا جھگڑالو

مُّبِيْنٌ ﴿۷۷﴾ وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهٗ ۭ قَالَ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ

مُّبِيْنٌ	وَضَرَبَ	لَنَا	مَثَلًا	وَنَسِيَ	خَلْقَهٗ	قَالَ	مَنْ يُّحْيِ	الْعِظَامَ	وَهِيَ
کھلا	اور اس نے چسپاں کی	ہمارے لئے	ایک مثال	اور بھول گیا	اپنی پیدائش	کہنے لگا	کون پیدا کریگا	ہڈیاں	جبکہ وہ

کھلا۔ اور اس نے ہمارے لئے ایک مثال چسپاں کی اور اپنی پیدائش کو بھول گیا، کہنے لگا کون ان ہڈیوں کو پیدا کرے گا؟ جبکہ وہ

رَمِيْمٌ ﴿۷۸﴾ قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۭ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمٌ ﴿۷۹﴾

رَمِيْمٌ	قُلْ	يُحْيِيْهَا	الَّذِيْٓ	اَنْشَاَهَآ	اَوَّلَ مَرَّةٍ	وَهُوَ	بِكُلِّ	خَلْقٍ	عَلِيْمٌ
گل گئیں	فرما دیں	اسے زندہ کرے گا	وہ جس نے	اسے پیدا کیا	پہلی بار	اور وہ	ہرطرح	پیدا کرنا	جاننے والا

گل گئی ہوں گی۔ آپ فرما دیں اسے وہ زندہ کرے گا جس نے اسے پہلی بار پیدا کیا، اور وہ ہرطرح سے پیدا کرنا جانتا ہے۔

الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ ﴿۸۰﴾

الَّذِیْ	جَعَلَ	لَكُمْ	مِّنَ	الشَّجَرِ	الْاَخْضَرِ	نَارًا	فَاِذَآ	اَنْتُمْ	مِّنْهُ	تُوْقِدُوْنَ
جس نے	پیدا کیا	تمہارے لئے	سے	درخت	سبز	آگ	پس اب	تم	اس سے	سلگاتے ہو

جس نے تمہارے لئے سبز درخت سے آگ پیدا کی ، پس اب تم اس سے (آگ) سلگاتے ہو۔

اَوَلَیْسَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓی اَنْ یَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ؕ

اَوَ	لَیْسَ	الَّذِیْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	بِقٰدِرٍ	عَلٰٓی	اَنْ	یَّخْلُقَ	مِثْلَهُمْ
کیا	نہیں	وہ جس نے	پیدا کیا	آسمانوں	اور زمین	قادر	پر	کہ	وہ پیدا کرے	اُن جیسا

وہ جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا، کیا وہ اس پر قادر نہیں کہ ان جیسا پیدا کرے

بَلٰی ۗ وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِیْمُ ﴿۸۱﴾ اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَیْـًٔا اَنْ یَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ

بَلٰی	وَهُوَ	الْخَلّٰقُ	الْعَلِیْمُ	اِنَّمَا	اَمْرُهٗ	اِذَا	اَرَادَ شَیْـًٔا	اَنْ	یَقُوْلَ	لَهٗ	كُنْ
ہاں	اور وہ	بڑا پیدا کرنیوالا	دانا	اسکے سوا نہیں	اسکا کام	جب	وہ ارادہ کرے کسی شے کا	کہ	وہ کہتا ہے	اس کو	ہوجا

ہاں (کیوں نہیں) وہ بڑا پیدا کرنے والا دانا ہے۔اس کا کام اسکے سوا نہیں کہ وہ کسی شے کا ارادہ کرتا ہے تو وہ اس کو کہتا ہے " ہوجا"

فَیَكُوْنُ ﴿۸۲﴾ فَسُبْحٰنَ الَّذِیْ بِیَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۳﴾ ع

۵ ع ۱۶ ۴

فَیَكُوْنُ	فَسُبْحٰنَ	الَّذِیْ	بِیَدِهٖ	مَلَكُوْتُ	كُلِّ شَیْءٍ	وَّاِلَیْهِ	تُرْجَعُوْنَ
تو وہ ہوجاتی ہے	سو پاک ہے	وہ جس	اسکے ہاتھ میں	بادشاہت	ہر شے	اور اسی کی طرف	تم لوٹ کر جاؤگے

تو وہ ہو جاتی ہے۔سو پاک ہے وہ (ذاتِ واحد) جس کے ہاتھ میں ہر شے کی بادشاہت ہے، اور اسی کی طرف تم لوٹ کر جاؤگے۔

اٰیَاتُهَا ۱۸۲ — ۳۷ ۔ سُوْرَةُ الصّٰٓفّٰتِ مَكِّیَّةٌ ۔ ۵۶ — رُكُوْعَاتُهَا ۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ﴿۱﴾ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ﴿۲﴾ فَالتّٰلِیٰتِ ذِكْرًا ﴿۳﴾ اِنَّ اِلٰهَكُمْ

وَ	الصّٰٓفّٰتِ	صَفًّا	فَالزّٰجِرٰتِ	زَجْرًا	فَالتّٰلِیٰتِ	ذِكْرًا	اِنَّ	اِلٰهَكُمْ
قسم	صف باندھنے والے	پرا جما کر	پھر ڈانٹنے والے	جھڑک کر	پھر تلاوت کرنے والے	ذکر (قرآن)	بیشک	تمہارا معبود

قسم ہے پرا جما کر صف باندھنے والے (فرشتوں) کی، پھر جھڑک کر، ڈانٹنے والوں کی ، پھر قرآن تلاوت کرنے والوں کی ، بیشک تمہارا معبود

لَوَاحِدٌ ۝۴ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ۝۵ اِنَّا زَيَّنَّا

لَوَاحِدٌ	رَبُّ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَمَا بَيْنَهُمَا	وَرَبُّ	الْمَشَارِقِ	اِنَّا زَيَّنَّا
البتہ ایک	پروردگار	آسمانوں	اور زمین	اور جوان کے درمیان	اور پروردگار	مشرقوں	بیشک ہم نے مزین کیا

ایک ہی ہے۔ پروردگار ہے آسمانوں کا اور زمین کا، اور جو ان کے درمیان ہے اور پروردگار ہے مشرقوں (مقاماتِ طلوع) کا۔ بیشک ہم نے مزین کیا

السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ ِۨالْكَوَاكِبِ ۝۶ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ۝۷

السَّمَآءَ الدُّنْيَا	بِزِيْنَةِ	ِۨالْكَوَاكِبِ	وَحِفْظًا	مِّنْ	كُلِّ شَيْطٰنٍ	مَّارِدٍ
آسمانِ دنیا	زینت سے	ستارے	اور محفوظ کیا	سے	ہر شیطان	سرکش

آسمانِ دنیا کو ستاروں کی زینت سے۔ اور ہر سرکش شیطان سے محفوظ کیا۔

لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ۝۸ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ

لَا يَسَّمَّعُوْنَ	اِلَى	الْمَلَاِ الْاَعْلٰى	وَيُقْذَفُوْنَ	مِنْ	كُلِّ جَانِبٍ	دُحُوْرًا	وَّلَهُمْ
کان نہیں لگا سکتے	طرف	ملائے اعلیٰ	اور مارے جاتے ہیں	سے	ہر طرف	بھگانے کو	اور ان کے لئے

اور ملائے اعلیٰ (اوپر کی مجلس) کی طرف کان نہیں لگا سکتے، ہر طرف سے بھگانے کو (انگارے) مارے جاتے ہیں۔ اور ان کے لئے

عَذَابٌ وَّاصِبٌ ۝۹ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ۝۱۰ فَاسْتَفْتِهِمْ

عَذَابٌ وَّاصِبٌ	اِلَّا	مَنْ	خَطِفَ	الْخَطْفَةَ	فَاَتْبَعَهٗ	شِهَابٌ ثَاقِبٌ	فَاسْتَفْتِهِمْ
عذابِ دائمی	سوائے	جو	لے بھاگا	اُچک کر	تو اس کے پیچھے لگا	ایک انگارا دہکتا ہوا	پس ان سے پوچھیں

دائمی عذاب ہے۔ سوائے اس کے جو اُچک کر لے بھاگا تو اس کے پیچھے ایک دہکتا ہوا انگارا لگا۔ پس اُن سے پوچھیں

اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ؕ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ ۝۱۱ بَلْ

اَهُمْ	اَشَدُّ خَلْقًا	اَمْ	مَّنْ	خَلَقْنَا	اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ	مِّنْ	طِيْنٍ لَّازِبٍ	بَلْ
کیا اُن	زیادہ مشکل پیدا کرنا	یا	جو	ہم نے پیدا کیا	بیشک ہم نے پیدا کیا انہیں	سے	مٹی چپکتی ہوئی	بلکہ

کیا ان کا پیدا کرنا زیادہ مشکل ہے، یا جو (مخلوق) ہم نے پیدا کی؟ بیشک ہم نے انہیں چپکتی ہوئی مٹی (گارے) سے پیدا کیا۔ بلکہ

عَجِبْتَ وَيَسْخَرُوْنَ ۝۱۲ وَاِذَا ذُكِّرُوْا لَا يَذْكُرُوْنَ ۝۱۳ وَاِذَا رَاَوْا اٰيَةً يَّسْتَسْخِرُوْنَ ۝۱۴

عَجِبْتَ	وَيَسْخَرُوْنَ	وَاِذَا	ذُكِّرُوْا	لَا يَذْكُرُوْنَ	وَاِذَا	رَاَوْا	اٰيَةً	يَّسْتَسْخِرُوْنَ
آپ نے تعجب کیا	اور وہ مذاق اڑاتے ہیں	اور جب	نصیحت کی جائے	وہ نصیحت قبول نہیں کرتے	اور جب	وہ دیکھتے ہیں	کوئی نشانی	وہ ہنسی میں اڑا دیتے ہیں

آپ نے (ان کی حالت پر) تعجب کیا اور وہ مذاق اڑاتے ہیں اور جب نصیحت کی جائے تو وہ نصیحت قبول نہیں کرتے۔ اور جب کوئی نشانی دیکھتے ہیں تو وہ ہنسی میں اڑا دیتے ہیں

وَقَالُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵﴾ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا

وَقَالُوْٓا	اِنْ	هٰذَآ	اِلَّآ	سِحْرٌ مُّبِيْنٌ	ءَاِذَا	مِتْنَا	وَكُنَّا	تُرَابًا	وَّعِظَامًا	ءَاِنَّا
اور انہوں نے کہا	نہیں	یہ	مگر صرف	جادو کھلا	کیا جب	ہم مر گئے	اور ہو گئے	مٹی	اور ہڈیاں	کیا ہم

اور انہوں نے کہا یہ تو صرف کھلا جادو ہے۔ کیا جب ہم مر گئے؟ اور مٹی اور ہڈیاں ہو گئے؟ کیا ہم

لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿۱۶﴾ اَوَ اٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ﴿۱۷﴾ قُلْ نَعَمْ وَاَنْتُمْ دَاخِرُوْنَ ﴿۱۸﴾

لَمَبْعُوْثُوْنَ	اَوَ	اٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ	قُلْ	نَعَمْ	وَاَنْتُمْ	دَاخِرُوْنَ
پھر اٹھائے جائیں گے	کیا	ہمارے باپ دادا پہلے	فرما دیں	ہاں	اور تم	ذلیل و خوار

پھر اٹھائے جائیں گے؟ کیا ہمارے پہلے باپ دادا (بھی)؟ آپ فرما دیں ہاں! اور تم ذلیل و خوار ہو گے۔

فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ فَاِذَا هُمْ يَنْظُرُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَقَالُوْا يٰوَيْلَنَا هٰذَا يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿۲۰﴾

فَاِنَّمَا	هِيَ	زَجْرَةٌ	وَّاحِدَةٌ	فَاِذَا	هُمْ	يَنْظُرُوْنَ	وَقَالُوْا	يٰوَيْلَنَا	هٰذَا	يَوْمُ الدِّيْنِ
پس اس کے سوا نہیں	وہ	للکار	ایک	پس ناگہاں	وہ	دیکھنے لگیں گے	اور وہ کہیں گے	ہائے ہماری خرابی	یہ	بدلے کا دن

۱
پس اس کے سوا نہیں کہ وہ ایک للکار ہو گی، پس ناگہاں وہ دیکھنے لگیں گے۔ اور وہ کہیں گے، ہائے ہماری خرابی! یہ بدلے کا دن ہے۔

ع ۲۱
هٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۲۱﴾ اُحْشُرُوا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَاَزْوَاجَهُمْ

۵

هٰذَا	يَوْمُ الْفَصْلِ	الَّذِيْ	كُنْتُمْ	بِهٖ	تُكَذِّبُوْنَ	اُحْشُرُوْا	الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا	وَاَزْوَاجَهُمْ
یہ	فیصلہ کا دن	وہ جس	تم تھے	اس کو	جھٹلاتے	تم جمع کرو	وہ جنہوں نے ظلم کیا (ظالم)	اور ان کے جوڑے (ساتھی)

یہ فیصلہ کا دن ہے، وہ جس کو تم جھٹلاتے تھے۔ تم ظالموں کو اور ان کے ساتھیوں کو جمع کرو

الربع
وَمَا كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ﴿۲۲﴾ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَاهْدُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطِ الْجَحِيْمِ ﴿۲۳﴾

وَمَا	كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	فَاهْدُوْهُمْ	اِلٰى	صِرَاطِ	الْجَحِيْمِ
اور جس	وہ پرستش کرتے تھے	اللہ کے سوا	پس تم ان کو دکھاؤ	طرف	راستہ	جہنم

جس کی وہ پرستش کرتے تھے، اللہ کے سوا۔ پس تم ان کو جہنم کا راستہ دکھاؤ۔

وَقِفُوْهُمْ اِنَّهُمْ مَّسْئُوْلُوْنَ ﴿۲۴﴾ مَا لَكُمْ لَا تَنَاصَرُوْنَ ﴿۲۵﴾ بَلْ هُمُ الْيَوْمَ مُسْتَسْلِمُوْنَ ﴿۲۶﴾

وَقِفُوْهُمْ	اِنَّهُمْ	مَّسْئُوْلُوْنَ	مَا لَكُمْ	لَا تَنَاصَرُوْنَ	بَلْ هُمُ	الْيَوْمَ	مُسْتَسْلِمُوْنَ
اور ٹھہراؤ ان کو	بیشک وہ	ان سے پرسش ہو گی	کیا ہوا تمہیں	تم ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے	بلکہ وہ	آج	سر جھکائے فرمانبردار

اور ان کو ٹھہراؤ، بیشک ان سے پرسش ہو گی۔ تمہیں کیا ہوا؟ تم ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے، بلکہ وہ آج سر جھکائے فرمانبردار (اپنے آپ کو حوالے کرتے) ہیں

وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿۲۷﴾ قَالُوْٓا اِنَّكُمْ كُنْتُمْ تَاْتُوْنَنَا عَنِ الْيَمِيْنِ ﴿۲۸﴾

وَاَقْبَلَ	بَعْضُهُمْ	عَلٰى بَعْضٍ	يَّتَسَآءَلُوْنَ	قَالُوْٓا	اِنَّكُمْ	كُنْتُمْ	تَاْتُوْنَنَا	عَنِ الْيَمِيْنِ
اور رُخ کرے گا	ان میں سے بعض (ایک)	بعض پر دوسرے کی طرف	باہم سوال کرتے ہوئے	وہ کہیں گے	بیشک تم	تم ہم پر آتے تھے		دائیں طرف سے

اور ان میں سے ایک دوسرے کی طرف باہم سوال کرتے ہوئے رُخ کرے گا۔ وہ کہیں گے بیشک تم ہم پر دائیں طرف سے (بڑے زور سے) آتے تھے۔

قَالُوْا بَلْ لَّمْ تَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۹﴾ وَمَا كَانَ لَنَا عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ ۚ بَلْ

قَالُوْا	بَلْ	لَّمْ تَكُوْنُوْا	مُؤْمِنِيْنَ	وَمَا	كَانَ	لَنَا	عَلَيْكُمْ	مِّنْ سُلْطٰنٍ	بَلْ
وہ کہیں گے	بلکہ	تم نہ تھے	ایمان لانے والے	اور نہ	تھا	ہمارا	تم پر	کوئی زور	بلکہ

وہ کہیں گے (نہیں) بلکہ تم ایمان لانے والے نہ تھے۔ اور ہمارا تم پر کوئی زور نہ تھا، بلکہ

كُنْتُمْ قَوْمًا طٰغِيْنَ ﴿۳۰﴾ فَحَقَّ عَلَيْنَا قَوْلُ رَبِّنَآ ۖ اِنَّا لَذَآئِقُوْنَ ﴿۳۱﴾ فَاَغْوَيْنٰكُمْ

كُنْتُمْ	قَوْمًا	طٰغِيْنَ	فَحَقَّ	عَلَيْنَا	قَوْلُ	رَبِّنَا	اِنَّا	لَذَآئِقُوْنَ	فَاَغْوَيْنٰكُمْ
تم تھے	ایک قوم	سرکش	پس ثابت ہوگئی	ہم پر	بات	ہمارا رب	بیشک ہم	البتہ چکھنے والے	پس ہم نے بہکایا تمہیں

تم ایک سرکش قوم تھے۔ پس ہم پر ہمارے رب کی بات ثابت ہوگئی، بیشک ہم البتہ (مزہ) چکھنے والے ہیں۔ پس ہم نے تمہیں بہکایا

اِنَّا كُنَّا غٰوِيْنَ ﴿۳۲﴾ فَاِنَّهُمْ يَوْمَئِذٍ فِى الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ ﴿۳۳﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَفْعَلُ

اِنَّا كُنَّا	غٰوِيْنَ	فَاِنَّهُمْ	يَوْمَئِذٍ	فِى الْعَذَابِ	مُشْتَرِكُوْنَ	اِنَّا	كَذٰلِكَ	نَفْعَلُ
بیشک ہم تھے	گمراہ	پس بیشک وہ	اس دن	عذاب میں	شریک	بیشک ہم	اسی طرح	کرتے ہیں

بیشک ہم (خود) گمراہ تھے۔ پس بیشک وہ اس دن عذاب میں (بھی) شریک رہیں گے۔ بیشک ہم اسی طرح کرتے ہیں

بِالْمُجْرِمِيْنَ ﴿۳۴﴾ اِنَّهُمْ كَانُوْٓا اِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ۙ يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۳۵﴾

بِالْمُجْرِمِيْنَ	اِنَّهُمْ	كَانُوْٓا	اِذَا	قِيْلَ	لَهُمْ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا اللّٰهُ	يَسْتَكْبِرُوْنَ
مجرموں کے ساتھ	بیشک وہ	وہ تھے	جب	کہا جاتا	ان کو	نہیں	کوئی معبود	اللہ کے سوا	وہ تکبر کرتے تھے

مجرموں کے ساتھ۔ بیشک جب اُن سے کہا جاتا تھا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں (تو) وہ تکبر کرتے تھے۔

وَيَقُوْلُوْنَ اَئِنَّا لَتَارِكُوْٓا اٰلِهَتِنَا لِشَاعِرٍ مَّجْنُوْنٍ ﴿۳۶﴾ بَلْ جَآءَ بِالْحَقِّ وَصَدَّقَ

وَيَقُوْلُوْنَ	اَئِنَّا	لَتَارِكُوْٓا	اٰلِهَتِنَا	لِشَاعِرٍ	مَّجْنُوْنٍ	بَلْ	جَآءَ	بِالْحَقِّ	وَصَدَّقَ
اور وہ کہتے ہیں	کیا ہم	چھوڑ دینے والے	اپنے معبود	ایک شاعر کی خاطر	دیوانے	بلکہ	وہ آئے	حق کے ساتھ	اور تصدیق کی

اور وہ کہتے ہیں کیا ہم اپنے معبودوں کو چھوڑ دیں؟ ایک شاعر، دیوانے کی خاطر۔ بلکہ وہ حق کے ساتھ آئے ہیں اور وہ تصدیق کرتے ہیں

الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۳۷﴾ اِنَّكُمْ لَذَآئِقُوا الْعَذَابِ الْاَلِيْمِ ﴿۳۸﴾ وَمَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا

الْمُرْسَلِيْنَ	اِنَّكُمْ	لَذَآئِقُوا	الْعَذَابِ	الْاَلِيْمِ	وَمَا تُجْزَوْنَ	اِلَّا	مَا
رسولوں کی	بیشک تم	ضرور چکھنے والے	عذاب	دردناک	اور تمہیں بدلہ نہ دیا جائے گا	مگر	جو

رسولوں کی۔ بیشک تم دردناک عذاب ضرور چکھنے والے ہو۔ اور تمہیں بدلہ نہ دیا جائے گا مگر (اس کے مطابق) جو

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۳۹﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۴۰﴾ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ رِزْقٌ مَّعْلُوْمٌ ﴿۴۱﴾

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ	اِلَّا	عِبَادَ اللّٰهِ	الْمُخْلَصِيْنَ	اُولٰٓئِكَ	لَهُمْ	رِزْقٌ مَّعْلُوْمٌ
تم کرتے تھے	مگر	اللہ کے بندے	خاص کئے ہوئے	یہی لوگ	انکے لئے	رزق معلوم

تم کرتے تھے۔ (ہاں) مگر اللہ کے خاص کئے ہوئے (چنے ہوئے) بندے۔ ان کے لئے رزق معلوم (مقرر) ہے۔

فَوَاكِهُ ۚ وَهُمْ مُّكْرَمُوْنَ ﴿۴۲﴾ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۴۳﴾ عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿۴۴﴾ يُطَافُ

فَوَاكِهُ	وَهُمْ	مُّكْرَمُوْنَ	فِيْ	جَنّٰتِ النَّعِيْمِ	عَلٰى	سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ	يُطَافُ
میوے	اور وہ	اعزاز والے ہوں گے	میں	نعمت کے باغات	پر	(جمع) تخت آمنے سامنے	دورہ ہوگا

(یعنی) میوے، اور وہ اعزاز والے ہوں گے، نعمت کے باغات میں، تختوں پر آمنے سامنے۔ دورہ ہوگا

عَلَيْهِمْ بِكَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ ﴿۴۵﴾ بَيْضَآءَ لَذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ﴿۴۶﴾ لَا فِيْهَا غَوْلٌ وَّ

عَلَيْهِمْ	بِكَاْسٍ	مِّنْ	مَّعِيْنٍ	بَيْضَآءَ	لَذَّةٍ	لِّلشّٰرِبِيْنَ	لَا فِيْهَا	غَوْلٌ	وَّ
ان پر۔ انکے آگے	جام	سے۔ کا	بہتا ہوا مشروب	سفید	لذت	پینے والوں کے لئے	نہ اس میں	خرابی (دردِ سر)	اور

اُن کے آگے بہتے ہوئے (صاف) مشروب کے جام کا۔ سفید رنگ کا، پینے والوں کے لئے لذت (دینے والا)۔ نہ اس میں دردِ سر ہوگا اور

لَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ عِيْنٌ ﴿۴۸﴾ كَاَنَّهُنَّ بَيْضٌ

لَا هُمْ	عَنْهَا	يُنْزَفُوْنَ	وَعِنْدَهُمْ	قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ	عِيْنٌ	كَاَنَّهُنَّ	بَيْضٌ
نہ وہ	اس سے	بہکی باتیں کریں گے	اور ان کے پاس	نیچی نگاہ والیاں	بڑی آنکھوں والیاں	گویا وہ	انڈے

نہ وہ اس سے بہکی بہکی باتیں کریں گے۔ اور اُن کے پاس ہونگی نیچی نگاہ والیاں، بڑی بڑی آنکھوں والیاں، گو یا وہ انڈے ہیں

مَّكْنُوْنٌ ﴿۴۹﴾ فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿۵۰﴾ قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ

مَّكْنُوْنٌ	فَاَقْبَلَ	بَعْضُهُمْ	عَلٰى بَعْضٍ	يَّتَسَآءَلُوْنَ	قَالَ	قَآئِلٌ	مِّنْهُمْ
پوشیدہ رکھے ہوئے	پس رخ کرے گا	ان میں سے بعض (ایک)	بعض پر (دوسرے کی طرف)	باہم سوال کرتے ہوئے	کہے گا	ایک کہنے والا	ان میں سے

پوشیدہ رکھے ہوئے۔ پھر اُن میں سے ایک دوسرے کی طرف باہم سوال کرتے ہوئے رُخ کرے گا۔ ان میں سے ایک کہنے والا کہے گا

اِنِّىْ كَانَ لِىْ قَرِيْنٌ ﴿٥١﴾ يَّقُوْلُ اَئِنَّكَ لَمِنَ الْمُصَدِّقِيْنَ ﴿٥٢﴾ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا

اِنِّىْ	كَانَ	لِىْ	قَرِيْنٌ	يَّقُوْلُ	اَئِنَّكَ	لَمِنَ	الْمُصَدِّقِيْنَ	ءَاِذَا	مِتْنَا	وَكُنَّا
بیشک	تھا	میرا	ایک ہم نشین	وہ کہتا تھا	کیا تو	سے	سچے جاننے والے	کیا جب	ہم مر گئے	اور ہو گئے

بیشک (دنیا میں) میرا ایک ہم نشین تھا۔ وہ کہا کرتا تھا کیا تو (قیامت کو) سچ ماننے والوں میں سے ہے؟ کیا جب ہم مر گئے، اور ہم ہو گئے

تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَدِيْنُوْنَ ﴿٥٣﴾ قَالَ هَلْ اَنْتُمْ مُّطَّلِعُوْنَ ﴿٥٤﴾ فَاطَّلَعَ فَرَاٰهُ

تُرَابًا	وَّعِظَامًا	ءَاِنَّا	لَمَدِيْنُوْنَ	قَالَ	هَلْ	اَنْتُمْ	مُّطَّلِعُوْنَ	فَاطَّلَعَ	فَرَاٰهُ
مٹی	اور ہڈیاں	کیا ہم	البتہ بدلہ دیئے جائیں گے	وہ کہنے لگا	کیا	تم	جھانکنے والے ہو	تو وہ جھانکے گا	تو اسے دیکھے گا

مٹی اور ہڈیاں، کیا ہمیں بدلہ دیا جائے گا؟ وہ کہے گا کیا تم جھانکنے والے ہو (دوزخ کو جھانک کر دیکھ سکتے ہو؟) تو وہ جھانکے گا تو اسے دیکھے گا

فِىْ سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ﴿٥٥﴾ قَالَ تَاللّٰهِ اِنْ كِدْتَّ لَتُرْدِيْنِ ﴿٥٦﴾ وَلَوْلَا نِعْمَةُ رَبِّىْ

فِىْ	سَوَآءِ	الْجَحِيْمِ	قَالَ	تَاللّٰهِ	اِنْ كِدْتَّ	لَتُرْدِيْنِ	وَلَوْ	لَا	نِعْمَةُ	رَبِّىْ
میں	درمیان	دوزخ	وہ کہے گا	اللہ کی قسم	تو قریب تھا	کہ تو مجھے ہلاک کر ڈالے	اور اگر	نہ	فضل	میرا رب

دوزخ کے درمیان میں۔ وہ کہے گا، اللہ کی قسم! قریب تھا کہ تو مجھے ہلاک کر ڈالے۔ اور اگر میرے رب کا فضل نہ ہوتا

لَكُنْتُ مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ ﴿٥٧﴾ اَفَمَا نَحْنُ بِمَيِّتِيْنَ ﴿٥٨﴾ اِلَّا مَوْتَتَنَا الْاُوْلٰى وَ

لَكُنْتُ	مِنَ	الْمُحْضَرِيْنَ	اَفَمَا نَحْنُ	بِمَيِّتِيْنَ	اِلَّا	مَوْتَتَنَا	الْاُوْلٰى	وَ
تو میں ضرور ہوتا	سے	حاضر کئے جانے والے	کیا پس نہیں ہم	مرنے والوں میں سے	سوائے	ہماری موت	پہلی	اور

تو میں ضرور (عذاب کے لئے) حاضر کئے جانے والوں میں ہوتا پس پہلی موت کے سوائے ہم مرنے والوں میں سے نہیں (آئندہ ہم پر کوئی موت نہ آئیگی) اور نہ

مَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ﴿٥٩﴾ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿٦٠﴾ لِمِثْلِ هٰذَا فَلْيَعْمَلِ

مَا	نَحْنُ	بِمُعَذَّبِيْنَ	اِنَّ	هٰذَا	لَهُوَ	الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ	لِمِثْلِ	هٰذَا	فَلْيَعْمَلِ
نہیں	ہم	عذاب دیئے جانیوالوں میں سے	بیشک	یہ	البتہ وہ	کامیابی بڑی	اس جیسی (نعمت) کے لئے		پس چاہیے ضرور عمل کریں

ہم عذاب دیئے جانے والوں میں سے ہوں گے۔ بیشک یہی ہے بڑی کامیابی۔ پس اس جیسی نعمت کے لئے چاہیئے ضرور عمل کریں

الْعٰمِلُوْنَ ﴿٦١﴾ اَذٰلِكَ خَيْرٌ نُّزُلًا اَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ ﴿٦٢﴾ اِنَّا جَعَلْنٰهَا فِتْنَةً

الْعٰمِلُوْنَ	اَذٰلِكَ	خَيْرٌ	نُّزُلًا	اَمْ	شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ	اِنَّا	جَعَلْنٰهَا	فِتْنَةً
عمل کرنے والے	کیا یہ	بہتر	ضیافت	یا	درخت تھوہر	بیشک ہم	ہم نے اس کو بنایا	ایک آزمائش

عمل کرنے والے۔ کیا یہ بہتر ضیافت ہے؟ یا تھوہر کا درخت؟ بیشک ہم نے اس کو ایک آزمائش بنایا ہے

لِلظّٰلِمِيْنَ ﴿٦٣﴾ اِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخْرُجُ فِيْٓ اَصْلِ الْجَحِيْمِ ﴿٦٤﴾ طَلْعُهَا كَاَنَّهٗ

لِلظّٰلِمِيْنَ	اِنَّهَا	شَجَرَةٌ	تَخْرُجُ	فِيْٓ	اَصْلِ	الْجَحِيْمِ	طَلْعُهَا	كَاَنَّهٗ
ظالموں کے لئے	بیشک وہ	ایک درخت	وہ نکلتا ہے	میں	جڑ	جہنم	اس کا خوشہ	گویا کہ وہ

ظالموں کے لئے۔ بیشک وہ ایک درخت ہے جہنم کی جڑ (گہرائی) میں نکلتا ہے۔ اس کا خوشہ گویا کہ وہ

رُءُوْسُ الشَّيٰطِيْنِ ﴿٦٥﴾ فَاِنَّهُمْ لَاٰكِلُوْنَ مِنْهَا فَمَالِـُٔوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ﴿٦٦﴾ ثُمَّ اِنَّ

رُءُوْسُ	الشَّيٰطِيْنِ	فَاِنَّهُمْ	لَاٰكِلُوْنَ	مِنْهَا	فَمَالِـُٔوْنَ	مِنْهَا	الْبُطُوْنَ	ثُمَّ	اِنَّ
سر	شیطانوں	پس بیشک وہ	کھانے والے ہیں	اس سے	سو بھرنے والے	اس سے	پیٹ (جمع)	پھر	بیشک

شیطانوں کا سر (سانپوں کا پھن) ہے۔ بیشک وہ اس سے کھائیں گے، سو اس سے پیٹ بھر لیں گے۔ پھر بیشک

لَهُمْ عَلَيْهَا لَشَوْبًا مِّنْ حَمِيْمٍ ﴿٦٧﴾ ثُمَّ اِنَّ مَرْجِعَهُمْ لَاِلَى الْجَحِيْمِ ﴿٦٨﴾ اِنَّهُمْ

لَهُمْ	عَلَيْهَا	لَشَوْبًا	مِنْ	حَمِيْمٍ	ثُمَّ	اِنَّ	مَرْجِعَهُمْ	لَا	اِلَى	الْجَحِيْمِ	اِنَّهُمْ
ان کے لئے	اس پر	ملا ملا کر	سے	کھولتا ہوا پانی	پھر	بیشک	ان کی بازگشت	البتہ	طرف	جہنم	بیشک اُن

اس (کھانے) پر ان کے لئے کھولتا ہوا پانی (پیپ) ملا ملا کر (دیا جائے گا) پھر ان کی بازگشت جہنم ہی کی طرف ہوگی۔ بیشک انہوں نے

اَلْفَوْا اٰبَآءَهُمْ ضَآلِّيْنَ ﴿٦٩﴾ فَهُمْ عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ يُهْرَعُوْنَ ﴿٧٠﴾ وَلَقَدْ ضَلَّ قَبْلَهُمْ

اَلْفَوْا	اٰبَآءَهُمْ	ضَآلِّيْنَ	فَهُمْ	عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ	يُهْرَعُوْنَ	وَ لَقَدْ ضَلَّ	قَبْلَهُمْ
انہوں نے پایا	اپنے باپ دادا	گمراہ (جمع)	سو وہ	ان کے نقش قدم پر	دوڑتے جاتے تھے	اور تحقیق گمراہ ہوئے	ان سے پہلے

اپنے باپ دادا کو گمراہ پایا تھا۔ سو ان کے نقش قدم پر دوڑے جاتے تھے۔ اور تحقیق ان سے پہلے گمراہ ہوئے تھے

اَكْثَرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٧١﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا فِيْهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ﴿٧٢﴾ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ

اَكْثَرُ الْاَوَّلِيْنَ	وَ	لَقَدْ اَرْسَلْنَا	فِيْهِمْ	مُنْذِرِيْنَ	فَانْظُرْ	كَيْفَ	كَانَ
اگلوں میں سے اکثر	اور	تحقیق ہم نے بھیجے	ان میں	ڈرانے والے	سو دیکھیں	کیسا	ہوا

(ان کے) اگلوں میں سے اکثر۔ اور تحقیق ہم نے ان میں ڈرانے والے (رسول) بھیجے تھے۔ سو دیکھیں کیسا ہوا

٢ ع ٥٣ ٦

عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿٧٣﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿٧٤﴾ وَلَقَدْ نَادٰىنَا نُوْحٌ

عَاقِبَةُ	الْمُنْذَرِيْنَ	اِلَّا	عِبَادَ اللّٰهِ	الْمُخْلَصِيْنَ	وَ لَقَدْ نَادٰىنَا	نُوْحٌ
انجام	جنہیں ڈرایا گیا	مگر	اللہ کے بندے	خاص کئے ہوئے	اور تحقیق ہمیں پکارا	نوح

ان کا انجام جنہیں ڈرایا گیا تھا؟ (ہاں) مگر اللہ کے خاص کئے ہوئے بندے (بندگانِ خاص کا انجام کتنا اچھا ہوا)۔ اور تحقیق نوحؑ نے ہمیں پکارا

فَلَنِعْمَ الْمُجِيْبُوْنَ ﴿۷۵﴾ وَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿۷۶﴾ وَجَعَلْنَا

فَلَنِعْمَ	الْمُجِيْبُوْنَ	وَنَجَّيْنٰهُ	وَاَهْلَهٗ	مِنَ	الْكَرْبِ	الْعَظِيْمِ	وَجَعَلْنَا
سو ہم البتہ خوب	دعا قبول کرنے والے	اور ہم نے نجات دی اسے	اور اسکے گھر والے	سے	مصیبت	بڑی	اور ہم نے کیا

سو ہم خوب دعا قبول کرنے والے ہیں۔ اور ہم نے اسے اور اس کے گھر والوں کو بڑی مصیبت سے نجات دی۔ اور ہم نے کیا

ذُرِّيَّتَهٗ هُمُ الْبٰقِيْنَ ﴿۷۷﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿۷۸﴾ سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ

ذُرِّيَّتَهٗ	هُمُ	الْبٰقِيْنَ	وَتَرَكْنَا	عَلَيْهِ	فِي	الْاٰخِرِيْنَ	سَلٰمٌ	عَلٰى	نُوْحٍ
اس کی اولاد	وہ	باقی رہنے والی	اور ہم نے چھوڑا	اس پر اس کا	میں	بعد میں آنے والے	سلام ہو	پر	نوح

اس کی اولاد کو باقی رہنے والی۔ اور ہم نے اس کا ذکرِ خیر بعد میں آنے والوں میں چھوڑا۔ نوحؑ پر سلام ہو

فِي الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۹﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۸۰﴾ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۱﴾

فِي الْعٰلَمِيْنَ	اِنَّا	كَذٰلِكَ	نَجْزِي	الْمُحْسِنِيْنَ	اِنَّهٗ	مِنْ	عِبَادِنَا	الْمُؤْمِنِيْنَ
سارے جہانوں میں	بیشک ہم	اسی طرح	ہم جزا دیتے ہیں	نیکوکاروں	بیشک وہ	سے	ہمارے بندے	مومن (جمع)

سارے جہانوں میں۔ بیشک ہم اسی طرح نیکوکاروں کو جزا دیتے ہیں۔ بیشک وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھے۔

ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿۸۲﴾ وَاِنَّ مِنْ شِيْعَتِهٖ لَاِبْرٰهِيْمَ ﴿۸۳﴾ اِذْ جَآءَ رَبَّهٗ بِقَلْبٍ

ثُمَّ	اَغْرَقْنَا	الْاٰخَرِيْنَ	وَاِنَّ	مِنْ	شِيْعَتِهٖ	لَاِبْرٰهِيْمَ	اِذْ جَآءَ	رَبَّهٗ	بِقَلْبٍ
پھر	ہم نے غرق کردیا	دوسرے	اور بیشک	سے	اسکے طریقہ پر چلنے والے	البتہ ابراہیم	(یاد کرو) جب وہ آیا	اپنا رب	دل کے ساتھ

پھر ہم نے دوسروں کو غرق کر دیا۔ اور بیشک ابراہیمؑ اسی کے طریقے پر چلنے والوں میں سے تھے۔ جب وہ اپنے رب کے پاس آئے صاف دل کے ساتھ

سَلِيْمٍ ﴿۸۴﴾ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَاذَا تَعْبُدُوْنَ ﴿۸۵﴾ اَئِفْكًا اٰلِهَةً دُوْنَ اللّٰهِ

سَلِيْمٍ	اِذْ قَالَ	لِاَبِيْهِ	وَقَوْمِهٖ	مَاذَا	تَعْبُدُوْنَ	اَئِفْكًا	اٰلِهَةً	دُوْنَ اللّٰهِ
صاف	جب اس نے کہا	اپنے باپ کو	اور اپنی قوم	کس چیز	تم پرستش کرتے ہو	کیا جھوٹ موٹ کے	معبود	اللہ کے سوا

(عیب سے پاک دل کے ساتھ) (یاد کرو) جب انہوں نے اپنے باپ اور اپنی قوم سے کہا تم کس (واہیات) چیز کی پرستش کرتے ہو؟ کیا تم اللہ کے سوا جھوٹ موٹ کے معبود

تُرِيْدُوْنَ ﴿۸۶﴾ فَمَا ظَنُّكُمْ بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۷﴾ فَنَظَرَ نَظْرَةً فِي النُّجُوْمِ ﴿۸۸﴾

تُرِيْدُوْنَ	فَمَا	ظَنُّكُمْ	بِرَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ	فَنَظَرَ	نَظْرَةً	فِي	النُّجُوْمِ
تم چاہتے ہو	سو کیا	تمہارا گمان	پروردگار کے بارے میں	تمام جہانوں	پھر اس نے دیکھا	ایک نظر	میں۔ کو	ستارے

چاہتے ہو؟ سو تمام جہانوں کے پروردگار کے بارے میں تمہارا کیا گمان ہے؟ پھر اس نے ستاروں کو ایک نظر دیکھا۔

فَقَالَ اِنِّیْ سَقِیْمٌ ﴿۸۹﴾ فَتَوَلَّوْا عَنْهُ مُدْبِرِیْنَ ﴿۹۰﴾ فَرَاغَ اِلٰٓی اٰلِهَتِهِمْ فَقَالَ

فَقَالَ	اِنِّیْ	سَقِیْمٌ	فَتَوَلَّوْا	عَنْهُ	مُدْبِرِیْنَ	فَرَاغَ	اِلٰی	اٰلِهَتِهِمْ	فَقَالَ
تو اس نے کہا	بیشک میں	بیمار (ہو جاؤں گا)	پس وہ پھر گئے	اس سے	پیٹھ پھیر کر	پھر پوشیدہ گھس گیا	طرف - میں	ان کے معبودوں	پھر کہنے لگا

تو اس نے کہا بیشک میں بیمار ہو جاؤں گا - پس وہ پیٹھ پھیر کر اس سے پھر گئے - پھر وہ ان کے معبودوں میں چھپ کر گھس گیا، پھر وہ (بطور تمسخر) کہنے لگا

اَلَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۹۱﴾ مَا لَكُمْ لَا تَنْطِقُوْنَ ﴿۹۲﴾ فَرَاغَ عَلَیْهِمْ ضَرْبًۢا بِالْیَمِیْنِ ﴿۹۳﴾ فَاَقْبَلُوْٓا

اَلَا تَاْكُلُوْنَ	مَا لَكُمْ	لَا تَنْطِقُوْنَ	فَرَاغَ	عَلَیْهِمْ	ضَرْبًۢا	بِالْیَمِیْنِ	فَاَقْبَلُوْٓا
کیا تم نہیں کھاتے	کیا ہوا تمہیں ؟	تم بولتے نہیں	پھر جا پڑا	ان پر	مارتا ہوا	اپنے دائیں ہاتھ (قدرت سے)	پھر وہ متوجہ ہوئے

کیا تم کھاتے نہیں ؟ تمہیں کیا ہوا ؟ تم بولتے نہیں ؟ پھر پوری قوت سے مارتا ہوا ان پر جا پڑا - پھر وہ (بت پرست) متوجہ ہوئے

اِلَیْهِ یَزِفُّوْنَ ﴿۹۴﴾ قَالَ اَتَعْبُدُوْنَ مَا تَنْحِتُوْنَ ﴿۹۵﴾ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۶﴾

اِلَیْهِ	یَزِفُّوْنَ	قَالَ	اَتَعْبُدُوْنَ	مَا تَنْحِتُوْنَ	وَاللّٰهُ	خَلَقَكُمْ	وَمَا	تَعْمَلُوْنَ
اس کی طرف	دوڑتے ہوئے	اس نے فرمایا	کیا تم پرستش کرتے ہو	جو تم تراشتے ہو	حالانکہ اللہ	اس نے پیدا کیا تمہیں	اور جو	تم کرتے ہو

اسکی طرف دوڑتے ہوئے (آئے) اس نے فرمایا کیا تم (اسکی) پرستش کرتے ہو؟ جو تم خود تراشتے ہو - حالانکہ اللہ نے تمہیں پیدا کیا؟ اور جو تم کرتے (بناتے) ہو -

قَالُوا ابْنُوْا لَهٗ بُنْیَانًا فَاَلْقُوْهُ فِی الْجَحِیْمِ ﴿۹۷﴾ فَاَرَادُوْا بِهٖ كَیْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَسْفَلِیْنَ ﴿۹۸﴾

قَالُوا	ابْنُوْا	لَهٗ	بُنْیَانًا	فَاَلْقُوْهُ	فِی الْجَحِیْمِ	فَاَرَادُوْا	بِهٖ	كَیْدًا	فَجَعَلْنٰهُمُ	الْاَسْفَلِیْنَ
انہوں نے کہا	بناؤ	اسکے لئے	ایک عمارت	پھر ڈال دو اسے	آگ میں	پھر انہوں نے چاہا	اس پر	داؤ	تو ہم نے کر دیا انہیں	زیر تر (نیچے)

انہوں نے (ایکدوسرے کو) کہا اس کے لئے ایک عمارت (آتش خانہ) بناؤ پھر اسے آگ میں ڈال دو پھر انہوں نے اس پر داؤ کرنا چاہا تو ہم نے انہیں زیر تر کر دیا -

وَقَالَ اِنِّیْ ذَاهِبٌ اِلٰی رَبِّیْ سَیَهْدِیْنِ ﴿۹۹﴾ رَبِّ هَبْ لِیْ مِنَ الصّٰلِحِیْنَ ﴿۱۰۰﴾

وَقَالَ	اِنِّیْ	ذَاهِبٌ	اِلٰی رَبِّیْ	سَیَهْدِیْنِ	رَبِّ	هَبْ لِیْ	مِنَ	الصّٰلِحِیْنَ
اور اس (ابراہیم) نے کہا	بیشک میں	جانے والا ہوں	اپنے رب کی طرف	اب وہ مجھے راہ دکھائے گا	اے میرے رب	مجھے عطا فرما	سے	نیک صالح (جمع)

اور ابراہیمؑ نے کہا میں اپنے رب کی طرف جانے والا ہوں وہ مجھے بھی راہ دکھائے گا - اے میرے رب! مجھے صالح (روحوں) میں سے (نیک اولاد) عطا فرما -

فَبَشَّرْنٰهُ بِغُلٰمٍ حَلِیْمٍ ﴿۱۰۱﴾ فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْیَ قَالَ یٰبُنَیَّ اِنِّیْٓ اَرٰی فِی الْمَنَامِ

فَبَشَّرْنٰهُ	بِغُلٰمٍ	حَلِیْمٍ	فَلَمَّا	بَلَغَ	مَعَهُ	السَّعْیَ	قَالَ	یٰبُنَیَّ	اِنِّیْٓ اَرٰی	فِی	الْمَنَامِ
پس بشارت دی ہم نے اسے	ایک لڑکا	بردبار	پھر جب	وہ پہنچا	اسکے ساتھ	دوڑنے	اس نے کہا	اے میرے بیٹے	بیشک میں دیکھتا ہوں	میں	خواب

پس ہم نے اسے ایک بردبار لڑکے کی بشارت دی۔ پھر جب وہ اسکے ساتھ دوڑنے (کی عمر کو) پہنچا تو ابراہیمؑ نے کہا، اے میرے بیٹے! بیشک میں خواب میں دیکھتا ہوں

أَنِّيٓ أَذۡبَحُكَ فَٱنظُرۡ مَاذَا تَرَىٰۚ قَالَ يَٰٓأَبَتِ ٱفۡعَلۡ مَا تُؤۡمَرُۖ سَتَجِدُنِيٓ

أَنِّيٓ	أَذۡبَحُكَ	فَٱنظُرۡ	مَاذَا	تَرَىٰ	قَالَ	يَٰٓأَبَتِ	ٱفۡعَلۡ	مَا تُؤۡمَرُ	سَتَجِدُنِيٓ
کہ میں	تجھے ذبح کر رہا ہوں	اب تو دیکھ	کیا	تیری رائے	اس نے کہا	اے میرے ابا جان	آپ کریں	جو آپ کو حکم کیا جاتا ہے	آپ جلد ہی مجھے پائیں گے

کہ میں تجھے ذبح کر رہا ہوں۔ اب تو دیکھ تیری کیا رائے ہے؟ اس نے کہا اے میرے ابا جان! آپکو جو حکم کیا جاتا ہے وہ کریں، آپ مجھے جلد ہی پائیں گے

إِن شَآءَ ٱللَّهُ مِنَ ٱلصَّٰبِرِينَ ۝١٠٢ فَلَمَّآ أَسۡلَمَا وَتَلَّهُۥ لِلۡجَبِينِ ۝١٠٣ وَنَٰدَيۡنَٰهُ

إِن	شَآءَ ٱللَّهُ	مِنَ	ٱلصَّٰبِرِينَ	فَلَمَّآ	أَسۡلَمَا	وَتَلَّهُۥ	لِلۡجَبِينِ	وَنَٰدَيۡنَٰهُ
اگر	اللہ نے چاہا	سے	صبر کرنے والے	پس جب	دونوں نے حکم (الٰہی) مان لیا	اور باپ نے بیٹے کو لٹایا	پیشانی کے بل	اور ہم نے اسکو پکارا

انشاء اللہ (اگر اللہ نے چاہا) صبر کرنے والوں میں سے۔ پس جب دونوں نے حکمِ الٰہی کو مان لیا، باپ نے بیٹے کو پیشانی کے بل لٹایا اور ہم نے اس کو پکارا

أَن يَٰٓإِبۡرَٰهِيمُ ۝١٠٤ قَدۡ صَدَّقۡتَ ٱلرُّءۡيَآۚ إِنَّا كَذَٰلِكَ نَجۡزِي ٱلۡمُحۡسِنِينَ ۝١٠٥ إِنَّ هَٰذَا

أَن	يَٰٓإِبۡرَٰهِيمُ	قَدۡ صَدَّقۡتَ	ٱلرُّءۡيَا	إِنَّا كَذَٰلِكَ	نَجۡزِي	ٱلۡمُحۡسِنِينَ	إِنَّ هَٰذَا
کہ	اے ابراہیم	تحقیق تو نے سچ کر دکھایا	خواب	بیشک ہم اسی طرح	ہم جزا دیا کرتے ہیں	نیکوکاروں	بیشک یہ

کہ اے ابراہیمؑ! تحقیق تو نے خواب کو سچ کر دکھایا، بیشک ہم نیکوکاروں کو اسی طرح جزا دیا کرتے ہیں۔ بے شک یہ

لَهُوَ ٱلۡبَلَٰٓؤُاْ ٱلۡمُبِينُ ۝١٠٦ وَفَدَيۡنَٰهُ بِذِبۡحٍ عَظِيمٖ ۝١٠٧ وَتَرَكۡنَا عَلَيۡهِ فِي ٱلۡأٓخِرِينَ ۝١٠٨

لَهُوَ	ٱلۡبَلَٰٓؤُاْ	ٱلۡمُبِينُ	وَفَدَيۡنَٰهُ	بِذِبۡحٍ	عَظِيمٖ	وَتَرَكۡنَا	عَلَيۡهِ	فِي ٱلۡأٓخِرِينَ
البتہ	آزمائش	کھلی	اور ہم نے اسکے عوض دیا	ایک ذبیحہ	بڑا	اور ہم نے باقی رکھا	اس پر (اس کا ذکرِ خیر)	بعد میں آنیوالوں میں

البتہ کھلی آزمائش (بڑا امتحان تھا)۔ اور ہم نے ایک بڑا ذبیحہ (قربانی کو) اسکے عوض دیا، اور ہم نے اس کا ذکرِ خیر بعد میں آنیوالوں میں باقی رکھا

سَلَٰمٌ عَلَىٰٓ إِبۡرَٰهِيمَ ۝١٠٩ كَذَٰلِكَ نَجۡزِي ٱلۡمُحۡسِنِينَ ۝١١٠ إِنَّهُۥ مِنۡ عِبَادِنَا

سَلَٰمٌ	عَلَىٰٓ	إِبۡرَٰهِيمَ	كَذَٰلِكَ	نَجۡزِي	ٱلۡمُحۡسِنِينَ	إِنَّهُۥ	مِنۡ	عِبَادِنَا
سلام	پر	ابراہیم	اسی طرح	ہم جزا دیا کرتے ہیں	نیکوکاروں	بیشک وہ	سے	ہمارے بندے

سلام ہو ابراہیمؑ پر۔ اسی طرح ہم نیکوکاروں کو جزا دیا کرتے ہیں۔ بے شک وہ ہمارے

ٱلۡمُؤۡمِنِينَ ۝١١١ وَبَشَّرۡنَٰهُ بِإِسۡحَٰقَ نَبِيّٗا مِّنَ ٱلصَّٰلِحِينَ ۝١١٢ وَبَٰرَكۡنَا عَلَيۡهِ

ٱلۡمُؤۡمِنِينَ	وَبَشَّرۡنَٰهُ	بِإِسۡحَٰقَ	نَبِيّٗا	مِّنَ	ٱلصَّٰلِحِينَ	وَبَٰرَكۡنَا	عَلَيۡهِ
جمع (مومن)	اور ہم نے اسے بشارت دی	اسحٰق کی	ایک نبی	سے	نیک بخت	اور ہم نے برکت نازل کی	اس پر۔ اس کو

مومن بندوں میں سے تھے۔ اور ہم نے اسے بشارت دی اسحاقؑ کی (کہ وہ) ایک نبی (اور) نیک بختوں میں سے ہوگا۔ اور ہمنے اس پر برکت نازل کی

وَعَلٰٓى اِسْحٰقَ ۭ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهِمَا مُحْسِنٌ وَّظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ مُبِيْنٌ ﴿۱۱۳﴾ وَلَقَدْ

وَ	عَلٰى	اِسْحٰقَ	وَ مِنْ	ذُرِّيَّتِهِمَا	مُحْسِنٌ	وَظَالِمٌ	لِّنَفْسِهٖ	مُبِيْنٌ	وَلَقَدْ
اور	پر	اسحٰقؑ	اور سے۔ہیں	ان دونوں کی اولاد	نیکوکار	اورظلم کرنیوالا	اپنی جان پر	صریح	اور تحقیق البتہ

اور اسحٰقؑ پر، اور ان دونوں کی اولاد میں نیکوکار (بھی ہیں) اور اپنی جان پر صریح ظلم کرنے والے (بھی)۔ اور تحقیق

مَنَنَّا عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۱۱۴﴾ وَنَجَّيْنٰهُمَا وَقَوْمَهُمَا مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۱۵﴾

مَنَنَّا	عَلٰى مُوْسٰى	وَهٰرُوْنَ	وَ نَجَّيْنٰهُمَا	وَقَوْمَهُمَا	مِنَ	الْكَرْبِ	الْعَظِيْمِ
اور ہم نے احسان کیا	موسیٰ پر	اور ہارون	اور ان دونوں کو نجات دی	اور ان کی قوم	سے	غم	بڑا

ہم نے موسیٰؑ پر اور ہارونؑ پر احسان کیا۔ اور ہم نے ان دونوں کو اور ان کی قوم کو بڑے غم (فرعون کے مظالم) سے نجات دی۔

وَنَصَرْنٰهُمْ فَكَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿۱۱۶﴾ وَاٰتَيْنٰهُمَا الْكِتٰبَ الْمُسْتَبِيْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَ

وَ	نَصَرْنٰهُمْ	فَكَانُوْا	هُمُ	الْغٰلِبِيْنَ	وَاٰتَيْنٰهُمَا	الْكِتٰبَ	الْمُسْتَبِيْنَ	وَ
اور	ہم نے مدد کی ان کی	تو وہ رہے	وہی	(جمع) غالب	اور ہم نے ان دونوں کو دی	کتاب	واضح	اور

اور ہم نے ان کی مدد کی، تو وہی غالب رہے۔ اور ہم نے ان دونوں کو واضح کتاب دی۔ اور

هَدَيْنٰهُمَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿۱۱۸﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِمَا فِى الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ سَلٰمٌ عَلٰى مُوْسٰى

هَدَيْنٰهُمَا	الصِّرَاطَ	الْمُسْتَقِيْمَ	وَتَرَكْنَا	عَلَيْهِمَا	فِى الْاٰخِرِيْنَ	سَلٰمٌ	عَلٰى مُوْسٰى
ان دونوں کو ہدایت دی	راستہ	سیدھا	اور ہم نے باقی رکھا	ان دونوں پر (انکا ذکر خیر)	بعد میں آنیوالوں میں	سلام	موسیٰ پر

ان دونوں کو سیدھے راستے کی ہدایت دی۔ اور ہم نے ان دونوں کا ذکر خیر بعد میں آنیوالوں میں باقی رکھا۔ سلام ہو موسیٰؑ

وَهٰرُوْنَ ﴿۱۲۰﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۲۱﴾ اِنَّهُمَا مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۲﴾

وَهٰرُوْنَ	اِنَّا كَذٰلِكَ	نَجْزِى	الْمُحْسِنِيْنَ	اِنَّهُمَا	مِنْ	عِبَادِنَا	الْمُؤْمِنِيْنَ
اور ہارون	بیشک ہم اسی طرح	ہم جزا دیتے ہیں	نیکوکاروں	بیشک وہ دونوں	سے	ہمارے بندے	(جمع) مومن

اور ہارونؑ پر۔ بیشک ہم اسی طرح نیکوکاروں کو جزا دیتے ہیں۔ بیشک وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھے۔

وَاِنَّ اِلْيَاسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۲۳﴾ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۲۴﴾ اَتَدْعُوْنَ بَعْلًا

وَاِنَّ	اِلْيَاسَ	لَمِنَ	الْمُرْسَلِيْنَ	اِذْ قَالَ	لِقَوْمِهٖ	اَلَا تَتَّقُوْنَ	اَتَدْعُوْنَ	بَعْلًا
اور بیشک	الیاس	البتہ سے	رسولوں (جمع)	جب اس نے کہا	اپنی قوم کو	کیا تم نہیں ڈرتے	کیا تم پکارتے ہو	بعل

اور بے شک الیاسؑ رسولوں میں سے تھے۔ (یاد کرو) جب اس نے اپنی قوم سے کہا کیا تم (اللہ سے) نہیں ڈرتے؟ کیا تم بعل (بت کو) پکارتے ہو؟

وَ تَذَرُوْنَ اَحْسَنَ الْخَالِقِيْنَ ﴿۱۲۵﴾ اللّٰهَ رَبَّكُمْ وَ رَبَّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۲۶﴾

وَ تَذَرُوْنَ	اَحْسَنَ	الْخَالِقِيْنَ	اللّٰهَ	رَبَّكُمْ	وَ رَبَّ	اٰبَآئِكُمُ	الْاَوَّلِيْنَ
اور تم چھوڑ دیتے ہو	سب سے بہتر	پیدا کرنے والا (جمع)	اللہ	تمہارا رب	اور رب	تمہارے باپ دادا	پہلے

اور تم سب سے بہتر پیدا کرنے والے کو چھوڑتے ہو (یعنی) اللہ کو (جو) تمہارا بھی رب ہے اور تمہارے پہلے باپ دادا کا (بھی) رب ہے۔

فَكَذَّبُوْهُ فَاِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۱۲۸﴾ وَ تَرَكْنَا عَلَيْهِ

فَكَذَّبُوْهُ	فَاِنَّهُمْ	لَمُحْضَرُوْنَ	اِلَّا	عِبَادَ اللّٰهِ	الْمُخْلَصِيْنَ	وَ تَرَكْنَا	عَلَيْهِ
پس انہوں نے جھٹلایا	تو بیشک وہ	وہ ضرور حاضر کئے جائینگے	سوائے	اللہ کے بندے	(جمع)، مخلص	اور ہم نے باقی رکھا	اس پر اس کا (ذکر خیر)

پس انہوں نے جھٹلایا۔ تو بیشک وہ ضرور حاضر کئے جائیں گے (پکڑے جائیں گے) اللہ کے مخلص (خاص بندوں) کے سوا۔ اور ہم نے اس کا ذکر خیر باقی رکھا

فِی الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۲۹﴾ سَلٰمٌ عَلٰٓى اِلْ يَاسِيْنَ ﴿۱۳۰﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۳۱﴾ اِنَّهٗ

فِی الْاٰخِرِيْنَ	سَلٰمٌ	عَلٰى	اِلْ يَاسِيْنَ	اِنَّا كَذٰلِكَ	نَجْزِى	الْمُحْسِنِيْنَ	اِنَّهٗ
بعد میں آنے والوں میں	سلام	پر	الیاسین (الیاس)	بیشک ہم اسی طرح	جزا دیا کرتے ہیں	نیکو کاروں	بیشک وہ

بعد میں آنے والوں میں۔ سلام ہو الیاسؑ پر۔ بیشک ہم اسی طرح نیکو کاروں کو جزا دیا کرتے ہیں۔ بیشک وہ

مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳۲﴾ وَ اِنَّ لُوْطًا لَّمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۳۳﴾ اِذْ نَجَّيْنٰهُ وَ

مِنْ	عِبَادِنَا	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَ اِنَّ	لُوْطًا	لَمِنَ	الْمُرْسَلِيْنَ	اِذْ	نَجَّيْنٰهُ	وَ
سے	ہمارے بندے	(جمع) مومن	اور بیشک	لوط	البتہ۔ سے	رسول (جمع)	جب	ہم نے اسے نجات دی	اور

ہمارے مومن بندوں میں سے تھے۔ اور بیشک لوطؑ رسولوں میں سے تھے۔ (یاد کرو) جب ہم نے نجات دی اسے اور

اَهْلَهٗٓ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۳۴﴾ اِلَّا عَجُوْزًا فِی الْغٰبِرِيْنَ ﴿۱۳۵﴾ ثُمَّ دَمَّرْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿۱۳۶﴾ وَ اِنَّكُمْ

اَهْلَهٗ	اَجْمَعِيْنَ	اِلَّا	عَجُوْزًا	فِی الْغٰبِرِيْنَ	ثُمَّ	دَمَّرْنَا	الْاٰخَرِيْنَ	وَ اِنَّكُمْ
اس کے گھر والے	سب	سوائے	ایک بڑھیا	پیچھے رہ جانے والے	پھر	ہم نے ہلاک کیا	اوروں کو	اور بیشک تم

اس کے سب گھر والوں کو، پیچھے رہ جانے والوں میں سے ایک بڑھیا کے سوا۔ پھر ہم نے اور سب کو ہلاک کیا۔ اور بیشک تم

لَتَمُرُّوْنَ عَلَيْهِمْ مُّصْبِحِيْنَ ﴿۱۳۷﴾ وَ بِالَّيْلِ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۳۸﴾ وَ اِنَّ يُوْنُسَ ع ۴ ۲۵ ۸

لَتَمُرُّوْنَ	عَلَيْهِمْ	مُّصْبِحِيْنَ	وَ بِالَّيْلِ	اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ	وَ	اِنَّ	يُوْنُسَ
البتہ گزرتے ہو	ان پر	صبح کرتے ہوئے (صبح ہوتے)	اور رات میں	تو کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے	اور	بیشک	یونس

تو صبح ہوتے اور رات میں ان پر (ان کی بستیوں سے) گزرتے ہو۔ تو کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے؟ اور بے شک یونسؑ

لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۳۹﴾ اِذْ اَبَقَ اِلَى الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿۱۴۰﴾ فَسَاهَمَ فَكَانَ مِنَ

لَمِنَ	الْمُرْسَلِيْنَ	اِذْ	اَبَقَ	اِلَى	الْفُلْكِ	الْمَشْحُوْنِ	فَسَاهَمَ	فَكَانَ	مِنَ
البتہ۔ سے	رسولوں	جب	بھاگ گئے	طرف	کشتی	بھری ہوئی	تو قرعہ ڈالا	سو وہ ہوا	سے

البتہ رسولوں میں سے تھے۔ جب وہ بھاگ کر بھری ہوئی کشتی (کے پاس) گئے، تو قرعہ ڈالا سو وہ ہوئے

الْمُدْحَضِيْنَ ﴿۱۴۱﴾ فَالْتَقَمَهُ الْحُوْتُ وَهُوَ مُلِيْمٌ ﴿۱۴۲﴾ فَلَوْلَآ اَنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ ﴿۱۴۳﴾

الْمُدْحَضِيْنَ	فَالْتَقَمَهُ	الْحُوْتُ	وَهُوَ	مُلِيْمٌ	فَلَوْلَآ	اَنَّهٗ	كَانَ	مِنَ	الْمُسَبِّحِيْنَ
دھکیلے گئے	پھر اسے نگل لیا	مچھلی	اور وہ	ملامت کرنیوالا	پھر اگر نہ	یہ کہ وہ	ہوتا	سے	تسبیح کرنے والے

دھکیلے گئے (ملزم ٹھہرے)۔ پھر انہیں مچھلی نے نگل لیا اور وہ (اپنے آپ کو) ملامت کر رہے تھے۔ پھر اگر وہ تسبیح کرنیوالوں میں سے نہ ہوتے،

لَلَبِثَ فِيْ بَطْنِهٖٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿۱۴۴﴾ فَنَبَذْنٰهُ بِالْعَرَآءِ وَهُوَ سَقِيْمٌ ﴿۱۴۵﴾ وَاَنْۢبَتْنَا

لَلَبِثَ	فِيْ بَطْنِهٖ	اِلٰى	يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ	فَنَبَذْنٰهُ	بِالْعَرَآءِ	وَهُوَ	سَقِيْمٌ	وَاَنْۢبَتْنَا
البتہ رہتا	اس کے پیٹ میں	تک	بعثت کے دن (روز حشر)	پھر ہم نے اسے پھینک دیا	چٹیل میدان میں	اور وہ	بیمار	اور ہم نے اُگایا

تو اس کے پیٹ میں قیامت کے دن تک رہتے۔ پھر ہم نے انہیں چٹیل میدان میں پھینک دیا اور وہ بیمار تھے۔ اور ہم نے اُگایا

عَلَيْهِ شَجَرَةً مِّنْ يَّقْطِيْنٍ ﴿۱۴۶﴾ وَاَرْسَلْنٰهُ اِلٰى مِائَةِ اَلْفٍ اَوْ يَزِيْدُوْنَ ﴿۱۴۷﴾

عَلَيْهِ	شَجَرَةً	مِّنْ	يَّقْطِيْنٍ	وَاَرْسَلْنٰهُ	اِلٰى	مِائَةِ اَلْفٍ	اَوْ	يَزِيْدُوْنَ
اس پر	ایک پودا	سے	بیلدار (کدو)	اور ہم نے بھیجا اس کو	طرف	ایک لاکھ	یا	اس سے زیادہ

اُن پر ایک بیلدار (کدو کا) پودا۔ اور ہم نے انہیں ایک لاکھ یا اس سے زیادہ لوگوں کی طرف بھیجا۔

فَاٰمَنُوْا فَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ ﴿۱۴۸﴾ فَاسْتَفْتِهِمْ اَلِرَبِّكَ الْبَنَاتُ وَلَهُمُ الْبَنُوْنَ ﴿۱۴۹﴾

فَاٰمَنُوْا	فَمَتَّعْنٰهُمْ	اِلٰى حِيْنٍ	فَاسْتَفْتِهِمْ	اَلِرَبِّكَ	الْبَنَاتُ	وَلَهُمُ	الْبَنُوْنَ
سو وہ ایمان لائے	تو ہم نے انہیں بہرہ مند کیا	ایک مدت تک	پس پوچھیں اُن سے	کیا تیرے رب کے لئے	بیٹیاں	اور ان کے لئے	بیٹے

سو وہ لوگ ایمان لائے اور ہم نے انہیں ایک مدت تک کیلئے بہرہ مند کیا۔ پس ان سے پوچھیں کیا تیرے رب کے لئے بیٹیاں ہیں اور ان کے لئے بیٹے ہیں؟

اَمْ خَلَقْنَا الْمَلٰٓئِكَةَ اِنَاثًا وَّهُمْ شٰهِدُوْنَ ﴿۱۵۰﴾ اَلَآ اِنَّهُمْ مِّنْ اِفْكِهِمْ لَيَقُوْلُوْنَ ﴿۱۵۱﴾

اَمْ	خَلَقْنَا	الْمَلٰٓئِكَةَ	اِنَاثًا	وَّهُمْ	شٰهِدُوْنَ	اَلَآ	اِنَّهُمْ	مِّنْ	اِفْكِهِمْ	لَيَقُوْلُوْنَ
کیا	ہم نے پیدا کیا	فرشتے	عورت	اور وہ	دیکھ رہے تھے	یاد رکھو	بیشک وہ	سے	اپنی بہتان طرازی	البتہ کہتے ہیں

کیا ہم نے فرشتوں کو عورت (ذات) پیدا کیا ہے؟ اور وہ دیکھ رہے تھے؟ یاد رکھو، بے شک وہ بہتان طرازی سے کہتے ہیں۔

وَلَدَ اللّٰهُ ۙ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۱۵۲﴾ اَصْطَفَى الْبَنَاتِ عَلَى الْبَنِيْنَ ﴿۱۵۳﴾ مَا لَكُمْ ۟ كَيْفَ

وَلَدَ	اللّٰهُ	وَاِنَّهُمْ	لَكٰذِبُوْنَ	اَصْطَفَى	الْبَنَاتِ	عَلَى	الْبَنِيْنَ	مَا لَكُمْ	كَيْفَ
اللہ صاحبِ اولاد		اور بیشک وہ	بالتحقیق جھوٹے	کیا اس نے پسند کیا	بیٹیاں	بیٹوں پر		تمہیں کیا ہو گیا	کیسا

(کہ) اللہ صاحبِ اولاد ہے، اور وہ بیشک بالتحقیق جھوٹے ہیں۔ کیا اس نے بیٹیوں کو بیٹوں پر پسند کیا ہے؟ تمہیں کیا ہو گیا ہے؟ تم

تَحْكُمُوْنَ ﴿۱۵۴﴾ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۱۵۵﴾ اَمْ لَكُمْ سُلْطٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵۶﴾ فَاْتُوْا بِكِتٰبِكُمْ

تَحْكُمُوْنَ	اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ	اَمْ	لَكُمْ	سُلْطٰنٌ	مُّبِيْنٌ	فَاْتُوْا	بِكِتٰبِكُمْ
تم فیصلہ کرتے ہو	تو کیا تم غور نہیں کرتے ؟	کیا	تمہارے پاس	کوئی سند	کھلی	تو لے آؤ	اپنی کتاب

کیسا فیصلہ کرتے ہو؟ تو کیا تم غور نہیں کرتے؟ کیا تمہارے پاس کوئی کھلی سند ہے؟ تو اپنی وہ کتاب لے آؤ

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۵۷﴾ وَجَعَلُوْا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الْجِنَّةِ نَسَبًا ۭ وَلَقَدْ عَلِمَتِ

اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	وَجَعَلُوْا	بَيْنَهٗ	وَبَيْنَ	الْجِنَّةِ	نَسَبًا	وَ	لَقَدْ عَلِمَتِ
اگر	تم ہو	سچے	اور انہوں نے ٹھہرایا	اسکے درمیان	اور درمیان	جنات	ایک رشتہ	اور	تحقیق جان لیا

اگر تم سچے ہو۔ اور انہوں نے اس کے اور جنات کے درمیان ایک رشتہ ٹھہرایا، اور تحقیق جان لیا

الْجِنَّةُ اِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ﴿۱۵۸﴾ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۱۵۹﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ

الْجِنَّةُ	اِنَّهُمْ	لَمُحْضَرُوْنَ	سُبْحٰنَ اللّٰهِ	عَمَّا	يَصِفُوْنَ	اِلَّا	عِبَادَ اللّٰهِ
جنات	بیشک وہ	حاضر کئے جائیں گے	پاک ہے اللہ	اس سے جو	وہ بیان کرتے ہیں	مگر	اللہ کے بندے

جنات نے کہ بیشک وہ (عذاب میں) حاضر (گرفتار) کئے جائیں گے۔ اللہ اس سے پاک ہے جو وہ بیان کرتے ہیں۔ سوائے اللہ کے

الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۱۶۰﴾ فَاِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ ﴿۱۶۱﴾ مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ بِفٰتِنِيْنَ ﴿۱۶۲﴾ اِلَّا مَنْ هُوَ

الْمُخْلَصِيْنَ	فَاِنَّكُمْ	وَمَا	تَعْبُدُوْنَ	مَآ اَنْتُمْ	عَلَيْهِ	بِفٰتِنِيْنَ	اِلَّا	مَنْ هُوَ
خاص کئے ہوئے (چنے ہوئے)	تو بیشک تم	اور جو	تم پرستش کرتے ہو	نہیں ہو تم	اس کے خلاف	بہکانے والے	سوائے	جو۔ وہ

چنے ہوئے بندے۔ تو بیشک تم اور وہ جن کی تم پرستش کرتے ہو، وہ اس کے (اللہ کے) خلاف (کسی کو) نہیں بہکا سکتے؛ اس کے سوا جو

صَالِ الْجَحِيْمِ ﴿۱۶۳﴾ وَمَا مِنَّآ اِلَّا لَهٗ مَقَامٌ مَّعْلُوْمٌ ﴿۱۶۴﴾ وَّاِنَّا لَنَحْنُ الصَّآفُّوْنَ ﴿۱۶۵﴾

صَالِ	الْجَحِيْمِ	وَمَا	مِنَّآ	اِلَّا لَهٗ	مَقَامٌ مَّعْلُوْمٌ	وَّاِنَّا	لَنَحْنُ	الصَّآفُّوْنَ
جانے والا	جہنم	اور نہیں	ہم میں سے	مگر اس کے لئے	ایک معین درجہ	اور بیشک ہم	البتہ ہم	صف بستہ ہوتے والے

جہنم میں جانے والا ہے۔ اور (فرشتوں نے کہا) ہم میں سے کوئی بھی ایسا نہیں جس کا ایک معین درجہ نہ ہو اور بیشک ہم ہی صف بستہ رہنے والے ہیں۔

وَإِنَّا لَنَحْنُ الْمُسَبِّحُونَ ﴿۱۶۶﴾ وَإِنْ كَانُوا لَيَقُولُونَ ﴿۱۶۷﴾ لَوْ أَنَّ عِنْدَنَا ذِكْرًا

وَإِنَّا	لَنَحْنُ	الْمُسَبِّحُونَ	وَإِنْ	كَانُوا	لَيَقُولُونَ	لَوْ أَنَّ	عِنْدَنَا	ذِكْرًا
اور بیشک ہم	البتہ ہم	تسبیح کرنے والے	اور بیشک	وہ کہا کرتے تھے		اگر ہوتی	ہمارے پاس	کوئی نصیحت

اور بیشک ہم ہی تسبیح کرنے والے ہیں۔ اور بیشک وہ کہا کرتے تھے، اگر ہمارے پاس ہوتی

مِنَ الْأَوَّلِينَ ﴿۱۶۸﴾ لَكُنَّا عِبَادَ اللَّهِ الْمُخْلَصِينَ ﴿۱۶۹﴾ فَكَفَرُوا بِهِ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ ﴿۱۷۰﴾

مِنَ	الْأَوَّلِينَ	لَكُنَّا	عِبَادَ اللَّهِ	الْمُخْلَصِينَ	فَكَفَرُوا	بِهِ	فَسَوْفَ	يَعْلَمُونَ
سے	پہلے لوگ	ضرور ہم ہوتے	اللہ کے	خاص کئے (منتخب)	پھر انہوں نے انکار کیا	اس کا	تو عنقریب	وہ جان لیں گے

پہلے لوگوں کی کوئی (کتاب) نصیحت، تو ہم ضرور اللہ کے منتخب بندوں میں سے ہوتے۔ پھر انہوں نے اس کا انکار کیا تو وہ عنقریب (اس کا انجام) جان لیں گے۔

وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِينَ ﴿۱۷۱﴾ إِنَّهُمْ لَهُمُ الْمَنْصُورُونَ ﴿۱۷۲﴾ وَإِنَّ

وَ	لَقَدْ سَبَقَتْ	كَلِمَتُنَا	لِعِبَادِنَا	الْمُرْسَلِينَ	إِنَّهُمْ	لَهُمُ	الْمَنْصُورُونَ	وَإِنَّ
اور	پہلے صادر ہو چکا ہے	ہمارا وعدہ	اپنے بندوں کے لئے	رسولوں	بیشک وہ	البتہ وہی	فتح مند	اور بیشک

اور ہمارا وعدہ اپنے بندوں (یعنی) رسولوں کے لئے پہلے (ہی) صادر ہو چکا ہے۔ بیشک وہی فتح مند ہوں گے۔ اور بیشک

جُنْدَنَا لَهُمُ الْغَالِبُونَ ﴿۱۷۳﴾ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتَّىٰ حِينٍ ﴿۱۷۴﴾ وَأَبْصِرْهُمْ فَسَوْفَ يُبْصِرُونَ ﴿۱۷۵﴾

جُنْدَنَا	لَهُمُ	الْغَالِبُونَ	فَتَوَلَّ	عَنْهُمْ	حَتَّىٰ	حِينٍ	وَأَبْصِرْهُمْ	فَسَوْفَ	يُبْصِرُونَ
ہمارا لشکر	البتہ وہی	غالب (جمع)	پس اعراض کریں	ان سے	تک	ایک وقت تک	اور انہیں دیکھتے رہیں	پس عنقریب	وہ دیکھ لیں گے

البتہ ہمارا لشکر ہی غالب رہے گا۔ پس ایک وقت تک (تھوڑا عرصہ) ان سے اعراض کریں، اور انہیں دیکھتے رہیں پس عنقریب وہ (اپنا انجام) دیکھ لیں گے۔

أَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُونَ ﴿۱۷۶﴾ فَإِذَا نَزَلَ بِسَاحَتِهِمْ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِينَ ﴿۱۷۷﴾

أَفَبِعَذَابِنَا	يَسْتَعْجِلُونَ	فَإِذَا	نَزَلَ	بِسَاحَتِهِمْ	فَسَاءَ	صَبَاحُ	الْمُنْذَرِينَ
تو کیا ہمارے عذاب کے لئے	وہ جلدی کر رہے ہیں	تو جب	وہ نازل ہوگا	انکے میدان میں	تو بری	صبح	جنکو ڈرایا جا چکا ہے

تو کیا وہ ہمارے عذاب کے لئے جلدی کر رہے ہیں؟ تو جب وہ ان کے میدان میں نازل ہوگا تو ان کی صبح بُری ہو گی، جنہیں ڈرایا جا چکا ہے۔

وَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتَّىٰ حِينٍ ﴿۱۷۸﴾ وَأَبْصِرْ فَسَوْفَ يُبْصِرُونَ ﴿۱۷۹﴾ سُبْحَانَ رَبِّكَ

وَتَوَلَّ	عَنْهُمْ	حَتَّىٰ	حِينٍ	وَأَبْصِرْ	فَسَوْفَ	يُبْصِرُونَ	سُبْحَانَ	رَبِّكَ
اور اعراض کریں	ان سے	تک	ایک مدت	اور دیکھتے رہیں	پس عنقریب	وہ دیکھ لیں گے	پاک ہے	تمہارا رب

اور ایک مدت تک (تھوڑا عرصہ) ان سے اعراض کریں، اور دیکھتے رہیں پس عنقریب وہ (اپنا انجام) دیکھ لیں گے۔ پاک ہے تمہارا رب


مِنْ قَرْنٍ	هُمْ	اَشَدُّ	مِنْهُمْ	بَطْشًا	فَنَقَّبُوْا	فِي الْبِلَادِ	هَلْ	مِنْ	مَّحِيْصٍ	اِنَّ	فِيْ
اُمتیں	وہ زیادہ سخت		ان سے	پکڑ میں	پس وہ گشت کرنے لگے شہروں میں		کیا	سے (کہیں)	بھاگنے کی جگہ	بیشک	میں

اُمتیں، وہ پکڑ (قوت) میں ان سے زیادہ سخت تھیں، پس وہ شہروں میں گشت کرنے لگے، کیا کہیں بھاگنے کی جگہ ہے ؟ بے شک

ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِمَنْ كَانَ لَهٗ قَلْبٌ اَوْ اَلْقَى السَّمْعَ وَهُوَ شَهِيْدٌ ﴿۳۷﴾ وَلَقَدْ

ذٰلِكَ	لَذِكْرٰى	لِمَنْ	كَانَ	لَهٗ	قَلْبٌ	اَوْ	اَلْقَى السَّمْعَ	وَهُوَ	شَهِيْدٌ	وَلَقَدْ
اس	نصیحت	اسکے لئے جو	ہو	اس کا	دل	یا	ڈالے (لگائے) کان	اور وہ	متوجہ	اور تحقیق

اس میں نصیحت (بڑی عبرت) ہے اس کے لئے جس کا دل (بیدار) ہو، یا کان لگائے اور وہ متوجہ ہو۔ اور تحقیق

خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ۖ وَّمَا مَسَّنَا مِنْ لُّغُوْبٍ ﴿۳۸﴾

خَلَقْنَا	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	وَمَا بَيْنَهُمَا	فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ	وَ	مَا مَسَّنَا	مِنْ لُّغُوْبٍ
ہم نے پیدا کیا	آسمانوں	اور زمین	اور جو ان دونوں کے درمیان	چھ دن میں	اور	نہیں چھوا ہمیں	کسی تکان نے

ہم نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا، اور جو ان کے درمیان ہے، چھ دن میں، اور ہمیں کسی تکان نے نہیں چھوا۔

فَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوْبِ ﴿۳۹﴾

فَاصْبِرْ	عَلٰى	مَا يَقُوْلُوْنَ	وَسَبِّحْ	بِحَمْدِ رَبِّكَ	قَبْلَ	طُلُوْعِ الشَّمْسِ	وَقَبْلَ الْغُرُوْبِ
پس صبر کرو	پر	جو وہ کہتے ہیں	اور پاکیزگی بیان کرو	اپنے رب کی تعریف کے ساتھ	قبل	سورج کا طلوع	اور غروب ہونے سے قبل

پس جو وہ کہتے ہیں اس پر صبر کرو، اور اپنے رب کی تعریف کے ساتھ پاکیزگی بیان کرو، سورج کے طلوع اور غروب سے قبل۔

وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاَدْبَارَ السُّجُوْدِ ﴿۴۰﴾ وَاسْتَمِعْ يَوْمَ يُنَادِ الْمُنَادِ مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ ﴿۴۱﴾

وَمِنَ	الَّيْلِ	فَسَبِّحْهُ	وَاَدْبَارَ	السُّجُوْدِ	وَاسْتَمِعْ	يَوْمَ	يُنَادِ الْمُنَادِ	مِنْ	مَّكَانٍ قَرِيْبٍ
اور	رات میں	پس اسکی پاکیزگی بیان کرو	اور بعد	سجدوں (نماز)	اور سنو	جس دن	پکارنے والا پکارے گا	سے	جگہ قریب

اور رات میں پس اس کی پاکیزگی بیان کرو، اور نمازوں کے بعد (بھی)۔ اور (کان لگا کر) سنو جس دن پکارنے والا قریب جگہ سے پکارے گا۔

يَّوْمَ يَسْمَعُوْنَ الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ ۭ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُرُوْجِ ﴿۴۲﴾ اِنَّا نَحْنُ نُحْيٖ وَنُمِيْتُ

يَوْمَ	يَسْمَعُوْنَ	الصَّيْحَةَ	بِالْحَقِّ	ذٰلِكَ	يَوْمُ الْخُرُوْجِ	اِنَّا نَحْنُ	نُحْيٖ	وَنُمِيْتُ
جس دن	وہ سنیں گے	چیخ	حق کے ساتھ	یہ	باہر نکلنے کا دن	بیشک ہم	زندگی دیتے ہیں	اور مارتے ہیں

جس دن وہ حق کے ساتھ چیخ سنیں گے، یہ (قبروں سے) باہر نکلنے کا دن ہوگا، بیشک ہم زندگی دیتے ہیں، اور ہم ہی مارتے ہیں،

وَاِلَيْنَا الْمَصِيْرُ ﴿۴۳﴾ يَوْمَ تَشَقَّقُ الْاَرْضُ عَنْهُمْ سِرَاعًا ۭ ذٰلِكَ حَشْرٌ عَلَيْنَا يَسِيْرٌ ﴿۴۴﴾

وَاِلَيْنَا	الْمَصِيْرُ	يَوْمَ تَشَقَّقُ	الْاَرْضُ	عَنْهُمْ	سِرَاعًا	ذٰلِكَ	حَشْرٌ	عَلَيْنَا	يَسِيْرٌ
اور ہماری طرف	پھر لوٹ کر آنا ہے	جس دن شق ہو جائے گی	زمین	اُن سے	جلدی کرتے ہوئے	یہ	حشر	ہمارے لئے	آسان

اور ہماری طرف (ہی) لوٹ کر آنا ہے۔ جس دن زمین اُن سے شق ہو جائے گی جلدی کرتے ہوئے نکلیں گے، یہ حشر ہمارے لئے آسان ہے۔

نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِجَبَّارٍ فَذَكِّرْ بِالْقُرْاٰنِ مَنْ

نَحْنُ اَعْلَمُ	بِمَا	يَقُوْلُوْنَ	وَمَآ اَنْتَ	عَلَيْهِمْ	بِجَبَّارٍ	فَذَكِّرْ	بِالْقُرْاٰنِ	مَنْ
ہم خوب جانتے ہیں	وہ جو	وہ کہتے ہیں	اور نہیں آپؐ	ان پر	جبر کرنے والے	پس نصیحت کریں	قرآن سے	جو

جو وہ کہتے ہیں ہم خوب جانتے ہیں۔ اور تم ان پر جبر کرنے والے نہیں، پس آپؐ قرآن سے نصیحت کریں، جو ٣

يَّخَافُ وَعِيْدِ ﴿٤٥﴾ ع ١٦

يَّخَافُ	وَعِيْدِ
وہ ڈرتا ہے	میری وعید

میری وعید (وعدہ عذاب) سے ڈرتا ہے۔ ١٧

اٰيَاتُهَا ٦٠	٥١ = سُوْرَةُ الذّٰرِيٰتِ مَكِّيَّةٌ = ٦٧	رُكُوْعَاتُهَا ٣

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے۔

وَالذّٰرِيٰتِ ذَرْوًا ﴿١﴾ فَالْحٰمِلٰتِ وِقْرًا ﴿٢﴾ فَالْجٰرِيٰتِ يُسْرًا ﴿٣﴾ فَالْمُقَسِّمٰتِ اَمْرًا ﴿٤﴾ اِنَّمَا

وَالذّٰرِيٰتِ	ذَرْوًا	فَالْحٰمِلٰتِ	وِقْرًا	فَالْجٰرِيٰتِ	يُسْرًا	فَالْمُقَسِّمٰتِ	اَمْرًا	اِنَّمَا
قسم ہے پراگندہ کرنیوالی (ہواؤں)	اڑا کر	پھر اٹھانے والی	بوجھ	پھر چلنے والی	نرمی سے	پھر تقسیم کرنے والے	حکم سے	اس کے سوا نہیں

قسم ہے (خاک) اڑا کر پراگندہ کرنیوالی ہواؤں کی، پھر (بارش کا) بوجھ اٹھانیوالی ہواؤں کی، پھر نرمی سے چلنے والی (کشتیوں) کی، پھر حکم سے تقسیم کرنیوالے (فرشتوں) کی، اسکے سوا نہیں کہ

تُوْعَدُوْنَ لَصَادِقٌ ﴿٥﴾ وَّاِنَّ الدِّيْنَ لَوَاقِعٌ ﴿٦﴾ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْحُبُكِ ﴿٧﴾ اِنَّكُمْ

تُوْعَدُوْنَ	لَصَادِقٌ	وَّاِنَّ	الدِّيْنَ	لَوَاقِعٌ	وَالسَّمَآءِ	ذَاتِ الْحُبُكِ	اِنَّكُمْ
تمہیں وعدہ دیا جاتا ہے	البتہ سچ ہے	اور بیشک	جزا و سزا	البتہ واقع ہونیوالی	اور قسم کی آسمان کی	راستوں والے	بیشک تم

تمہیں وعدہ دیا جاتا ہے البتہ سچ ہے۔ اور بیشک جزا و سزا البتہ واقع ہونے والی ہے۔ اور قسم ہے راستوں والے آسمان کی۔ بے شک تم

لَفِيْ قَوْلٍ مُّخْتَلِفٍ ﴿٨﴾ يُّؤْفَكُ عَنْهُ مَنْ اُفِكَ ﴿٩﴾ قُتِلَ الْخَرّٰصُوْنَ ﴿١٠﴾ الَّذِيْنَ

لَفِيْ	قَوْلٍ	مُّخْتَلِفٍ	يُّؤْفَكُ	عَنْهُ	مَنْ اُفِكَ	قُتِلَ	الْخَرّٰصُوْنَ	الَّذِيْنَ
البتہ میں	بات	جھگڑے والی	پھیرا جاتا ہے	اس سے	جو پھیرا جاتا ہے	مارے گئے	اٹکل دوڑانے والے	وہ جو

البتہ جھگڑنے والی بات میں ہو۔ اس (قرآن) سے وہی پھیرا جاتا ہے جو (اللہ کی طرف سے) پھیرا جاتا ہے۔ اٹکل دوڑانے والے مارے گئے۔ جو

هُمْ فِيْ غَمْرَةٍ سَاهُوْنَ ﴿۱۱﴾ يَسْـَٔلُوْنَ اَيَّانَ يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿۱۲﴾ يَوْمَ هُمْ عَلَى النَّارِ

هُمْ	فِيْ	غَمْرَةٍ	سَاهُوْنَ	يَسْـَٔلُوْنَ	اَيَّانَ	يَوْمُ الدِّيْنِ	يَوْمَ	هُمْ	عَلَى النَّارِ
وہ	غفلت میں		بھولے ہوئے ہیں	وہ پوچھتے ہیں	کب؟	جزا و سزا کا دن	اس دن	وہ	آگ پر

وہ غفلت میں بھولے ہوئے ہیں۔ وہ پوچھتے ہیں جزا و سزا کا دن کب ہوگا؟ (ہاں) اس دن وہ آگ پر

يُفْتَنُوْنَ ﴿۱۳﴾ ذُوْقُوْا فِتْنَتَكُمْ ۭ هٰذَا الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۱۴﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ

يُفْتَنُوْنَ	ذُوْقُوْا	فِتْنَتَكُمْ	هٰذَا	الَّذِيْ	كُنْتُمْ بِهٖ	تَسْتَعْجِلُوْنَ	اِنَّ	الْمُتَّقِيْنَ
اُلٹے سیدھے پڑیں گے	تم چکھو	اپنی شرارت	یہ	وہ جو	تم تھے اس کی	جلدی کرتے	بیشک	متقی (جمع)

اُلٹے سیدھے پڑیں گے۔ (اب) تم اپنی شرارت (کا مزہ) چکھو، یہ ہے وہ جس کی تم جلدی کرتے تھے۔ بے شک متقی

فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۱۵﴾ اٰخِذِيْنَ مَآ اٰتٰىهُمْ رَبُّهُمْ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُحْسِنِيْنَ ﴿۱۶﴾

فِيْ جَنّٰتٍ	وَ	عُيُوْنٍ	اٰخِذِيْنَ	مَآ اٰتٰىهُمْ	رَبُّهُمْ	اِنَّهُمْ	كَانُوْا	قَبْلَ	ذٰلِكَ	مُحْسِنِيْنَ
باغات میں	اور	چشمے	لینے والے	جو دیا انہیں	ان کا رب	بیشک وہ	تھے	قبل	اس	نیکوکار

باغات اور چشموں میں ہوں گے۔ جو ان کے رب نے انہیں دیا وہ اس کے لینے والے ہوں گے، بیشک وہ اس سے قبل نیکوکار تھے۔

كَانُوْا قَلِيْلًا مِّنَ الَّيْلِ مَا يَهْجَعُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَبِالْاَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ﴿۱۸﴾ وَ

كَانُوْا	قَلِيْلًا	مِّنَ الَّيْلِ	مَا يَهْجَعُوْنَ	وَبِالْاَسْحَارِ	هُمْ	يَسْتَغْفِرُوْنَ	وَ
وہ تھے	تھوڑا	رات سے۔ میں	وہ سوتے	اور وقت صبح	وہ	استغفار کرتے	اور

وہ رات میں تھوڑا سوتے تھے۔ اور وقت صبح وہ استغفار کرتے (بخشش مانگتے) تھے۔ اور

فِيْٓ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ لِّلسَّاۗىِٕلِ وَالْمَحْرُوْمِ ﴿۱۹﴾ وَفِي الْاَرْضِ اٰيٰتٌ لِّلْمُوْقِنِيْنَ ﴿۲۰﴾ وَ

فِيْ	اَمْوَالِهِمْ	حَقٌّ	لِّلسَّاۗىِٕلِ	وَالْمَحْرُوْمِ	وَفِي الْاَرْضِ	اٰيٰتٌ	لِّلْمُوْقِنِيْنَ	وَ
میں	ان کے مال (جمع)	حق	سوالی کے لئے	اور تنگدست (غیر سوالی)	اور زمین میں	نشانیاں	یقین کرنیوالوں کے لیے	اور

ان کے مالوں میں حق ہے سوالی اور غیر سوالی (تنگدست) کے لئے۔ اور زمین میں یقین کرنے والوں کے لئے نشانیاں ہیں۔ اور

فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ ۭ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَفِي السَّمَاۗءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ ﴿۲۲﴾ فَوَرَبِّ

فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ	اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ	وَفِيْ	السَّمَاۗءِ	رِزْقُكُمْ	وَمَا تُوْعَدُوْنَ	فَوَرَبِّ
تمہاری ذات میں	تو کیا تم دیکھتے نہیں؟	اور میں	آسمانوں	تمہارا رزق	اور جو تم سے وعدہ کیا جاتا ہے	قسم ہے رب کی

تمہاری ذات میں (بھی) تو کیا تم دیکھتے نہیں؟ اور آسمانوں میں تمہارا رزق ہے، اور جو تم سے وعدہ کیا جاتا ہے۔ قسم ہے رب کی

السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِنَّهٗ لَحَقٌّ مِّثْلَ مَآ اَنَّكُمْ تَنْطِقُوْنَ ﴿۲۳﴾ هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ

السَّمَآءِ	وَ	الْاَرْضِ	اِنَّهٗ	لَحَقٌّ	مِّثْلَ	مَآ اَنَّكُمْ	تَنْطِقُوْنَ	هَلْ	اَتٰىكَ	حَدِيْثُ
آسمانوں	اور	زمین	بیشک یہ	حق ہے	جیسے	جو تم	بولتے ہو	کیا	آئی تمہارے پاس	بات (خبر)

آسمانوں اور زمین کے، بیشک یہ (قرآن) حق ہے جیسے تم بولتے ہو۔ کیا آپ کے پاس خبر آئی

ضَيْفِ اِبْرٰهِيْمَ الْمُكْرَمِيْنَ ﴿۲۴﴾ اِذْ دَخَلُوْا عَلَيْهِ فَقَالُوْا سَلٰمًا ۭ قَالَ سَلٰمٌ ۚ قَوْمٌ

ضَيْفِ	اِبْرٰهِيْمَ	الْمُكْرَمِيْنَ	اِذْ	دَخَلُوْا	عَلَيْهِ	فَقَالُوْا	سَلٰمًا	قَالَ	سَلٰمٌ	قَوْمٌ
مہمان	ابراہیمؑ	معزز	جب	وہ آئے	اسکے پاس	تو انہوں نے کہا	سلام	اس نے کہا	سلام	لوگ

ابراہیمؑ کے معزز مہمانوں کی؟ جب وہ اس کے پاس آئے تو انہوں نے "سلام" کہا، اس (ابراہیمؑ) نے (بھی) سلام کہا، وہ لوگ ﴿۲۷﴾

مُّنْكَرُوْنَ ﴿۲۵﴾ فَرَاغَ اِلٰٓى اَهْلِهٖ فَجَآءَ بِعِجْلٍ سَمِيْنٍ ﴿۲۶﴾ فَقَرَّبَهٗٓ اِلَيْهِمْ قَالَ اَلَا تَاْكُلُوْنَ

مُّنْكَرُوْنَ	فَرَاغَ	اِلٰٓى اَهْلِهٖ	فَجَآءَ	بِعِجْلٍ سَمِيْنٍ	فَقَرَّبَهٗٓ	اِلَيْهِمْ	قَالَ	اَلَا تَاْكُلُوْنَ
ناشناسا	پھر وہ متوجہ ہوا	اپنے اہل خانہ کی طرف	پس لایا	فربہ بچھڑا	پھر وہ سامنے رکھا	ان کے	کہا	کیا تم کھاتے نہیں؟

ناشناسا تھے۔ پھر وہ اپنے اہل خانہ کی طرف متوجہ ہوئے اور ایک فربہ گوسالہ (کے کباب) لے آئے۔ پھر ان کے سامنے رکھا (اور) کہا کیا تم کھاتے نہیں؟

فَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيْفَةً ۭ قَالُوْا لَا تَخَفْ ۭ وَبَشَّرُوْهُ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ ﴿۲۸﴾ فَاَقْبَلَتِ امْرَاَتُهٗ

فَاَوْجَسَ	مِنْهُمْ	خِيْفَةً	قَالُوْا	لَا تَخَفْ	وَبَشَّرُوْهُ	بِغُلٰمٍ	عَلِيْمٍ	فَاَقْبَلَتِ	امْرَاَتُهٗ
تو اس نے محسوس کیا	ان سے	ڈر	وہ بولے	تم ڈرو نہیں	اور انہوں نے بشارت دی	ایک بیٹے کی	دانش مند	پھر آگے آئی	اس کی بیوی

تو اس (ابراہیمؑ) نے ان سے (دل میں) ڈر محسوس کیا، وہ بولے تم ڈرو نہیں، اور انہوں نے اسے ایک دانشمند بیٹے کی بشارت دی۔ پھر اس کی بیوی آگے آئی

فِيْ صَرَّةٍ فَصَكَّتْ وَجْهَهَا وَقَالَتْ عَجُوْزٌ عَقِيْمٌ ﴿۲۹﴾ قَالُوْا كَذٰلِكِ ۙ قَالَ

فِيْ صَرَّةٍ	فَصَكَّتْ	وَجْهَهَا	وَقَالَتْ	عَجُوْزٌ	عَقِيْمٌ	قَالُوْا	كَذٰلِكِ	قَالَ
حیرت سے بولتی ہوئی	اس نے ہاتھ مارا	اپنا چہرہ	اور بولی	بڑھیا	بانجھ	انہوں نے کہا	یونہی	فرمایا

حیرت سے بولتی ہوئی، اس نے اپنے چہرہ پر (ہاتھ) مارا اور بولی (میں) بڑھیا (اور اوپر سے) بانجھ۔ انہوں نے کہا یوں ہی فرمایا ہے

رَبُّكِ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ﴿۳۰﴾

رَبُّكِ	اِنَّهٗ	هُوَ	الْحَكِيْمُ	الْعَلِيْمُ
تیرا رب	بیشک	وہ	حکمت والا	جاننے والا

تیرے رب نے، بیشک وہ حکمت والا، جاننے والا ہے۔

قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۳۱﴾ قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ ﴿۳۲﴾

قَالَ	فَمَا	خَطْبُكُمْ	اَيُّهَا	الْمُرْسَلُوْنَ	قَالُوْا	اِنَّآ اُرْسِلْنَا	اِلٰى	قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ
اس نے کہا	تو کیا	مقصد تمہارا	اے	بھیجے ہوئے (فرشتو)	انہوں نے جواب دیا	بیشک ہم بھیجے گئے ہیں	طرف	مجرم قوم (مجرموں کی قوم)

اس (ابراہیمؑ) نے کہا اے فرشتو! تمہارا مقصد کیا ہے؟ انہوں نے جواب دیا، بیشک ہم مجرموں کی قوم کی طرف بھیجے گئے ہیں۔

لِنُرْسِلَ عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّنْ طِيْنٍ ﴿۳۳﴾ مُّسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُسْرِفِيْنَ ﴿۳۴﴾ فَاَخْرَجْنَا

لِنُرْسِلَ	عَلَيْهِمْ	حِجَارَةً	مِّنْ طِيْنٍ	مُّسَوَّمَةً	عِنْدَ رَبِّكَ	لِلْمُسْرِفِيْنَ	فَاَخْرَجْنَا
تاکہ ہم بھیجیں (برسائیں)	اُن پر	پتھر	سنگِ گل	نشان کئے ہوئے	تمہارے رب کے ہاں	حد سے گزر جانیوالوں کے لئے	پس ہم نے نکال لیا

تاکہ ہم ان پر سنگِ گل کے پتھر (سنگریزے) برسائیں۔ تمہارے رب کے ہاں حد سے گزر جانے والوں کے لئے نشان کئے ہوئے۔ پس ہم نے نکال لیا

مَنْ كَانَ فِيْهَا مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۳۵﴾ فَمَا وَجَدْنَا فِيْهَا غَيْرَ بَيْتٍ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۳۶﴾ وَتَرَكْنَا

مَنْ كَانَ	فِيْهَا	مِنَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	فَمَا وَجَدْنَا	فِيْهَا	غَيْرَ بَيْتٍ	مِّنَ	الْمُسْلِمِيْنَ	وَتَرَكْنَا
جو تھا	اس میں	سے	ایمان والے	پس ہم نے نہ پایا	اس میں	ایک گھر کے سوا	سے۔کا	مسلمانوں	اور ہم نے چھوڑ دی

(انہیں) جو اس (شہر) میں ایمان والے تھے۔ پس ہم نے اس (شہر) میں مسلمانوں کا (کوئی) گھر ایک (لوطؑ) کے گھر کے سوا نہ پایا۔ اور ہم نے چھوڑ دی

فِيْهَآ اٰيَةً لِّلَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿۳۷﴾ وَفِيْ مُوْسٰٓى اِذْ اَرْسَلْنٰهُ اِلٰى فِرْعَوْنَ

فِيْهَا	اٰيَةً	لِّلَّذِيْنَ	يَخَافُوْنَ	الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ	وَ	فِيْ مُوْسٰى	اِذْ اَرْسَلْنٰهُ	اِلٰى فِرْعَوْنَ
اس میں	ایک نشانی	ان لوگوں کے لئے	جو ڈرتے ہیں	دردناک عذاب	اور	مُوسٰی میں	جب ہم نے اسے بھیجا	فرعون کی طرف

دردناک عذاب سے ڈرنے والوں کے لئے اس شہر میں ایک نشانی۔ اور موسٰیؑ میں (بھی ایک نشانی) ہے، جب ہم نے اسے فرعون کی طرف بھیجا

بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۸﴾ فَتَوَلّٰى بِرُكْنِهٖ وَقَالَ سٰحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ ﴿۳۹﴾ فَاَخَذْنٰهُ وَجُنُوْدَهٗ فَنَبَذْنٰهُمْ

بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ	فَتَوَلّٰى	بِرُكْنِهٖ	وَقَالَ	سٰحِرٌ	اَوْ مَجْنُوْنٌ	فَاَخَذْنٰهُ	وَجُنُوْدَهٗ	فَنَبَذْنٰهُمْ
روشن دلیل (معجزہ) کے ساتھ	تو اس نے سرتابی کی	اپنی قوت کے ساتھ	اور کہا	جادوگر	یا دیوانہ	پس ہم نے اسے پکڑا	اور اس کا لشکر	پھر ہم نے انہیں پھینک دیا

روشن معجزے کے ساتھ۔ تو اس (فرعون) نے (ارکانِ سلطنت) کے ساتھ سرتابی کی اور کہا یہ جادوگر یا دیوانہ ہے۔ پس ہم نے اسے اور اسکے لشکر کو پکڑا پھر ہم نے انہیں پھینک دیا

فِى الْيَمِّ وَهُوَ مُلِيْمٌ ﴿۴۰﴾ وَفِيْ عَادٍ اِذْ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الرِّيْحَ الْعَقِيْمَ ﴿۴۱﴾ مَا تَذَرُ مِنْ شَيْءٍ

فِى الْيَمِّ	وَهُوَ	مُلِيْمٌ	وَفِيْ عَادٍ	اِذْ اَرْسَلْنَا	عَلَيْهِمُ	الرِّيْحَ الْعَقِيْمَ	مَا تَذَرُ	مِنْ شَيْءٍ
دریا میں	اور وہ	ملامت زدہ	اور عاد میں	جب ہم نے بھیجی	ان پر	نامبارک آندھی	وہ نہ چھوڑتی تھی	کسی چیز کو

دریا میں، اور وہ ملامت زدہ (رہ گیا)۔ اور عاد کی سرگزشت میں بھی ایک نشانی ہے، جب ہم نے ان پر نامبارک آندھی بھیجی۔ وہ کسی چیز کو نہ چھوڑتی تھی

اَتَتْ عَلَيْهِ اِلَّا جَعَلَتْهُ كَالرَّمِيْمِ ﴿٤٢﴾ وَفِيْ ثَمُوْدَ اِذْ قِيْلَ لَهُمْ تَمَتَّعُوْا حَتّٰى حِيْنٍ ﴿٤٣﴾

اَتَتْ	عَلَيْهِ	اِلَّا جَعَلَتْهُ	كَالرَّمِيْمِ	وَفِيْ ثَمُوْدَ	اِذْ قِيْلَ	لَهُمْ	تَمَتَّعُوْا	حَتّٰى	حِيْنٍ
آئی	جس پر	مگر اُسے کر دیتی	گلی سڑی ہڈی کی طرح	اور ثمود میں	جب کہا گیا	اُن کو	فائدہ اٹھالو		ایک مدت تک

جس پر وہ آئی، مگر اُسے ایک گلی سڑی ہڈی کی طرح کر دیتی۔ اور ثمود میں (بھی ایک نشانی ہے) جب انہیں کہا گیا ایک (تھوڑی) مدت اور فائدہ اٹھالو۔

فَعَتَوْا عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ ﴿٤٤﴾ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مِنْ قِيَامٍ

فَعَتَوْا	عَنْ	اَمْرِ رَبِّهِمْ	فَاَخَذَتْهُمُ	الصّٰعِقَةُ	وَهُمْ	يَنْظُرُوْنَ	فَمَا اسْتَطَاعُوْا	مِنْ قِيَامٍ
توانہوں نے سرکشی کی	سے	اپنے رب کا حکم	پس انہیں پکڑا	بجلی کی کڑک	اور وہ	دیکھتے تھے	پس ان میں سکت نہ رہی	کھڑا ہونے کی

توانہوں نے اپنے رب کے حکم سے سرکشی کی، پس انہیں بجلی کی کڑک نے آ پکڑا، اور وہ دیکھتے تھے۔ پس ان میں کھڑا ہونے کی سکت نہ رہی

٢ ع ٢٢ ١

وَّمَا كَانُوْا مُنْتَصِرِيْنَ ﴿٤٥﴾ وَقَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿٤٦﴾ وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا

وَّمَا كَانُوْا	مُنْتَصِرِيْنَ	وَقَوْمَ نُوْحٍ	مِّنْ قَبْلُ	اِنَّهُمْ	كَانُوْا	قَوْمًا فٰسِقِيْنَ	وَالسَّمَآءَ	بَنَيْنٰهَا
اور وہ نہ تھے	بدلہ لینے والے	اور نوحؑ کی قوم	اس سے قبل	بیشک وہ	تھے	لوگ نافرمان	اور آسمان	ہم نے اسے بنایا

اور وہ ہم سے بدلہ لینے والے نہ تھے۔ اور نوحؑ کی قوم کو اس سے قبل (ہم نے ہلاک کیا) بیشک وہ نافرمان لوگ تھے۔ اور ہم نے آسمان کو بنایا

بِاَيْىدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ﴿٤٧﴾ وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ ﴿٤٨﴾ وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ

بِاَيْىدٍ	وَّاِنَّا	لَمُوْسِعُوْنَ	وَالْاَرْضَ	فَرَشْنٰهَا	فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ	وَمِنْ	كُلِّ شَيْءٍ
ہاتھ (قوت) سے	اور بیشک ہم	وسیع القدرت ہیں	اور زمین	ہم نے فرش بنایا ہے	پس ہم کیسا اچھا بچھانیوالے ہیں	اور سے	ہر شے

قوت سے، اور بیشک ہم وسیع القدرت ہیں۔ اور ہم نے زمین کو (بطور) فرش بنایا، اور ہم کیسا اچھا بچھانے والے ہیں۔ اور ہر شے سے

خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿٤٩﴾ فَفِرُّوْا اِلَى اللّٰهِ اِنِّيْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٥٠﴾

خَلَقْنَا	زَوْجَيْنِ	لَعَلَّكُمْ	تَذَكَّرُوْنَ	فَفِرُّوْا	اِلَى اللّٰهِ	اِنِّيْ	لَكُمْ	مِّنْهُ	نَذِيْرٌ	مُّبِيْنٌ
ہم نے پیدا کئے	دو جوڑے (قسم)	تاکہ تم	نصیحت پکڑو	پس تم دوڑو	اللہ کی طرف	بیشک میں	تمہارے لئے	اس سے	ڈرسنانے والا	واضح

ہم نے دو قسم پیدا کیں تاکہ تم نصیحت پکڑو۔ پس تم اللہ کی طرف دوڑو، بیشک میں تمہارے لئے اس (کی طرف) سے واضح ڈرانے والا ہوں۔

وَلَا تَجْعَلُوْا مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ اِنِّيْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٥١﴾ كَذٰلِكَ مَآ اَتَى الَّذِيْنَ

وَلَا تَجْعَلُوْا	مَعَ اللّٰهِ	اِلٰهًا اٰخَرَ	اِنِّيْ	لَكُمْ	مِّنْهُ	نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ	كَذٰلِكَ	مَآ اَتَى	الَّذِيْنَ
اور تم نہ ٹھہراؤ	اللہ کے ساتھ	کوئی دوسرا معبود	بیشک میں	تمہارے لئے	اس سے	واضح ڈرسنانے والا	اسی طرح	نہیں آیا	وہ جو

اور اللہ کے ساتھ کسی دوسرے کو معبود نہ ٹھہراؤ، میں بیشک تمہارے لئے اسی (کی طرف) سے واضح ڈرسنانے والا ہوں۔ اسی طرح (انکے پاس) نہیں آیا

مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا قَالُوْا سَاحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ ﴿٥٢﴾ اَتَوَاصَوْا بِهٖ ۚ بَلْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ ﴿٥٣﴾

مِنْ قَبْلِهِمْ	مِنْ	رَسُوْلٍ	اِلَّا	قَالُوْا	سَاحِرٌ	اَوْ مَجْنُوْنٌ	اَتَوَاصَوْا بِهٖ بَلْ هُمْ	قَوْمٌ	طَاغُوْنَ
ان سے پہلے	کوئی	رسول	مگر	انہوں نے کہا	جادوگر	یا دیوانہ	کیا انہوں نے ایک دوسرے کو وصیت کی اسکی بلکہ وہ	لوگ	سرکش

کوئی رسول جو اُن سے پہلے تھے مگر انہوں نے (اسے) جادوگر یا دیوانہ کہا۔ کیا انہوں نے ایکدوسرے کو اس کی وصیت کی ہے؟ بلکہ وہ سرکش لوگ ہیں۔

فَتَوَلَّ عَنْهُمْ فَمَآ اَنْتَ بِمَلُوْمٍ ﴿٥٤﴾ وَّذَكِّرْ فَاِنَّ الذِّكْرٰى تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٥٥﴾ وَمَا خَلَقْتُ

فَتَوَلَّ عَنْهُمْ	فَمَآ اَنْتَ	بِمَلُوْمٍ	وَذَكِّرْ	فَاِنَّ	الذِّكْرٰى	تَنْفَعُ	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَمَا خَلَقْتُ
پس آپ منہ موڑ لیں ان سے	تو نہیں آپ	کوئی الزام	آپ سمجھائیں	تو بیشک	سمجھانا	نفع دیتا ہے	ایمان لانے والے	اور نہیں پیدا کیا میں نے

پس آپ ان سے منہ موڑ لیں تو آپ پر کوئی الزام نہیں۔ اور آپ سمجھائیں، بیشک سمجھانا ایمان لانے والوں کو نفع دیتا ہے۔ اور میں نے پیدا کئے

الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ ﴿٥٦﴾ مَآ اُرِيْدُ مِنْهُمْ مِّنْ رِّزْقٍ وَّمَآ اُرِيْدُ اَنْ يُّطْعِمُوْنِ ﴿٥٧﴾

الْجِنَّ	وَالْاِنْسَ	اِلَّا	لِيَعْبُدُوْنِ	مَآ اُرِيْدُ	مِنْهُمْ	مِنْ رِّزْقٍ	وَمَآ اُرِيْدُ	اَنْ	يُّطْعِمُوْنِ
جن	اور انسان	مگر صرف	اس لئے کہ وہ میری عبادت کریں	میں نہیں مانگتا	ان سے	کوئی رزق	اور میں نہیں چاہتا	کہ	وہ مجھے کھلائیں

جن اور انسان صرف اس لئے کہ وہ میری عبادت (بندگی اور فرمانبرداری) کریں۔ میں اُن سے کوئی رزق نہیں مانگتا، اور نہیں چاہتا کہ وہ مجھے کھلائیں۔

اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ ﴿٥٨﴾ فَاِنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذَنُوْبًا مِّثْلَ ذَنُوْبِ

اِنَّ اللّٰهَ	هُوَ	الرَّزَّاقُ	ذُو الْقُوَّةِ	الْمَتِيْنُ	فَاِنَّ	لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا	ذَنُوْبًا	مِثْلَ	ذَنُوْبِ
بیشک اللہ	وہ	رزاق	قوت والا	نہایت قدرت والا	پس بیشک	ان لوگوں کے لئے جنہوں نے ظلم کیا	(ڈول بھر پیمانے)	جیسے	پیمانے

بیشک اللہ ہی رزاق ہے، قوت والا، نہایت قدرت والا۔ پس بیشک جن لوگوں نے ظلم کیا ان کے لئے (عذاب کے) پیمانے ہیں، جیسے پیمانے ع

٣ ع(١٤) ٢

اَصْحٰبِهِمْ فَلَا يَسْتَعْجِلُوْنِ ﴿٥٩﴾ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ يَّوْمِهِمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ﴿٦٠﴾

اَصْحٰبِهِمْ	فَلَا يَسْتَعْجِلُوْنِ	فَوَيْلٌ	لِلَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	مِنْ	يَوْمِهِمُ	الَّذِيْ	يُوْعَدُوْنَ
ان کے ساتھی	پس وہ جلدی نہ کریں	سو بربادی	ان لوگوں کے لئے جنہوں نے انکار کیا		سے	ان کا دن	وہ جس	ان سے وعدہ کیا جاتا ہے

ان کے ساتھیوں کے لئے تھے، پس وہ جلدی نہ کریں۔ سو ان لوگوں کے لئے بربادی ہے جنہوں نے اس دن کا انکار کیا، جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے۔

آیاتھا ٤٩ ۔ ٥٢ = سُوْرَةُ الطُّوْرِ مَكِّيَّةٌ = ٧٦ ۔ رکوعاتھا ٢

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے۔

وَالطُّوْرِ ۝۱ وَكِتٰبٍ مَّسْطُوْرٍ ۝۲ فِيْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ ۝۳ وَّالْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ ۝۴ وَالسَّقْفِ

وَالطُّوْرِ	وَكِتٰبٍ	مَّسْطُوْرٍ	فِيْ رَقٍّ	مَّنْشُوْرٍ	وَّ	الْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ	وَالسَّقْفِ
قسم طورِ (سینا)	اور کتاب	لکھی ہوئی	اوراق میں	کھلے	اور	بیتِ معمور	اور چھت

قسم ہے طورِ سینا کی۔ اور کھلے اوراق میں لکھی ہوئی کتاب کی، اور بیتِ معمور (فرشتوں کے کعبۂ آسمانی) کی۔ اور چھت

الْمَرْفُوْعِ ۝۵ وَالْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ ۝۶ اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ ۝۷ مَّا لَهٗ مِنْ دَافِعٍ ۝۸ يَّوْمَ تَمُوْرُ

الْمَرْفُوْعِ	وَالْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ	اِنَّ	عَذَابَ رَبِّكَ	لَوَاقِعٌ	مَّا لَهٗ	مِنْ دَافِعٍ	يَّوْمَ تَمُوْرُ
بلند	اور دریا جوش مارتا	بیشک	تیرے رب کا عذاب	ضرور واقع ہونیوالا	نہیں اس کو	کوئی ٹالنے والا	جس دن تھرتھرائے گا

بلند (چھت) کی، اور جوش مارتے دریا کی، بیشک تیرے رب کا عذاب ضرور واقع ہونے والا ہے۔ اسے کوئی ٹالنے والا نہیں۔ جس دن تھرتھرائے گا

السَّمَآءُ مَوْرًا ۝۹ وَّتَسِيْرُ الْجِبَالُ سَيْرًا ۝۱۰ فَوَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝۱۱ الَّذِيْنَ هُمْ

السَّمَآءُ	مَوْرًا	وَّتَسِيْرُ	الْجِبَالُ	سَيْرًا	فَوَيْلٌ	يَّوْمَئِذٍ	لِّلْمُكَذِّبِيْنَ	الَّذِيْنَ	هُمْ
آسمان	تھرتھرا کر	چلیں گے	پہاڑ	چلنے کی طرح	سو بربادی	اس دن	جھٹلانے والوں کے لئے	وہ جو	وہ

آسمان (بُری طرح) تھرتھرا کر، اور پہاڑ چلنے کی طرح چلیں گے (اُڑے پھریں گے)۔ سو اس دن جھٹلانے والوں کے لئے بربادی ہے۔ وہ جو

فِيْ خَوْضٍ يَّلْعَبُوْنَ ۝۱۲ يَوْمَ يُدَعُّوْنَ اِلٰى نَارِ جَهَنَّمَ دَعًّا ۝۱۳ هٰذِهِ النَّارُ الَّتِيْ كُنْتُمْ

فِيْ خَوْضٍ	يَّلْعَبُوْنَ	يَوْمَ	يُدَعُّوْنَ	اِلٰى	نَارِ جَهَنَّمَ	دَعًّا	هٰذِهِ	النَّارُ الَّتِيْ	كُنْتُمْ
مشغلہ میں	کھیلتے ہیں	جس دن	وہ دھکیلے جائیں گے	طرف	جہنم کی آگ	دھکے دیکر	یہ ہے	وہ آگ جو	تم تھے

مشغلے میں (بیہودگی سے) کھیلتے ہیں۔ جس دن وہ جہنم کی آگ کی طرف دھکے دے کر دھکیلے جائیں گے۔ یہ ہے وہ آگ جس کو تم

بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ۝۱۴ اَفَسِحْرٌ هٰذَآ اَمْ اَنْتُمْ لَا تُبْصِرُوْنَ ۝۱۵ اِصْلَوْهَا فَاصْبِرُوْٓا اَوْ

بِهَا	تُكَذِّبُوْنَ	اَفَسِحْرٌ	هٰذَآ	اَمْ اَنْتُمْ	لَا تُبْصِرُوْنَ	اِصْلَوْهَا	فَاصْبِرُوْٓا	اَوْ
اس کو	جھٹلاتے	تو کیا جادو	یہ	یا تم	دکھائی نہیں دیتا	اس میں داخل ہوجاؤ	پھر تم صبر کرو	یا

جھٹلاتے تھے، تو کیا یہ جادو ہے؟ تم کو دکھائی نہیں دیتا؟ اس میں داخل ہو جاؤ، پھر تم صبر کرو، یا

لَا تَصْبِرُوْا ۚ سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ ۭ اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝۱۶ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ

لَا تَصْبِرُوْا	سَوَآءٌ	عَلَيْكُمْ	اِنَّمَا تُجْزَوْنَ	مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ	اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ	فِيْ جَنّٰتٍ
نہ صبر کرو	برابر	تم پر	سوائے اسکے نہیں تمھیں بدلہ دیا جائیگا	جو تم کرتے تھے	بیشک متقی (جمع)	باغوں میں

نہ صبر کرو، تمہارے لئے برابر ہے، اس کے سوا نہیں کہ جو تم کرتے تھے تمہیں (اس کا) بدلہ دیا جائے گا۔ بیشک متقی (بہشت کے) باغوں

وَنَعِيمٍ (١٧) فَاكِهِينَ بِمَا آتَاهُمْ رَبُّهُمْ ۖ وَوَقَاهُمْ رَبُّهُمْ عَذَابَ الْجَحِيمِ (١٨) كُلُوا

وَنَعِيمٍ	فَاكِهِينَ	بِمَا آتَاهُمْ	رَبُّهُمْ	وَوَقَاهُمْ	رَبُّهُمْ	عَذَابَ	الْجَحِيمِ	كُلُوا
اور نعمت	خوش ہوں گے	اسکے ساتھ جو دیا انہیں	ان کے رب نے	اور بچایا انہیں	ان کے رب نے	عذاب	دوزخ	تم کھاؤ

اور نعمت میں ہوں گے۔ اس کے ساتھ خوش ہوں گے جو ان کے رب نے انہیں دیا، اور ان کے رب نے انہیں دوزخ کے عذاب سے بچا لیا۔ تم کھاؤ

وَاشْرَبُوا هَنِيئًا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ (١٩) مُتَّكِئِينَ عَلَىٰ سُرُرٍ مَصْفُوفَةٍ ۖ وَزَوَّجْنَاهُمْ

وَاشْرَبُوا	هَنِيئًا	بِمَا	كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ	مُتَّكِئِينَ	عَلَىٰ	سُرُرٍ	مَصْفُوفَةٍ	وَزَوَّجْنَاهُمْ
اور تم پیو	رچتے پچتے	اسکے بدلے میں	جو تم کرتے تھے	تکیہ لگائے ہوئے		تختوں پر	صف بستہ	اور انکی زوجیت میں دیا ہم نے

اور پیو رچتے پچتے (جی بھر کر) اس کے بدلے میں جو تم کرتے تھے۔ تختوں پر صف بستہ تکیہ لگائے ہوئے۔ اور ہم نے ان کی زوجیت میں دیا

بِحُورٍ عِينٍ (٢٠) وَالَّذِينَ آمَنُوا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِإِيمَانٍ أَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَمَا

بِحُورٍ عِينٍ	وَالَّذِينَ	آمَنُوا	وَاتَّبَعَتْهُمْ	ذُرِّيَّتُهُمْ	بِإِيمَانٍ	أَلْحَقْنَا	بِهِمْ	ذُرِّيَّتَهُمْ	وَمَا
بڑی آنکھوں والی حوریں	اور جو لوگ	ایمان لائے	اور انہوں نے پیروی کی	ان کی اولاد	ایمان کے ساتھ	ہم نے ملا دیا	انکے ساتھ	ان کی اولاد	اور

بڑی آنکھوں والی حوروں کو۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور ان کی اولاد نے ایمان کے ساتھ ان کی پیروی کی، ہم نے ان کی اولاد کو ان کے ساتھ ملا دیا، اور

أَلَتْنَاهُمْ مِنْ عَمَلِهِمْ مِنْ شَيْءٍ ۚ كُلُّ امْرِئٍ بِمَا كَسَبَ رَهِينٌ (٢١) وَأَمْدَدْنَاهُمْ بِفَاكِهَةٍ

مَا أَلَتْنَاهُمْ	مِنْ عَمَلِهِمْ	مِنْ شَيْءٍ	كُلُّ امْرِئٍ	بِمَا	كَسَبَ	رَهِينٌ	وَأَمْدَدْنَاهُمْ	بِفَاكِهَةٍ
کمی نہیں کی ہم نے	ان کے عمل سے	کوئی چیز (کچھ)	ہر آدمی	اس میں جو	اسنے کمایا (اعمال)	گروی	اور ہم ان کی مدد کریں گے	پھلوں کے ساتھ

ہم نے ان کے عمل سے کچھ کمی نہیں کی، ہر آدمی اپنے اعمال میں گروی ہے۔ اور ہم پھلوں کے ساتھ ان کی مدد کریں گے

وَلَحْمٍ مِمَّا يَشْتَهُونَ (٢٢) يَتَنَازَعُونَ فِيهَا كَأْسًا لَا لَغْوٌ فِيهَا وَلَا تَأْثِيمٌ (٢٣) وَيَطُوفُ

وَلَحْمٍ	مِمَّا	يَشْتَهُونَ	يَتَنَازَعُونَ	فِيهَا	كَأْسًا	لَا لَغْوٌ	فِيهَا	وَلَا تَأْثِيمٌ	وَيَطُوفُ
اور گوشت	اس سے	جو ان کا جی چاہے گا	چھینا جھپٹی کریں گے	اس میں	وہ پیالہ	نہ بکواس	اس میں	اور نہ گناہ کی بات	اور ارد گرد پھریں گے

اور گوشت (سے) جو ان کا جی چاہے گا۔ اس میں اس پیالے کی چھینا جھپٹی کریں گے جس میں نہ بکواس ہوگی نہ گناہ کی بات۔ اور

عَلَيْهِمْ غِلْمَانٌ لَهُمْ كَأَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ مَكْنُونٌ (٢٤) وَأَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ

عَلَيْهِمْ	غِلْمَانٌ	لَهُمْ	كَأَنَّهُمْ	لُؤْلُؤٌ	مَكْنُونٌ	وَأَقْبَلَ	بَعْضُهُمْ	عَلَىٰ بَعْضٍ
ان پر۔ کے	خدمتگار لڑکے	ان کے لئے	گویا وہ	موتی	چھپا کر رکھے ہوئے	اور متوجہ ہوگا	ان میں سے بعض (ایک)	بعض پر (دوسرے کی طرف)

ان کے ارد گرد پھریں گے خدمت گار لڑکے، گویا وہ چھپا کر رکھے ہوئے موتی ہیں۔ اور ان میں سے ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہوگا

يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿۲۵﴾ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا قَبْلُ فِيْٓ اَهْلِنَا مُشْفِقِيْنَ ﴿۲۶﴾ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَوَقٰىنَا

يَتَسَآءَلُوْنَ	قَالُوْٓا	اِنَّا كُنَّا	قَبْلُ	فِيْٓ اَهْلِنَا	مُشْفِقِيْنَ	فَمَنَّ اللّٰهُ	عَلَيْنَا	وَوَقٰىنَا
آپس میں پوچھتے ہوئے	وہ کہیں گے	بیشک ہم تھے	پہلے	اپنے اہل خانہ میں	ڈرتے تھے	تو احسان کیا اللہ	ہم پر	اور ہمیں بچا لیا

آپس میں پوچھتے ہوئے۔ وہ کہیں گے بیشک ہم اس سے پہلے اپنے اہل خانہ میں ڈرتے تھے۔ تو اللہ نے ہم پر احسان کیا اور ہمیں بچا لیا

۱ ع ۴۸ ۳

عَذَابَ السَّمُوْمِ ﴿۲۷﴾ اِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلُ نَدْعُوْهُ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِيْمُ ﴿۲۸﴾ ع

عَذَابَ	السَّمُوْمِ	اِنَّا كُنَّا	مِنْ قَبْلُ	نَدْعُوْهُ	اِنَّهٗ	هُوَ	الْبَرُّ	الرَّحِيْمُ
عذاب	گرم ہوا	بیشک ہم تھے	اس سے قبل	ہم اس کو پکارتے	بیشک وہ	وہی	احسان کرنیوالا	رحم کرنے والا

گرم ہوا کے عذاب سے۔ بیشک اس سے قبل ہم اس کو پکارتے تھے، بے شک وہی احسان کرنے والا، رحم کرنے والا ہے۔

فَذَكِّرْ فَمَآ اَنْتَ بِنِعْمَتِ رَبِّكَ بِكَاهِنٍ وَّلَا مَجْنُوْنٍ ﴿۲۹﴾ ۭ اَمْ يَقُوْلُوْنَ شَاعِرٌ

فَذَكِّرْ	فَمَآ اَنْتَ	بِنِعْمَتِ	رَبِّكَ	بِكَاهِنٍ	وَّلَا	مَجْنُوْنٍ	اَمْ	يَقُوْلُوْنَ	شَاعِرٌ
پس آپ نصیحت کریں	تو آپ نہیں	فضل سے	اپنا رب	کاہن	اور نہ	دیوانہ	کیا	وہ کہتے ہیں	شاعر

پس آپ نصیحت کرتے رہیں، پس آپ اپنے رب کے فضل سے نہ کاہن ہیں، نہ دیوانے۔ کیا وہ کہتے ہیں یہ شاعر ہے،

نَّتَرَبَّصُ بِهٖ رَيْبَ الْمَنُوْنِ ﴿۳۰﴾ قُلْ تَرَبَّصُوْا فَاِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُتَرَبِّصِيْنَ ﴿۳۱﴾ ۭ

نَتَرَبَّصُ	بِهٖ	رَيْبَ	الْمَنُوْنِ	قُلْ	تَرَبَّصُوْا	فَاِنِّيْ	مَعَكُمْ	مِنَ	الْمُتَرَبِّصِيْنَ
ہم منتظر ہیں	اسکے ساتھ	حوادث	زمانہ	فرمادیں	تم انتظار کرو	بیشک میں	تمہارے ساتھ	سے	انتظار کرنے والے

ہم اس کے ساتھ حوادث زمانہ کے منتظر ہیں۔ آپ فرمادیں تم انتظار کرو، بیشک میں (بھی) تمہارے ساتھ انتظار کرنے والوں میں سے ہوں۔

اَمْ تَاْمُرُهُمْ اَحْلَامُهُمْ بِهٰذَآ اَمْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ ﴿۳۲﴾ ۚ اَمْ يَقُوْلُوْنَ تَقَوَّلَهٗ ۚ بَلْ

اَمْ تَاْمُرُهُمْ	اَحْلَامُهُمْ	بِهٰذَآ	اَمْ هُمْ	قَوْمٌ طَاغُوْنَ	اَمْ يَقُوْلُوْنَ	تَقَوَّلَهٗ	بَلْ
کیا حکم دیتی (سکھاتی) ہیں انہیں	ان کی عقلیں	یہ	یا وہ	سرکش لوگ	کیا وہ کہتے ہیں؟	اس نے اسے گھڑ لیا ہے	بلکہ

کیا ان کی عقلیں انہیں یہ سکھاتی ہیں؟ یا وہ سرکش لوگ ہیں۔ کیا وہ کہتے ہیں کہ اس نے اسے (قرآن) کو گھڑ لیا ہے (نہیں)، بلکہ

لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۳﴾ ۚ فَلْيَاْتُوْا بِحَدِيْثٍ مِّثْلِهٖٓ اِنْ كَانُوْا صٰدِقِيْنَ ﴿۳۴﴾ ۭ اَمْ خُلِقُوْا مِنْ

لَا يُؤْمِنُوْنَ	فَلْيَاْتُوْا	بِحَدِيْثٍ	مِّثْلِهٖ	اِنْ كَانُوْا	صٰدِقِيْنَ	اَمْ خُلِقُوْا	مِنْ
وہ ایمان نہیں لاتے	تو چاہیئے کہ وہ لے آئیں	ایک بات	اس جیسی	اگر وہ ہیں	سچے	کیا وہ پیدا کئے گئے ہیں؟	سے

وہ ایمان نہیں لاتے۔ تو چاہیئے کہ وہ اس جیسی ایک بات لے آئیں اگر وہ سچے ہیں۔ کیا وہ پیدا کئے گئے ہیں

غَيْرِ شَيْءٍ أَمْ هُمُ الْخٰلِقُوْنَ ﴿۳۵﴾ أَمْ خَلَقُوا السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ بَلْ لَّا يُوْقِنُوْنَ ﴿۳۶﴾

غَيْرِ شَيْءٍ	أَمْ هُمُ	الْخٰلِقُوْنَ	أَمْ خَلَقُوا	السَّمٰوٰتِ	وَالْأَرْضَ	بَلْ	لَا يُوْقِنُوْنَ
بغیر کسی شے	یا وہ	پیدا کرنے والے	کیا انہوں نے پیدا کئے؟	آسمان (جمع)	اور زمین	بلکہ	وہ یقین نہیں رکھتے

بغیر کسی شے (بنانے والے) کے؟ یا وہ (خود) پیدا کرنے والے ہیں۔ کیا انہوں نے پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو؟ (نہیں) بلکہ وہ یقین نہیں رکھتے۔

أَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآئِنُ رَبِّكَ أَمْ هُمُ الْمُصَيْطِرُوْنَ ﴿۳۷﴾ أَمْ لَهُمْ سُلَّمٌ يَّسْتَمِعُوْنَ فِيْهِ

أَمْ عِنْدَهُمْ	خَزَآئِنُ	رَبِّكَ	أَمْ هُمُ	الْمُصَيْطِرُوْنَ	أَمْ لَهُمْ	سُلَّمٌ	يَسْتَمِعُوْنَ	فِيْهِ
کیا ان کے پاس	خزانے	تیرا رب	یا وہ	داروغے	کیا انکے لئے۔پاس	کوئی سیڑھی	وہ سنتے ہیں	اس میں۔پر

کیا ان کے پاس تیرے رب (کی رحمت) کے خزانے ہیں؟ یا وہ داروغے ہیں؟ کیا ان کے پاس کوئی سیڑھی ہے؟ جس پر (چڑھ کر) وہ سنتے ہیں

فَلْيَأْتِ مُسْتَمِعُهُمْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۸﴾ أَمْ لَهُ الْبَنٰتُ وَلَكُمُ الْبَنُوْنَ ﴿۳۹﴾ أَمْ تَسْئَلُهُمْ

فَلْيَأْتِ	مُسْتَمِعُهُمْ	بِسُلْطٰنٍ	مُّبِيْنٍ	أَمْ لَهُ	الْبَنٰتُ	وَلَكُمُ	الْبَنُوْنَ	أَمْ تَسْئَلُهُمْ
تو چاہیئے کہ لائے	ان کا سننے والا	کوئی سند	کھلی	کیا اس کیلئے	بیٹیاں	اور تمہارے لئے	بیٹے	کیا تم ان سے مانگتے ہو

تو چاہیئے کہ ان کا سننے والا کوئی کھلی سند لائے۔ کیا اس کے بیٹیاں ہیں اور تمہارے لئے بیٹے ہیں؟ کیا آپ ان سے مانگتے ہیں

أَجْرًا فَهُمْ مِّنْ مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُوْنَ ﴿۴۰﴾ أَمْ عِنْدَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ يَكْتُبُوْنَ ﴿۴۱﴾ أَمْ يُرِيْدُوْنَ

أَجْرًا	فَهُمْ	مِّنْ مَّغْرَمٍ	مُّثْقَلُوْنَ	أَمْ عِنْدَهُمُ	الْغَيْبُ	فَهُمْ يَكْتُبُوْنَ	أَمْ يُرِيْدُوْنَ
کوئی اجر	تو وہ	تاوان سے	دبے جاتے ہیں	کیا ان کے پاس	غیب	پس وہ لکھ لیتے ہیں	کیا وہ ارادہ رکھتے ہیں

کوئی اجر؟ کہ تاوان (کے بوجھ) سے دبے جاتے ہیں۔ کیا ان کے پاس (علم) غیب ہے؟ کہ وہ لکھ لیتے ہیں۔ کیا وہ ارادہ رکھتے ہیں

كَيْدًا ۖ فَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا هُمُ الْمَكِيْدُوْنَ ﴿۴۲﴾ أَمْ لَهُمْ إِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ ۚ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۴۳﴾

كَيْدًا	فَالَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	هُمُ	الْمَكِيْدُوْنَ	أَمْ لَهُمْ	إِلٰهٌ	غَيْرُ اللّٰهِ	سُبْحٰنَ اللّٰهِ	عَمَّا	يُشْرِكُوْنَ
کسی داؤ	تو جن لوگوں نے کفر کیا		وہی	داؤ میں گرفتار ہونگے	کیا ان کیلئے	کوئی معبود	اللہ کے سوا	پاک ہے اللہ	اس سے جو وہ شرک کرتے ہیں	

کسی داؤ کا؟ تو جن لوگوں نے کفر کیا وہی داؤ میں گرفتار ہوں گے۔ کیا ان کے لئے اللہ کے سوا کوئی معبود ہے؟ اللہ اس سے پاک ہے جو وہ شرک کرتے ہیں

وَإِنْ يَّرَوْا كِسْفًا مِّنَ السَّمَآءِ سَاقِطًا يَّقُوْلُوْا سَحَابٌ مَّرْكُوْمٌ ﴿۴۴﴾ فَذَرْهُمْ حَتّٰى يُلٰقُوْا

وَإِنْ	يَّرَوْا	كِسْفًا	مِّنَ السَّمَآءِ	سَاقِطًا	يَّقُوْلُوْا	سَحَابٌ	مَّرْكُوْمٌ	فَذَرْهُمْ	حَتّٰى	يُلٰقُوْا
اور اگر	وہ دیکھیں	کوئی ٹکڑا	آسمان سے	گرتا ہوا	وہ کہتے ہیں	بادل	تہ بہ تہ (جما ہوا)	پس چھوڑ دو ان کو	یہانتک کہ	وہ ملیں

اور اگر وہ آسمان سے کوئی ٹکڑا گرتا ہوا دیکھیں تو وہ کہتے ہیں تہ بہ تہ جما ہوا بادل ہے۔ پس ان کو چھوڑ دو یہاں تک کہ وہ ملیں (دیکھ لیں)

يَوْمَهُمُ الَّذِي فِيهِ يُصْعَقُونَ (۴۵) يَوْمَ لَا يُغْنِي عَنْهُمْ كَيْدُهُمْ شَيْئًا وَلَا هُمْ يُنصَرُونَ (۴۶)

يومهم	الذي	فيه	يصعقون	يوم	لا يغني	عنهم	كيدهم	شيئا	ولا هم	ينصرون
اپنا دن	وہ جو	اس میں	بیہوش کردیئے جائیں گے	جس دن	نہ کام آئے گا	ان سے کے	ان کا داؤ	کچھ بھی	اور نہ وہ	مدد کئے جائیں گے

اپنا وہ دن جس میں وہ بیہوش کر دیئے جائیں گے۔ جس دن ان کا داؤ کچھ بھی ان کے کام نہ آئے گا، اور نہ ان کی مدد کی جائے گی۔

وَإِنَّ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا عَذَابًا دُونَ ذَٰلِكَ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ (۴۷) وَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ

وان	للذين ظلموا	عذابا	دون ذلك	ولكن	اكثرهم	لا يعلمون	واصبر	لحكم ربك
اور بیشک	ان لوگوں کے لئے جنہوں نے ظلم کیا	عذاب	ورے ۔ علاوہ اس	اور لیکن	ان میں سے اکثر	نہیں جانتے	اور آپ صبر کریں	اپنے رب کے حکم پر

اور بیشک جن لوگوں نے ظلم کیا ان کے لئے اس کے علاوہ عذاب ہے۔ لیکن ان میں اکثر نہیں جانتے۔ اور آپ اپنے رب کے حکم پر صبر کریں

فَإِنَّكَ بِأَعْيُنِنَا وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ حِينَ تَقُومُ (۴۸) وَمِنَ اللَّيْلِ

فانك	باعيننا	وسبح	بحمد ربك	حين	تقوم	ومن	الليل
بیشک آپ	ہماری آنکھوں (حفاظت) میں	اور آپ پاکیزگی بیان کریں	اپنے رب کی تعریف کے ساتھ	جس وقت	آپ اٹھیں	اور (سے) میں	رات

بیشک آپ ہماری حفاظت میں ہیں اور آپ اپنے رب کی تعریف کے ساتھ پاکیزگی بیان کریں۔ جس وقت آپ اٹھیں اور رات میں (بھی)،

فَسَبِّحْهُ وَإِدْبَارَ النُّجُومِ (۴۹) ۲ ع ۲۱ ۳

فسبحه	وادبار	النجوم
پس اس کی پاکیزگی بیان کریں	اور پیٹھ پھیرتے	ستاروں

پس اس کی پاکیزگی بیان کریں اور ستاروں کے پیٹھ پھیرنے (غائب ہوتے) وقت (بھی)۔

آیاتہا ۶۲ — ۵۳ = سُورَةُ النَّجْمِ مَكِّيَّةٌ = ۲۳ — رکوعاتہا ۳

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان، رحم کرنے والا ہے۔

وَالنَّجْمِ إِذَا هَوَىٰ (۱) مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوَىٰ (۲) وَمَا يَنطِقُ عَنِ الْهَوَىٰ (۳)

والنجم	اذا	هوى	ما ضل	صاحبكم	وما	غوى	وما ينطق	عن	الهوى
ستارے کی قسم	جب	وہ غائب ہونے لگے	نہ بہکے	تمہارے رفیق	اور نہ	وہ بھٹکے	اور وہ نہیں بات کرتے	سے	خواہش

ستارے کی قسم! جب وہ غائب ہونے لگے۔ تمہارے رفیق (محمدؐ) نہ بہکے اور نہ وہ بھٹکے۔ اور وہ اپنی خواہش سے بات نہیں کرتے۔

إِنْ هُوَ إِلَّا وَحْيٌ يُّوحٰى ﴿٤﴾ عَلَّمَهُ شَدِيدُ الْقُوٰى ﴿٥﴾ ذُو مِرَّةٍ فَاسْتَوٰى ﴿٦﴾ وَهُوَ

إِنْ	هُوَ	إِلَّا	وَحْيٌ	يُّوحٰى	عَلَّمَهُ	شَدِيدُ الْقُوٰى	ذُو مِرَّةٍ	فَاسْتَوٰى	وَهُوَ
نہیں	وہ۔یہ	مگر صرف	وحی	بھیجی جاتی ہے	اس نے اسے سکھایا	سخت قوتوں والا	طاقتوں والا	پھر اس نے قصد کیا	اور وہ

وہ صرف وحی ہے جو بھیجی جاتی ہے۔ اس کو سکھایا اس سخت قوت والے، طاقتوں والے (فرشتہ) نے پھر اس نے قصد کیا (رسول کے سامنے آیا)۔ اور وہ

بِالْأُفُقِ الْأَعْلٰى ﴿٧﴾ ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى ﴿٨﴾ فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنٰى ﴿٩﴾ فَأَوْحٰى إِلٰى

بِالْأُفُقِ	الْأَعْلٰى	ثُمَّ دَنَا	فَتَدَلّٰى	فَكَانَ	قَابَ	قَوْسَيْنِ	أَوْ أَدْنٰى	فَأَوْحٰى	إِلٰى
کنارہ پر	سب سے بلند	پھر وہ نزدیک ہوا	پھر اور نزدیک ہوا	تو وہ تھا (رہ گئی)	کمان	دو کنارے	یا اس سے کم	تو اس نے وحی کی	طرف

سب سے بلند کنارے پر تھا۔ پھر وہ نزدیک ہوا پھر اور نزدیک ہوا تو وہ کمان کے دو کناروں کے (فاصلے کے) برابر رہ گیا یا اس سے بھی کم۔ تو اس نے وحی کی

عَبْدِهٖ مَا أَوْحٰى ﴿١٠﴾ مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَأٰى ﴿١١﴾ أَفَتُمٰرُونَهٗ عَلٰى مَا يَرٰى ﴿١٢﴾ وَلَقَدْ

عَبْدِهٖ	مَا أَوْحٰى	مَا كَذَبَ	الْفُؤَادُ	مَا رَأٰى	أَفَتُمٰرُونَهٗ	عَلٰى	مَا يَرٰى	وَلَقَدْ
اپنا بندہ	جو اس نے وحی کی	نہ جھوٹ کہا	دل	جو اس نے دیکھا	تو کیا تم جھگڑتے ہو اس سے	پر	جو اس نے دیکھا	اور تحقیق

اپنے بندے کی طرف جو وحی کی۔ جو اس نے (آنکھوں سے) دیکھا (اسکے)، دل نے تصدیق کی۔ کیا جو اس نے دیکھا تم اس سے اس پر جھگڑتے ہو؟ اور تحقیق

رَاٰهُ نَزْلَةً أُخْرٰى ﴿١٣﴾ عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى ﴿١٤﴾ عِنْدَهَا جَنَّةُ الْمَأْوٰى ﴿١٥﴾ إِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ

رَاٰهُ	نَزْلَةً أُخْرٰى	عِنْدَ	سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى	عِنْدَهَا	جَنَّةُ الْمَأْوٰى	إِذْ يَغْشٰى	السِّدْرَةَ
اس نے دیکھا اسے	دوسری مرتبہ	نزدیک	سدرۃ المنتہیٰ	اس کے نزدیک	جنت الماویٰ	جب چھا رہا تھا	سدرہ

اس نے اسے دوسری مرتبہ سدرۃ المنتہیٰ کے نزدیک دیکھا ہے۔ اس کے نزدیک جنت الماویٰ (آرام گاہ بہشت) ہے۔ جب سدرہ پر چھا رہا تھا

مَا يَغْشٰى ﴿١٦﴾ مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰى ﴿١٧﴾ لَقَدْ رَأٰى مِنْ اٰيٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى ﴿١٨﴾ أَفَرَءَيْتُمُ

مَا يَغْشٰى	مَا زَاغَ	الْبَصَرُ	وَمَا طَغٰى	لَقَدْ رَأٰى	مِنْ	اٰيٰتِ	رَبِّهِ	الْكُبْرٰى	أَفَرَءَيْتُمُ
جو چھا رہا تھا	نہ کجی کی	آنکھ	اور نہ حد سے بڑھی	تحقیق اس نے دیکھی	سے	نشانیاں	اپنا رب	بڑی	تو کیا تم نے دیکھا؟

جو چھا رہا تھا۔ آنکھ نے نہ کجی کی اور نہ حد سے بڑھی۔ تحقیق اس نے اپنے رب کی بڑی نشانیاں دیکھیں۔ کیا تم نے دیکھا ہے

اللّٰتَ وَالْعُزّٰى ﴿١٩﴾ وَمَنٰوةَ الثَّالِثَةَ الْأُخْرٰى ﴿٢٠﴾ أَلَكُمُ الذَّكَرُ وَلَهُ الْأُنْثٰى ﴿٢١﴾ تِلْكَ إِذًا قِسْمَةٌ

اللّٰتَ	وَالْعُزّٰى	وَمَنٰوةَ	الثَّالِثَةَ الْأُخْرٰى	أَلَكُمُ	الذَّكَرُ	وَلَهُ	الْأُنْثٰى	تِلْكَ	إِذًا قِسْمَةٌ
لات	اور عزیٰ	اور منات	تیسری آخری	کیا تمہارے لئے	مرد	اور اس کے لئے	عورتیں	یہ	بانٹ تقسیم

لات اور عزیٰ، اور تیسری آخری منات کو؟ کیا تمہارے لئے مرد (بیٹے) ہیں اور اس کے لئے عورتیں (بیٹیاں)؟ یہ بانٹ تقسیم

ضِيْزٰى (۲۲) اِنْ هِىَ اِلَّاۤ اَسْمَآءٌ سَمَّيْتُمُوْهَاۤ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ مَّاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ

ضِيْزٰى	اِنْ	هِىَ	اِلَّاۤ اَسْمَآءٌ	سَمَّيْتُمُوْهَا	اَنْتُمْ	وَاٰبَآؤُكُمْ	مَاۤ اَنْزَلَ	اللّٰهُ	بِهَا	مِنْ
بے ڈھنگی	نہیں	یہ	مگر صرف نام	تم نے وہ نام رکھ لیے ہیں	تم	اور تمہارے باپ دادا	نہیں اتاری	اللہ	اسکی	کوئی

بے ڈھنگی ہے۔ یہ (کچھ) نہیں صرف نام ہیں جو تم نے اور تمہارے باپ دادا نے رکھ لیے ہیں، اللہ نے نہیں اتاری اس کی کوئی

سُلْطٰنٍ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَمَا تَهْوَى الْاَنْفُسُ ۚ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مِّنْ رَّبِّهِمُ الْهُدٰى (۲۳)

سُلْطٰنٍ	اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ	اِلَّا	الظَّنَّ	وَمَا تَهْوَى	الْاَنْفُسُ	وَلَقَدْ جَآءَهُمْ	مِنْ رَّبِّهِمُ	الْهُدٰى
سند	وہ نہیں پیروی کرتے	مگر صرف	گمان	اور جو خواہش	(جمع) نفس	اور حالانکہ پہنچ چکی انکے پاس	ان کے رب سے	ہدایت

سند، وہ نہیں پیروی کرتے، مگر صرف گمان اور خواہش نفس کی، حالانکہ ان کے رب کی طرف سے ان کے پاس ہدایت پہنچ چکی ہے۔

اَمْ لِلْاِنْسَانِ مَا تَمَنّٰى (۲۴) فَلِلّٰهِ الْاٰخِرَةُ وَالْاُوْلٰى (۲۵) وَكَمْ مِّنْ مَّلَكٍ فِى السَّمٰوٰتِ ١ ع۲۵ ۵

اَمْ	لِلْاِنْسَانِ	مَا تَمَنّٰى	فَلِلّٰهِ	الْاٰخِرَةُ	وَالْاُوْلٰى	وَكَمْ	مِنْ مَّلَكٍ	فِى السَّمٰوٰتِ
کیا	انسان کے لیے	جس وہ تمنا کرے	پس اللہ ہی کے لیے	آخرت	اور دنیا	اور کتنے	فرشتے	آسمانوں میں

کیا انسان کو وہ (سب کچھ) مل جاتا ہے، جس کی وہ تمنا کرے؟ پس اللہ ہی (کے ہاتھ میں ہے بھلائی) آخرت اور دنیا کی، اور آسمانوں میں کتنے ہی فرشتے ہیں

لَا تُغْنِىْ شَفَاعَتُهُمْ شَيْــًٔا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اَنْ يَّاْذَنَ اللّٰهُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَرْضٰى (۲۶) اِنَّ

لَا تُغْنِىْ	شَفَاعَتُهُمْ	شَيْــًٔا	اِلَّا	مِنْۢ بَعْدِ	اَنْ	يَّاْذَنَ اللّٰهُ	لِمَنْ يَّشَآءُ	وَيَرْضٰى	اِنَّ
نفع نہیں دیتی	ان کی سفارش	کچھ	مگر	اس کے بعد	کہ	اجازت دے اللہ	جس کے لیے چاہے	اور وہ پسند فرمائے	بیشک

ان کی سفارش کچھ بھی نفع نہیں دیتی مگر اس کے بعد اللہ جس کے لیے چاہے اجازت دے، اور پسند فرمائے۔ بے شک

الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ لَيُسَمُّوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ تَسْمِيَةَ الْاُنْثٰى (۲۷) وَمَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ ؕ

الَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	بِالْاٰخِرَةِ	لَيُسَمُّوْنَ	الْمَلٰٓئِكَةَ	تَسْمِيَةَ	الْاُنْثٰى	وَمَا لَهُمْ	بِهٖ	مِنْ عِلْمٍ
جو لوگ	ایمان نہیں رکھتے	آخرت پر	البتہ وہ رکھتے ہیں نام	فرشتوں	نام	عورتوں جیسا	اور نہیں انہیں	اس کا	کوئی علم

جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے وہ البتہ فرشتوں کے نام عورتوں جیسے رکھتے ہیں۔ اور انہیں اس کا کوئی علم نہیں

اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ ۚ وَاِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِىْ مِنَ الْحَقِّ شَيْــًٔا (۲۸) ۚ فَاَعْرِضْ عَنْ مَّنْ

اِنْ	يَّتَّبِعُوْنَ	اِلَّا الظَّنَّ	وَاِنَّ	الظَّنَّ	لَا يُغْنِىْ	مِنَ الْحَقِّ	شَيْــًٔا	فَاَعْرِضْ	عَنْ	مَنْ
نہیں	وہ پیروی کرتے	مگر صرف گمان	اور بیشک	گمان	نفع نہیں دیتا	یقین سے مقابلہ	کچھ	پس منہ پھیر لیں	سے	جو

وہ صرف گمان کی پیروی کرتے ہیں اور گمان یقین کے مقابلہ میں کچھ نفع نہیں دیتا۔ پس آپ اُس سے منہ پھیر لیں جو

تَوَلّٰى ۙ عَنْ ذِكْرِنَا وَلَمْ يُرِدْ اِلَّا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿۲۹﴾ ذٰلِكَ مَبْلَغُهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ ؕ اِنَّ

تَوَلّٰى	عَنْ ذِكْرِنَا	وَلَمْ يُرِدْ	اِلَّا	الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا	ذٰلِكَ	مَبْلَغُهُمْ	مِّنَ الْعِلْمِ	اِنَّ
روگرداں ہوا	ہماری یاد سے	اور وہ نہ چاہتا ہو	سوائے	دنیا کی زندگی	یہ	ان کی رسائی	علم کی	بیشک

ہماری یاد سے روگرداں ہوا، اور وہ دنیا کی زندگی کے سوا نہیں چاہتا، یہ ان کے علم کی رسائی (کی حد) ہے۔ بے شک

رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۙ وَهُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اهْتَدٰى ﴿۳۰﴾ وَلِلّٰهِ مَا

رَبَّكَ	هُوَ اَعْلَمُ	بِمَنْ	ضَلَّ	عَنْ سَبِيْلِهٖ	وَهُوَ	اَعْلَمُ	بِمَنِ	اهْتَدٰى	وَلِلّٰهِ	مَا
تیرا رب	وہ خوب جانتا ہے	اسے جو	گمراہ ہوا	اس کے راستے سے	اور وہ	خوب جانتا ہے	اسے جس	ہدایت پائی	اور اللہ کے لئے	جو

تیرا رب اسے خوب جانتا ہے جو اس کے راستے سے گمراہ ہوا اور وہ اسے خوب جانتا ہے جس نے ہدایت پائی۔ اور اللہ ہی کے لئے ہے جو کچھ

فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ۙ لِيَجْزِىَ الَّذِيْنَ اَسَآءُوْا بِمَا عَمِلُوْا وَيَجْزِىَ الَّذِيْنَ

فِى	السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِى الْاَرْضِ	لِيَجْزِىَ	الَّذِيْنَ	اَسَآءُوْا	بِمَا عَمِلُوْا	وَيَجْزِىَ	الَّذِيْنَ
میں	آسمانوں	اور جو	زمین میں	تاکہ وہ بدلہ دے	انہیں جنہوں نے	برائی کی	اسکی جو انہوں نے کئے (اعمال)	اور جزا دے	ان لوگوں کو جنہوں نے

آسمانوں میں اور جو زمین میں ہے، تاکہ جن لوگوں نے برائی کی، انہیں ان کے اعمال کا بدلہ دے اور انہیں جزا دے جن لوگوں نے

اَحْسَنُوْا بِالْحُسْنٰى ﴿۳۱﴾ اَلَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ اِلَّا اللَّمَمَ ؕ

اَحْسَنُوْا	بِالْحُسْنٰى	اَلَّذِيْنَ	يَجْتَنِبُوْنَ	كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ	وَالْفَوَاحِشَ	اِلَّا	اللَّمَمَ
نیکی کی	بھلائی کے ساتھ	جو لوگ	وہ بچتے ہیں	کبیرہ (بڑے) گناہوں سے	اور بے حیائیوں	مگر سوائے	چھوٹے گناہ

بھلائی کے ساتھ نیکی کی۔ جو چھوٹے گناہوں کے سوا بڑے گناہوں اور بے حیائیوں سے بچتے ہیں،

اِنَّ رَبَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ ؕ هُوَ اَعْلَمُ بِكُمْ اِذْ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاِذْ اَنْتُمْ

اِنَّ	رَبَّكَ	وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ	هُوَ اَعْلَمُ	بِكُمْ	اِذْ	اَنْشَاَكُمْ	مِّنَ الْاَرْضِ	وَاِذْ	اَنْتُمْ
بیشک	تمہارا رب	وسیع مغفرت والا	اور خوب جانتا ہے	تمہیں	جب	اس نے پیدا کیا تمہیں	زمین سے	اور جب	تم

بے شک تمہارا رب وسیع مغفرت والا ہے، وہ تمہیں خوب جانتا ہے جب اس نے تمہیں زمین سے پیدا کیا، اور جب تم

۲ ع ۷ ۶

اَجِنَّةٌ فِىْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ فَلَا تُزَكُّوْٓا اَنْفُسَكُمْ ؕ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقٰى ﴿۳۲﴾ اَفَرَءَيْتَ

اَجِنَّةٌ	فِىْ	بُطُوْنِ	اُمَّهٰتِكُمْ	فَلَا تُزَكُّوْٓا	اَنْفُسَكُمْ	هُوَ اَعْلَمُ	بِمَنِ	اتَّقٰى	اَفَرَءَيْتَ
بچے	میں	پیٹ (جمع)	اپنی مائیں .	پس پاکیزہ نہ سمجھو	اپنے آپ	وہ خوب جانتا ہے	اسے جو۔ جس	پرہیزگاری کی	تو کیا تو نے دیکھا

اپنی ماؤں کے پیٹوں میں بچے تھے، پس اپنے آپ کو پاکیزہ نہ سمجھو، وہ اسے خوب جانتا ہے جس نے پرہیزگاری کی۔ تو کیا تو نے دیکھا

الَّذِي تَوَلَّىٰ ﴿٣٣﴾ وَأَعْطَىٰ قَلِيلًا وَأَكْدَىٰ ﴿٣٤﴾ أَعِندَهُ عِلْمُ الْغَيْبِ فَهُوَ يَرَىٰ ﴿٣٥﴾

الَّذِي تَوَلَّىٰ	وَأَعْطَىٰ	قَلِيلًا	وَأَكْدَىٰ	أَعِندَهُ	عِلْمُ الْغَيْبِ	فَهُوَ يَرَىٰ
جس نے روگردانی کی	اور اس نے دیا	تھوڑا سا	اور اس نے بند کر دیا	کیا اس کے پاس	علم غیب	تو وہ دیکھ رہا ہے

جس نے روگردانی کی - اور تھوڑا (مال) دیا اور (پھر) بند کر دیا۔ کیا اس کے پاس علم غیب ہے؟ تو وہ دیکھ رہا ہے۔

أَمْ لَمْ يُنَبَّأْ بِمَا فِي صُحُفِ مُوسَىٰ ﴿٣٦﴾ وَإِبْرَاهِيمَ الَّذِي وَفَّىٰ ﴿٣٧﴾ أَلَّا تَزِرُ وَازِرَةٌ

أَمْ	لَمْ يُنَبَّأْ	بِمَا	فِي	صُحُفِ	مُوسَىٰ	وَإِبْرَاهِيمَ	الَّذِي	وَفَّىٰ	أَلَّا تَزِرُ	وَازِرَةٌ
کیا	وہ خبر نہیں دیا گیا	وہ جو	میں	صحیفے	موسیٰؑ	اور ابراہیمؑ	وہ جو جس	پورا کیا	کہ نہیں اٹھاتا	کوئی بوجھ اٹھانے والا

کیا وہ خبر نہیں دیا گیا (کیا اسے خبر نہیں)، جو موسیٰؑ کے صحیفوں میں ہے - اور ابراہیمؑ جس نے (اپنا قول) پورا کیا - کوئی بوجھ اٹھانے والا نہیں اٹھاتا

وِزْرَ أُخْرَىٰ ﴿٣٨﴾ وَأَن لَّيْسَ لِلْإِنسَانِ إِلَّا مَا سَعَىٰ ﴿٣٩﴾ وَأَنَّ سَعْيَهُ سَوْفَ يُرَىٰ ﴿٤٠﴾

وِزْرَ أُخْرَىٰ	وَأَن	لَّيْسَ	لِلْإِنسَانِ	إِلَّا	مَا سَعَىٰ	وَأَنَّ	سَعْيَهُ	سَوْفَ يُرَىٰ
کسی دوسرے کا بوجھ	اور یہ کہ	نہیں	کسی انسان کے لئے	مگر	جو اس نے سعی کی	اور یہ کہ	اس کی سعی	عنقریب دیکھی جائے گی

کسی دوسرے کا بوجھ - اور یہ کہ کسی انسان کے لئے نہیں (کسی کو نہیں ملتا) مگر اسی قدر جتنی اس نے سعی کی، اور یہ کہ اس کی سعی عنقریب دیکھی جائے گی۔

ثُمَّ يُجْزَاهُ الْجَزَاءَ الْأَوْفَىٰ ﴿٤١﴾ وَأَنَّ إِلَىٰ رَبِّكَ الْمُنتَهَىٰ ﴿٤٢﴾ وَأَنَّهُ هُوَ أَضْحَكَ وَأَبْكَىٰ ﴿٤٣﴾

ثُمَّ	يُجْزَاهُ	الْجَزَاءَ الْأَوْفَىٰ	وَأَنَّ	إِلَىٰ	رَبِّكَ	الْمُنتَهَىٰ	وَأَنَّهُ	هُوَ أَضْحَكَ	وَأَبْكَىٰ
پھر	اسے بدلہ دیا جائے گا	بدلہ پورا پورا	اور یہ کہ	طرف	تمہارا رب	انتہا	اور بیشک	وہی ہنساتا ہے	اور وہ رلاتا ہے

پھر اسے پورا پورا بدلہ دیا جائے گا۔ اور یہ کہ تمہارے رب (ہی) کی طرف انتہا ہے۔ اور بے شک وہی ہنساتا اور رلاتا ہے۔

وَأَنَّهُ هُوَ أَمَاتَ وَأَحْيَا ﴿٤٤﴾ وَأَنَّهُ خَلَقَ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْأُنثَىٰ ﴿٤٥﴾ مِن نُّطْفَةٍ

وَأَنَّهُ	هُوَ أَمَاتَ	وَأَحْيَا	وَأَنَّهُ	خَلَقَ	الزَّوْجَيْنِ	الذَّكَرَ	وَالْأُنثَىٰ	مِن نُّطْفَةٍ
اور بیشک وہ	وہی مارتا ہے	اور جلاتا ہے	اور بیشک وہ	اسی نے پیدا کئے	دو جوڑے	مرد	اور عورت	نطفہ سے

اور بیشک وہی مارتا اور جلاتا ہے - اور بیشک وہی جس نے دو جوڑے پیدا کئے، مرد اور عورت - نطفہ سے،

إِذَا تُمْنَىٰ ﴿٤٦﴾ وَأَنَّ عَلَيْهِ النَّشْأَةَ الْأُخْرَىٰ ﴿٤٧﴾ وَأَنَّهُ هُوَ أَغْنَىٰ وَأَقْنَىٰ ﴿٤٨﴾ وَأَنَّهُ هُوَ

إِذَا تُمْنَىٰ	وَأَنَّ	عَلَيْهِ	النَّشْأَةَ	الْأُخْرَىٰ	وَأَنَّهُ	هُوَ	أَغْنَىٰ	وَأَقْنَىٰ	وَأَنَّهُ	هُوَ
جب وہ ڈالا جاتا	اور یہ کہ	اسی پر	جی اٹھانا	دوبارہ	اور بیشک وہ	وہی	اسی نے غنی کیا	اور سرمایہ دار کیا	اور بیشک وہ	وہی

جب وہ (رحم میں) ڈالا جاتا ہے، اور یہ کہ اسی پر (اسی کے ذمے ہے) دوبارہ جی اٹھانا - اور بیشک اسی نے غنی کیا، اور سرمایہ دار کیا - اور بیشک وہی

رَبُّ الشِّعْرٰى ﴿۴۹﴾ وَاَنَّهٗٓ اَهْلَكَ عَادَا الْاُوْلٰى ﴿۵۰﴾ وَثَمُوْدَا فَمَآ اَبْقٰى ﴿۵۱﴾ وَقَوْمَ

رَبُّ الشِّعْرٰى	وَاَنَّهٗ	اَهْلَكَ	عَادَا الْاُوْلٰى	وَثَمُوْدَا	فَمَآ اَبْقٰى	وَقَوْمَ
شعریٰ (ستارے) کا رب	اور بیشک وہ	اس نے ہلاک کیا	عاد پہلی (قدیم)	اور ثمود	پس اس نے باقی نہ چھوڑا	اور قوم

شعریٰ ستارے کا رب ہے، اور بیشک اس نے قدیم عاد کو ہلاک کیا، اور ثمود کو، اس نے باقی نہ چھوڑا۔ اور قوم

نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا هُمْ اَظْلَمَ وَاَطْغٰى ﴿۵۲﴾ وَالْمُؤْتَفِكَةَ اَهْوٰى ﴿۵۳﴾

نُوْحٍ	مِّنْ قَبْلُ	اِنَّهُمْ	كَانُوْا	هُمْ	اَظْلَمَ	وَاَطْغٰى	وَالْمُؤْتَفِكَةَ	اَهْوٰى
نوحؑ	اس سے قبل	بیشک وہ	وہ تھے	وہ	بڑے ظالم	اور بہت سرکش	اور الٹنے والی بستیاں	دے مارا

نوحؑ کو اس سے قبل، بیشک وہ بڑے ظالم اور بہت سرکش تھے۔ اور (قوم لوطؑ) کی الٹنے والی بستیوں کو دے مارا۔

فَغَشّٰىهَا مَا غَشّٰى ﴿۵۴﴾ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكَ تَتَمَارٰى ﴿۵۵﴾ هٰذَا نَذِيْرٌ مِّنَ النُّذُرِ الْاُوْلٰى ﴿۵۶﴾

فَغَشّٰىهَا	مَا غَشّٰى	فَبِاَيِّ	اٰلَاۗءِ	رَبِّكَ	تَتَمَارٰى	هٰذَا	نَذِيْرٌ	مِّنَ	النُّذُرِ الْاُوْلٰى
تو اسکو ڈھانپ لیا	جس نے ڈھانپ لیا	پس کس	نعمت	اپنا رب	تو شک کرے گا	یہ	ایک ڈرانیوالا	سے	پہلے ڈرانے والے

تو اس کو ڈھانپ لیا جس نے ڈھانپ لیا (پتھروں نے)، پس تو اپنے رب کی کس کس نعمت میں شک کرے گا! یہ پہلے ڈرانے والوں میں سے ایک ڈرانے والا ہے۔

اَزِفَتِ الْاٰزِفَةُ ﴿۵۷﴾ لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَاشِفَةٌ ﴿۵۸﴾ اَفَمِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ

اَزِفَتِ	الْاٰزِفَةُ	لَيْسَ	لَهَا	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	كَاشِفَةٌ	اَفَمِنْ	هٰذَا الْحَدِيْثِ
قریب آگئی	قریب آنے والی	نہیں	اسکے لئے اسکا	اللہ کے سوا	کوئی کھولنے والا	تو کیا سے	اس بات

قریب آنے والی (قیامت) قریب آگئی۔ اللہ کے سوا اس کا کوئی کھولنے والا نہیں۔ تو کیا تم اس بات سے

تَعْجَبُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَتَضْحَكُوْنَ وَلَا تَبْكُوْنَ ﴿۶۰﴾ وَاَنْتُمْ سٰمِدُوْنَ ﴿۶۱﴾

تَعْجَبُوْنَ	وَتَضْحَكُوْنَ	وَلَا تَبْكُوْنَ	وَاَنْتُمْ	سٰمِدُوْنَ
تم تعجب کرتے ہو	اور تم ہنستے ہو	اور تم نہیں روتے	اور تم	غفلت کرتے (غافل) ہو

تعجب کرتے ہو؟ اور تم ہنستے ہو روتے نہیں۔ اور تم غافل ہو۔

ع ۳ ۷

فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا ﴿۶۲﴾ ع

فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ	وَاعْبُدُوْا
پس تم سجدہ کرو اللہ کے آگے	اور اس کی عبادت کرو

پس تم اللہ کے آگے سجدہ کرو، اور اسی کی عبادت کرو۔

ركوعاتها ٣ | ٥٤ سُورَةُ الْقَمَرِ مَكِّيَّةٌ ٣٧ | اٰياتها ٥٥

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان، رحم کرنے والا ہے۔

اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ۝١ وَاِنْ يَّرَوْا اٰيَةً يُّعْرِضُوْا وَيَقُوْلُوْا سِحْرٌ

اِقْتَرَبَتِ	السَّاعَةُ	وَانْشَقَّ	الْقَمَرُ	وَاِنْ يَّرَوْا	اٰيَةً	يُّعْرِضُوْا	وَيَقُوْلُوْا	سِحْرٌ
قریب آگئی	قیامت	اور شق ہوگیا	چاند	اور اگر وہ دیکھتے ہیں	کوئی نشانی	وہ منہ پھیر لیتے ہیں	اور وہ کہتے ہیں	جادو

قیامت قریب آگئی اور چاند شق ہو گیا - اور اگر وہ کوئی نشانی دیکھتے ہیں تو منہ پھیر لیتے ہیں اور کہتے ہیں (یہ) جادو ہے

مُّسْتَمِرٌّ ۝٢ وَكَذَّبُوْا وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ وَكُلُّ اَمْرٍ مُّسْتَقِرٌّ ۝٣ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مِّنَ

مُّسْتَمِرٌّ	وَكَذَّبُوْا	وَاتَّبَعُوْٓا	اَهْوَآءَهُمْ	وَكُلُّ اَمْرٍ	مُّسْتَقِرٌّ	وَلَقَدْ جَآءَهُمْ	مِّنَ
(ہمیشہ سے) ہوتا چلا آیا	اور انہوں نے جھٹلایا	اور پیروی کی	اپنی خواہشات	اور ہر کام	وقت مقرر	اور تحقیق آگئی ان کے پاس	سے

ہمیشہ سے ہوتا چلا آیا ہے۔ اور انہوں نے جھٹلایا، اور اپنی خواہشات کی پیروی کی اور ہر کام کے لئے ایک وقت مقرر ہے۔ اور تحقیق ان کے پاس آگئیں

الْاَنْۢبَآءِ مَا فِيْهِ مُزْدَجَرٌ ۝٤ حِكْمَةٌۢ بَالِغَةٌ فَمَا تُغْنِ النُّذُرُ ۝٥ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ يَوْمَ يَدْعُ

الْاَنْۢبَآءِ	مَا فِيْهِ	مُزْدَجَرٌ	حِكْمَةٌۢ بَالِغَةٌ	فَمَا تُغْنِ	النُّذُرُ	فَتَوَلَّ	عَنْهُمْ	يَوْمَ	يَدْعُ
(جمع) خبریں	جس میں	ڈانٹ (عبرت)	حکمت بالغہ (کامل دانشمندی)	تو نہ فائدہ دیا	ڈرانیوالے	سو تم منہ پھیر لو	ان سے	جس دن	بلائے گا

(وہ) خبریں جن میں عبرت ہے، کامل دانشمندی کی باتیں تو انہیں ڈرانے والوں نے فائدہ نہ دیا - سو تم ان سے منہ پھیر لو، جس دن بلائے گا

الدَّاعِ اِلٰى شَيْءٍ نُّكُرٍ ۝٦ خُشَّعًا اَبْصَارُهُمْ يَخْرُجُوْنَ مِنَ الْاَجْدَاثِ كَاَنَّهُمْ

الدَّاعِ	اِلٰى	شَيْءٍ نُّكُرٍ	خُشَّعًا	اَبْصَارُهُمْ	يَخْرُجُوْنَ	مِنَ الْاَجْدَاثِ	كَاَنَّهُمْ
ایک بلانے والا	طرف	شے ناگوار	جھکی ہوئی	ان کی آنکھیں	وہ نکلیں گے	قبروں سے	گویا کہ وہ

ایک بلانے والا (فرشتہ) ناگوار شے کی طرف - ان کی آنکھیں جھکی ہوئی (ہوں گی) وہ قبروں سے (اس طرح) نکلیں گے گویا کہ وہ

جَرَادٌ مُّنْتَشِرٌ ۝٧ مُّهْطِعِيْنَ اِلَى الدَّاعِ يَقُوْلُ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا يَوْمٌ عَسِرٌ ۝٨ كَذَّبَتْ

جَرَادٌ	مُّنْتَشِرٌ	مُّهْطِعِيْنَ	اِلَى الدَّاعِ	يَقُوْلُ	الْكٰفِرُوْنَ	هٰذَا	يَوْمٌ عَسِرٌ	كَذَّبَتْ
ٹڈیاں	پراگندہ	لپکتے ہوئے	پکارنے والے کی طرف	کہیں گے	کافر (جمع)	یہ	بڑا سخت دن	جھٹلایا

پراگندہ ٹڈیاں ہیں۔ پکارنے والے کی طرف لپکتے ہوئے کافر کہیں گے "یہ بڑا سخت دن ہے۔" جھٹلایا

قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ فَكَذَّبُوْا عَبْدَنَا وَقَالُوْا مَجْنُوْنٌ وَّازْدُجِرَ ﴿۹﴾ فَدَعَا رَبَّهٗۤ اَنِّیْ

قَبْلَهُمْ	قَوْمُ نُوْحٍ	فَكَذَّبُوْا	عَبْدَنَا	وَقَالُوْا	مَجْنُوْنٌ	وَّازْدُجِرَ	فَدَعَا	رَبَّهٗ	اَنِّیْ
ان سے قبل	قوم نوح	تو انہوں نے جھٹلایا	ہمارے بندے	اور انہوں نے کہا	دیوانہ	اور ڈرایا دھمکایا گیا	پس اس نے پکارا	اپنا رب	کہ میں

ان سے قبل قوم نوح نے، تو انہوں نے ہمارے بندے (نوحؑ) کو جھٹلایا اور انہوں نے کہا دیوانہ ہے، ڈرایا دھمکایا گیا ہے۔ پس اس نے اپنے رب کو پکارا کہ میں

مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ﴿۱۰﴾ فَفَتَحْنَآ اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ ﴿۱۱﴾ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُیُوْنًا

مَغْلُوْبٌ	فَانْتَصِرْ	فَفَتَحْنَآ	اَبْوَابَ السَّمَآءِ	بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ	وَّفَجَّرْنَا	الْاَرْضَ	عُیُوْنًا
مغلوب	پس میرا انتقام لے	تو ہم نے کھول دیئے	آسمان کے دروازے	کثرت سے برسنے والے پانی سے	اور ہم نے جاری کر دیئے	زمین	چشمے

مغلوب ہوں پس (ان سے) میرا انتقام لے۔ تو ہم نے کثرت سے برسنے والے پانی سے آسمان کے دروازے کھول دیئے اور زمین سے چشمے جاری کر دیئے

فَالْتَقَی الْمَآءُ عَلٰۤی اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ﴿۱۲﴾ وَحَمَلْنٰهُ عَلٰی ذَاتِ اَلْوَاحٍ وَّدُسُرٍ ﴿۱۳﴾ تَجْرِیْ بِاَعْیُنِنَا

فَالْتَقَی	الْمَآءُ	عَلٰۤی اَمْرٍ	قَدْ قُدِرَ	وَحَمَلْنٰهُ	عَلٰی	ذَاتِ اَلْوَاحٍ	وَّدُسُرٍ	تَجْرِیْ	بِاَعْیُنِنَا
پس مل گیا	پانی	اس کام پر	(جو) مقرر ہو چکا تھا	اور ہم نے سوار کیا اسے	پر	تختوں والی	اور کیلوں والی	چلتی تھی	اپنی آنکھوں کے سامنے

پس (زمین و آسمان کا) پانی اس کام پر مل گیا جو (علم الٰہی میں) مقرر ہو چکا تھا (قوم نوحؑ کی غرقابی)۔ اور ہم نے اسے تختوں اور کیلوں والی (کشتی پر) اپنی آنکھوں کے سامنے (اپنی نگرانی میں) سوار کیا

جَزَآءً لِّمَنْ كَانَ كُفِرَ ﴿۱۴﴾ وَلَقَدْ تَّرَكْنٰهَآ اٰیَةً فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿۱۵﴾ فَكَیْفَ كَانَ عَذَابِیْ

جَزَآءً	لِّمَنْ	كَانَ كُفِرَ	وَلَقَدْ تَّرَكْنٰهَآ	اٰیَةً	فَهَلْ	مِنْ مُّدَّكِرٍ	فَكَیْفَ كَانَ	عَذَابِیْ
بدلہ	اس کے لئے جس	ناقدری کی گئی	اور تحقیق ہم نے اسے رہنے دیا	ایک نشانی	تو کیا ہے	کوئی نصیحت پکڑنے والا	پس کیسا ہوا	میرا عذاب

اس کے بدلے کے لئے جس کی ناقدری کی گئی۔ اور تحقیق ہم نے اسے (بطور) ایک نشانی رہنے دیا۔ تو کیا ہے کوئی نصیحت پکڑنے والا؟ پس (دیکھو) کیسا ہوا میرا عذاب

وَنُذُرِ ﴿۱۶﴾ وَلَقَدْ یَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿۱۷﴾ كَذَّبَتْ عَادٌ فَكَیْفَ

وَنُذُرِ	وَلَقَدْ یَسَّرْنَا	الْقُرْاٰنَ	لِلذِّكْرِ	فَهَلْ	مِنْ مُّدَّكِرٍ	كَذَّبَتْ	عَادٌ	فَكَیْفَ
ان لوگوں کی طرح جنہوں نے اللہ کو بھلا دیا، تو اللہ نے (ایسا کر دیا کہ) انہوں نے خود اپنے آپ کو بھلا دیا، یہی نافرمان لوگ ہیں۔ برابر نہیں

اَصْحٰبُ النَّارِ وَاَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ؕ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿۲۰﴾ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا

اَصْحٰبُ النَّارِ	وَاَصْحٰبُ الْجَنَّةِ	اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ	هُمُ	الْفَآئِزُوْنَ	لَوْ اَنْزَلْنَا	هٰذَا
دوزخ والے	اور جنت والے	جنت والے	وہی ہیں	مراد کو پہنچنے والے	اگر ہم نازل کرتے	یہ

دوزخ والے اور جنت والے، جنت والے ہی مراد کو پہنچنے والے ہیں۔ اگر ہم نازل کرتے یہ

الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ

الْقُرْاٰنَ	عَلٰى جَبَلٍ	لَّرَاَيْتَهٗ	خَاشِعًا	مُّتَصَدِّعًا	مِّنْ	خَشْيَةِ اللّٰهِ	وَتِلْكَ	الْاَمْثَالُ
قرآن	پہاڑ پر	تو تم دیکھتے اس کو	دبا ہوا	ٹکڑے ٹکڑے ہوا	سے	اللہ کا خوف	اور یہ	مثالیں

قرآن کسی پہاڑ پر تو تم اس کو اللہ کے خوف سے دبا (جھکا) ہوا ٹکڑے ٹکڑے دیکھتے، اور یہ مثالیں

نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۱﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ

نَضْرِبُهَا	لِلنَّاسِ	لَعَلَّهُمْ	يَتَفَكَّرُوْنَ	هُوَ اللّٰهُ	الَّذِيْ	لَا	اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	عٰلِمُ الْغَيْبِ
ہم وہ بیان کرتے ہیں	لوگوں کے لئے	تاکہ وہ	غور و فکر کریں	وہ اللہ	وہ جس	نہیں	کوئی معبود	اس کے سوا	جاننے والا پوشیدہ کا

ہم لوگوں کے لئے بیان کرتے ہیں تاکہ وہ غور و فکر کریں۔ وہ اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، جاننے والا پوشیدہ کا

وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿۲۲﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ

وَالشَّهَادَةِ	هُوَ الرَّحْمٰنُ	الرَّحِيْمُ	هُوَ اللّٰهُ	الَّذِيْ	لَآ اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	اَلْمَلِكُ
اور آشکارا	وہ بڑا مہربان	رحم کرنے والا	وہ اللہ	وہ جس	نہیں کوئی معبود	اس کے سوا	بادشاہ

اور آشکارا کا، وہ بڑا مہربان، رحم کرنے والا ہے۔ وہ اللہ ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں (وہ حقیقی) بادشاہ ہے،

الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ

الْقُدُّوْسُ	السَّلٰمُ	الْمُؤْمِنُ	الْمُهَيْمِنُ	الْعَزِيْزُ	الْجَبَّارُ	الْمُتَكَبِّرُ	سُبْحٰنَ	اللّٰهِ
نہایت پاک	سلامتی	امن دینے والا	نگہبان	غالب	زبردست	بڑائی والا	پاک	اللہ

(ہر عیب سے) نہایت پاک ہے۔ سلامتی، امن دینے والا، نگہبان، غالب، زبردست، بڑائی والا، اللہ پاک ہے،

عَمَّا يُشْرِكُونَ ﴿٢٣﴾ هُوَ اللَّهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنَىٰ ۚ يُسَبِّحُ لَهُ

عَمَّا	يُشْرِكُونَ	هُوَ اللَّهُ	الْخَالِقُ	الْبَارِئُ	الْمُصَوِّرُ	لَهُ	الْأَسْمَاءُ	الْحُسْنَىٰ	يُسَبِّحُ	لَهُ
اس سے جو	وہ شریک کرتے ہیں	وہ اللہ	خالق	ایجاد کرنیوالا	صورتیں بنانیوالا	اسکے لئے	نام (جمع)	اچھے	پاکیزگی بیان کرتا ہے	اسکی

اس سے جو وہ شریک کرتے ہیں۔ وہ اللہ ہے خالق، ایجاد کرنے والا، صورتیں بنانیوالا، اسی کے ہیں (سب) اچھے نام، اس کی پاکیزگی بیان کرتا ہے

٣ ع ٦

مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿٢٤﴾

مَا	فِي السَّمَاوَاتِ	وَالْأَرْضِ	وَهُوَ	الْعَزِيزُ	الْحَكِيمُ
جو	آسمانوں میں	اور زمین	اور وہ	غالب	حکمت والا

جو آسمانوں اور زمین میں ہے، اور وہ غالب حکمت والا ہے۔

آیاتها ١٣ | ٦٠ سُورَةُ الْمُمْتَحِنَةِ مَدَنِيَّةٌ ٩١ | فیها رکوعان ٢

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا عَدُوِّي وَعَدُوَّكُمْ أَوْلِيَاءَ تُلْقُونَ إِلَيْهِم بِالْمَوَدَّةِ

يَا أَيُّهَا	الَّذِينَ آمَنُوا	لَا تَتَّخِذُوا	عَدُوِّي	وَعَدُوَّكُمْ	أَوْلِيَاءَ	تُلْقُونَ	إِلَيْهِم	بِالْمَوَدَّةِ
اے	ایمان والو	تم نہ بناؤ	میرا دشمن	اور اپنے دشمن	دوست	تم پیغام بھیجتے ہو	ان کی طرف	دوستی سے۔ کا

اے ایمان والو! تم میرے اور اپنے دشمنوں کو دوست نہ بناؤ، تم ان کی طرف دوستی کا پیغام بھیجتے ہو،

وَقَدْ كَفَرُوا بِمَا جَاءَكُم مِّنَ الْحَقِّ يُخْرِجُونَ الرَّسُولَ وَإِيَّاكُمْ ۙ أَن تُؤْمِنُوا بِاللَّهِ

وَقَدْ كَفَرُوا	بِمَا جَاءَكُم	مِّنَ الْحَقِّ	يُخْرِجُونَ	الرَّسُولَ	وَإِيَّاكُمْ	أَن	تُؤْمِنُوا	بِاللَّهِ
اور وہ منکر ہو چکے ہیں	اسکے جو تمہارے پاس آیا	حق سے	وہ نکالتے (جلاوطن) کرتے ہیں	رسول	اور تمہیں بھی	کہ	تم ایمان لاتے ہو	اللہ پر

اور تمہارے پاس جو حق آیا ہے وہ اس کے منکر ہو چکے ہیں، وہ رسولؐ کو اور تمہیں بھی جلاوطن کرتے ہیں (محض اس لئے) کہ تم اللہ پر ایمان لاتے ہو،

رَبِّكُمْ إِن كُنتُمْ خَرَجْتُمْ جِهَادًا فِي سَبِيلِي وَابْتِغَاءَ مَرْضَاتِي ۚ تُسِرُّونَ إِلَيْهِم

رَبِّكُمْ	إِن	كُنتُمْ خَرَجْتُمْ	جِهَادًا	فِي سَبِيلِي	وَابْتِغَاءَ	مَرْضَاتِي	تُسِرُّونَ	إِلَيْهِم
تمہارا رب	اگر	تم نکلتے ہو	جہاد کے لئے	میرے راستے میں	اور چاہنے کے لئے	میری رضا	تم چھپا کر بھیجتے ہو	ان کی طرف

(جو) تمہارا رب ہے، اگر تم نکلتے ہو میرے راستے میں جہاد کے لئے، اور میری رضا چاہنے کے لئے، تم ان کی طرف چھپا کر بھیجتے ہو،

بِالْمَوَدَّةِ ۖ وَأَنَا أَعْلَمُ بِمَا أَخْفَيْتُمْ وَمَا أَعْلَنْتُمْ ۚ وَمَنْ يَفْعَلْهُ مِنْكُمْ فَقَدْ

بِالْمَوَدَّةِ	وَأَنَا أَعْلَمُ	بِمَا	أَخْفَيْتُمْ	وَمَا	أَعْلَنْتُمْ	وَمَنْ	يَفْعَلْهُ	مِنْكُمْ	فَقَدْ
دوستی (کا پیغام)	اور میں خوب جانتا ہوں	وہ جو	تم چھپاتے ہو	اور جو	تم ظاہر کرتے ہو	اور جو	یہ کرے گا	تم میں سے	تو تحقیق

دوستی (کا پیغام)، اور میں خوب جانتا ہوں وہ جو تم چھپاتے ہو، اور جو تم ظاہر کرتے ہو، اور تم میں سے جو کوئی یہ کرے گا تو (جان لو) کہ تحقیق

ضَلَّ سَوَاءَ السَّبِيلِ ① إِنْ يَثْقَفُوكُمْ يَكُونُوا لَكُمْ أَعْدَاءً وَيَبْسُطُوا إِلَيْكُمْ

ضَلَّ	سَوَاءَ	السَّبِيلِ	إِنْ	يَثْقَفُوكُمْ	يَكُونُوا	لَكُمْ	أَعْدَاءً	وَيَبْسُطُوا	إِلَيْكُمْ
وہ بھٹک گیا	سیدھا	راستہ	اگر	وہ تمہیں پائیں	وہ ہو جائیں	تمہارے	دشمن	اور وہ کھولیں	تم پر

وہ سیدھے راستے سے بھٹک گیا۔ اگر وہ تمہیں پائیں (تم پر دسترس پا لیں) تو وہ تمہارے دشمن ہو جائیں اور تم پر کھولیں

أَيْدِيَهُمْ وَأَلْسِنَتَهُمْ بِالسُّوءِ وَوَدُّوا لَوْ تَكْفُرُونَ ② لَنْ تَنْفَعَكُمْ أَرْحَامُكُمْ وَ

أَيْدِيَهُمْ	وَأَلْسِنَتَهُمْ	بِالسُّوءِ	وَوَدُّوا	لَوْ تَكْفُرُونَ	لَنْ تَنْفَعَكُمْ	أَرْحَامُكُمْ	وَ
اپنے ہاتھ	اور اپنی زبانیں	برائی کے ساتھ	اور وہ چاہتے ہیں	کاش تم کافر ہو جاؤ	تمہیں ہرگز نفع نہ دیں گے	تمہارے رشتے	اور

برائی کے ساتھ اپنے ہاتھ اور اپنی زبانیں (دست درازی اور زبان درازی کریں) اور وہ چاہتے ہیں کہ کاش تم کافر ہو جاؤ۔ تمہیں ہرگز نفع نہ دیں گے تمہارے رشتے اور

لَا أَوْلَادُكُمْ ۚ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ يَفْصِلُ بَيْنَكُمْ ۚ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ③ قَدْ كَانَتْ لَكُمْ

لَا	أَوْلَادُكُمْ	يَوْمَ الْقِيَامَةِ	يَفْصِلُ	بَيْنَكُمْ	وَاللَّهُ	بِمَا تَعْمَلُونَ	بَصِيرٌ	قَدْ كَانَتْ	لَكُمْ
نہ	تمہاری اولاد	قیامت کے دن	وہ (اللہ) فیصلہ کرے گا	تمہارے درمیان	اور اللہ	جو تم کرتے ہو	دیکھتا ہے	بے شک ہے	تمہارے لئے

نہ تمہاری اولاد قیامت کے دن، اللہ تمہارے درمیان فیصلہ کر دے گا، اور تم جو کچھ کرتے ہو اللہ دیکھتا ہے۔ بے شک تمہارے لئے ہے

أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِي إِبْرَاهِيمَ وَالَّذِينَ مَعَهُ ۚ إِذْ قَالُوا لِقَوْمِهِمْ إِنَّا بُرَآءُ مِنْكُمْ وَ

أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ	فِي	إِبْرَاهِيمَ	وَالَّذِينَ	مَعَهُ	إِذْ قَالُوا	لِقَوْمِهِمْ	إِنَّا بُرَآءُ	مِنْكُمْ	وَ
چال (نمونہ) بہترین	میں	ابراہیمؑ	اور جو	اس کے ساتھ	جب انہوں نے کہا	اپنی قوم کو	بیشک ہم لاتعلق	تم سے	اور

بہترین نمونہ ابراہیمؑ اور ان لوگوں میں ہے جو ان کے ساتھ تھے، جب انہوں نے اپنی قوم کو کہا بیشک ہم تم سے بیزار ہیں، اور

مِمَّا تَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ كَفَرْنَا بِكُمْ وَبَدَا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةُ وَ

مِمَّا	تَعْبُدُونَ	مِنْ دُونِ اللَّهِ	كَفَرْنَا	بِكُمْ	وَبَدَا	بَيْنَنَا	وَ	بَيْنَكُمُ	الْعَدَاوَةُ	وَ
ان سے جن کی	تم بندگی کرتے ہو	اللہ کے سوا	ہم منکر ہیں	تمہارے	اور ظاہر ہو گئی	ہمارے درمیان	اور	تمہارے درمیان	عداوت	اور

ان سے جن کی تم اللہ کے سوا بندگی کرتے ہو، ہم تمہارے منکر ہیں، اور ظاہر ہو گئی ہمارے اور تمہارے درمیان عداوت اور

الْبَغْضَآءُ اَبَدًا حَتّٰى تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗۤ اِلَّا قَوْلَ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ لَاَسْتَغْفِرَنَّ

الْبَغْضَآءُ	اَبَدًا	حَتّٰى	تُؤْمِنُوْا	بِاللّٰهِ	وَحْدَهٗ	اِلَّا قَوْلَ	اِبْرٰهِيْمَ	لِاَبِيْهِ	لَاَسْتَغْفِرَنَّ
بُغض (دشمنی)	ہمیشہ کے لئے	یہاں تک کہ	تم ایمان لے آؤ	اللہ پر	واحد	مگر کہنا	ابراہیمؑ	اپنے باپ سے	البتہ میں ضرور مغفرت مانگوں گا

اور دشمنی ہمیشہ کے لئے، یہاں تک کہ تم اللہ واحد پر ایمان لے آؤ، مگر ابراہیمؑ کا اپنے باپ سے یہ کہنا کہ میں ضرور مغفرت مانگوں گا

لَكَ وَمَآ اَمْلِكُ لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ؕ رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَاِلَيْكَ اَنَبْنَا وَاِلَيْكَ

لَكَ	وَمَا	اَمْلِكُ	لَكَ	مِنَ اللّٰهِ	مِنْ شَيْءٍ	رَبَّنَا	عَلَيْكَ	تَوَكَّلْنَا	وَاِلَيْكَ	اَنَبْنَا	وَاِلَيْكَ
تمہارے لئے	اور نہیں	میں اختیار رکھتا	تمہارے لئے	اللہ سے۔ آگے	کچھ بھی	اے ہمارے رب	تجھ پر	ہم نے بھروسہ کیا	اور تیری طرف	ہم نے رجوع کیا	اور تیری طرف

تمہارے لئے، اور اللہ کے آگے میں تمہارے لئے کچھ بھی اختیار نہیں رکھتا، اے ہمارے رب! ہم نے تجھ پر بھروسہ کیا، اور تیری طرف ہم نے رجوع کیا، اور تیری طرف

الْمَصِيْرُ ④ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ

الْمَصِيْرُ	رَبَّنَا	لَا تَجْعَلْنَا	فِتْنَةً	لِّلَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَاغْفِرْ	لَنَا	رَبَّنَا	اِنَّكَ	اَنْتَ
بازگشت	اے ہمارے رب	ہمیں نہ بنا	آزمائش (تختۂ مشق)	اُنکے لئے جنہوں نے	کفر کیا۔ کافر	اور بخش دے	ہمیں	اے ہمارے رب	بیشک تو	تو ہی

بازگشت ہے۔ اے ہمارے رب! ہمیں کافروں کا تختۂ مشق نہ بنا، اے ہمارے رب! ہمیں بخش دے، بیشک تو ہی

الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ⑤ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْهِمْ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ

الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ	لَقَدْ كَانَ	لَكُمْ	فِيْهِمْ	اُسْوَةٌ	حَسَنَةٌ	لِّمَنْ	كَانَ يَرْجُوا	اللّٰهَ
غالب	حکمت والا	تحقیق (یقیناً) ہے	تمہارے لئے	ان میں	چال (نمونہ)	بہترین	اس کے لئے جو	امید رکھتا ہے	اللہ

غالب حکمت والا ہے۔ یقیناً تمہارے لئے ان میں بہترین نمونہ ہے (یعنی) اس کے لئے جو امید رکھتا ہے اللہ (سے ملاقات) کی

۱ ع ۶ ۷

وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ ؕ وَمَنْ يَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ⑥ عَسَى اللّٰهُ اَنْ

وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ	وَمَنْ	يَّتَوَلَّ	فَاِنَّ اللّٰهَ	هُوَ الْغَنِيُّ	الْحَمِيْدُ	عَسَى اللّٰهُ	اَنْ
اور آخرت کا دن	اور جو۔ جس	روگردانی کریگا	تو بیشک اللہ	وہ بے نیاز	ستودہ صفات	قریب ہے کہ اللہ	کہ

اور آخرت کے دن کی، اور جس نے روگردانی کی، تو بے شک اللہ بے نیاز ستودہ صفات ہے۔ قریب ہے کہ اللہ

يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ؕ وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ

يَّجْعَلَ	بَيْنَكُمْ	وَبَيْنَ	الَّذِيْنَ	عَادَيْتُمْ	مِّنْهُمْ	مَّوَدَّةً	وَاللّٰهُ	قَدِيْرٌ	وَاللّٰهُ
وہ کر دے	تمہارے درمیان	اور درمیان	ان لوگوں کے	تم عداوت رکھتے ہو	ان سے	دوستی	اور اللہ	قدرت رکھنے والا	اور اللہ

تمہارے درمیان اور ان لوگوں کے درمیان دوستی کر دے جن سے تم عداوت رکھتے ہو، اور اللہ قدرت رکھنے والا ہے، اور اللہ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (۷) لَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ لَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ وَلَمْ يُخْرِجُوْكُمْ

غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	لَا يَنْهٰىكُمُ	اللّٰهُ	عَنِ	الَّذِيْنَ	لَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ	فِي الدِّيْنِ	وَلَمْ يُخْرِجُوْكُمْ
بخشنے والا	رحم کرنے والا	تحقیق منع نہیں کرتا	اللہ	سے	جو لوگ	تم سے نہیں لڑتے	دین میں	اور انہوں نے تمہیں نہیں نکالا

بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے۔ اللہ تمہیں منع نہیں کرتا کہ ان لوگوں سے جو تم سے دین (کے بارے میں) نہیں لڑے اور انہوں نے تمہیں نہیں نکالا

مِّنْ دِيَارِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْهُمْ وَتُقْسِطُوْٓا اِلَيْهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ (۸)

مِنْ	دِيَارِكُمْ	اَنْ تَبَرُّوْهُمْ	وَتُقْسِطُوْٓا	اِلَيْهِمْ	اِنَّ اللّٰهَ	يُحِبُّ	الْمُقْسِطِيْنَ
سے	تمہارے گھر (جمع)	کہ تم دوستی کرو ان سے	اور تم انصاف کرو	ان سے	بے شک اللہ	محبوب رکھتا ہے	انصاف کرنے والے

تمہارے گھروں سے، کہ تم ان سے دوستی کرو، اور ان سے انصاف کرو، بے شک اللہ انصاف کرنے والوں کو محبوب رکھتا ہے۔

اِنَّمَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ قٰتَلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ وَاَخْرَجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ وَ

اِنَّمَا	يَنْهٰىكُمُ	اللّٰهُ	عَنِ	الَّذِيْنَ	قٰتَلُوْكُمْ	فِي الدِّيْنِ	وَاَخْرَجُوْكُمْ	مِنْ	دِيَارِكُمْ	وَ
اس کے سوا نہیں	تمہیں منع کرتا ہے	اللہ	سے	جو لوگ	تم سے لڑے	دین میں	اور انہوں نے تمہیں نکالا	سے	تمہارے گھر	اور

اس کے سوا نہیں کہ اللہ تمہیں منع کرتا ہے کہ جو لوگ تم سے دین (کے بارے) میں لڑے، اور انہوں نے تمہیں تمہارے گھروں سے نکالا، اور

ظٰهَرُوْا عَلٰٓي اِخْرَاجِكُمْ اَنْ تَوَلَّوْهُمْ ۚ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ (۹)

ظٰهَرُوْا	عَلٰى	اِخْرَاجِكُمْ	اَنْ تَوَلَّوْهُمْ	وَمَنْ	يَّتَوَلَّهُمْ	فَاُولٰۗىِٕكَ	هُمُ	الظّٰلِمُوْنَ
انہوں نے مدد کی		تمہارے نکالنے پر	کہ تم دوستی کرو ان سے	اور	ان سے دوستی رکھے گا	تو وہی لوگ	وہ	ظالم (جمع)

تمہارے نکالنے میں (نکالنے والوں کی) مدد کی، کہ تم ان سے دوستی کرو، اور جو ان سے دوستی رکھے گا تو وہی لوگ ظالم ہیں۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا جَاۗءَكُمُ الْمُؤْمِنٰتُ مُهٰجِرٰتٍ فَامْتَحِنُوْهُنَّ ۭ اَللّٰهُ اَعْلَمُ

يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا	اِذَا جَاۗءَكُمُ	الْمُؤْمِنٰتُ	مُهٰجِرٰتٍ	فَامْتَحِنُوْهُنَّ	اَللّٰهُ	اَعْلَمُ
اے	ایمان والو	جب تمہارے پاس آئیں	مومن عورتیں	مہاجر عورتیں	تو ان کا امتحان کر لیا کرو	اللہ	خوب جانتا ہے

اے ایمان والو! جب تمہارے پاس مومن مہاجر عورتیں آئیں تو ان کا امتحان کر لیا کرو، اللہ خوب جانتا ہے

بِاِيْمَانِهِنَّ ۚ فَاِنْ عَلِمْتُمُوْهُنَّ مُؤْمِنٰتٍ فَلَا تَرْجِعُوْهُنَّ اِلَى الْكُفَّارِ ۭ لَا هُنَّ حِلٌّ

بِاِيْمَانِهِنَّ	فَاِنْ	عَلِمْتُمُوْهُنَّ	مُؤْمِنٰتٍ	فَلَا تَرْجِعُوْهُنَّ	اِلَى	الْكُفَّارِ	لَا هُنَّ	حِلٌّ
ان کے ایمان کو	پس اگر	تم انہیں جان لو	مومن عورتیں	تو تم انہیں واپس نہ کرو	طرف	کافروں	وہ عورتیں نہیں	حلال

ان کے ایمان کو، پس اگر تم انہیں جان لو کہ مومن ہیں تو تم انہیں کافروں کی طرف واپس نہ کرو، وہ (مومن مہاجرات) حلال نہیں ہیں

لَّهُمْ وَلَا هُمْ يَحِلُّونَ لَهُنَّ ۖ وَآتُوهُم مَّا أَنفَقُوا ۚ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ أَن تَنكِحُوهُنَّ

لَهُمْ	وَلَا هُمْ	يَحِلُّونَ	لَهُنَّ	وَآتُوهُم	مَّا أَنفَقُوا	وَلَا جُنَاحَ	عَلَيْكُمْ	أَن تَنكِحُوهُنَّ
اُن کے لئے	اور نہ وہ مرد	وہ حلال ہیں	ان عورتوں کے لئے	اور تم انکو دیدو	جو انہوں نے خرچ کیا	اور کوئی گناہ نہیں	تم پر	کہ تم ان عورتوں سے نکاح کر لو

اُن (کافروں) کے لئے اور وہ (کافر) اُن عورتوں کیلئے حلال نہیں، اور تم اِن (کافر شوہروں) کو دیدو جو انہوں نے خرچ کیا ہو اور تم پر کوئی گناہ نہیں کہ تم ان مہاجر عورتوں سے نکاح کر لو

إِذَا آتَيْتُمُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ ۚ وَلَا تُمْسِكُوا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ وَاسْأَلُوا مَا أَنفَقْتُمْ وَ

إِذَا	آتَيْتُمُوهُنَّ	أُجُورَهُنَّ	وَلَا تُمْسِكُوا	بِعِصَمِ	الْكَوَافِرِ	وَاسْأَلُوا	مَا أَنفَقْتُمْ	وَ
جب	تم انہیں دےدو	ان کے مہر	اور تم نہ قبضہ رکھو	ناموس	کافر عورتیں	اور تم مانگ لو	جو تم نے خرچ کیا	اور

جب تم انہیں ان کے مہر دے دو، اور تم کافر عورتوں کی ناموس کو قبضے میں نہ رکھو اور تم (کفار سے) مانگ لو جو تم نے خرچ کیا ہو، اور

لْيَسْأَلُوا مَا أَنفَقُوا ۚ ذَٰلِكُمْ حُكْمُ اللَّهِ ۖ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ ۚ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ⑩ وَ

لْيَسْأَلُوا	مَا أَنفَقُوا	ذَٰلِكُمْ	حُكْمُ اللَّهِ	يَحْكُمُ	بَيْنَكُمْ	وَاللَّهُ	عَلِيمٌ	حَكِيمٌ	وَ
چاہیئے کہ وہ مانگ لیں	جو انہوں نے خرچ کیا	یہ	اللہ کا حکم	وہ فیصلہ کرتا ہے	تمہارے درمیان	اور اللہ	جاننے والا	حکمت والا	اور

چاہیئے کہ وہ (کافر)، تم سے مانگ لیں جو انہوں نے خرچ کیا ہو، یہ اللہ کا حکم ہے، وہ تمہارے درمیان فیصلہ کرتا ہے، اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔ اور

إِن فَاتَكُمْ شَيْءٌ مِّنْ أَزْوَاجِكُمْ إِلَى الْكُفَّارِ فَعَاقَبْتُمْ فَآتُوا الَّذِينَ ذَهَبَتْ أَزْوَاجُهُم

إِن	فَاتَكُمْ	شَيْءٌ	مِّنْ	أَزْوَاجِكُمْ	إِلَى الْكُفَّارِ	فَعَاقَبْتُمْ	فَآتُوا	الَّذِينَ	ذَهَبَتْ	أَزْوَاجُهُم
اگر	تمہارے ہاتھ سے نکل جائے	کوئی	سے	تمہاری بیویاں	کفار کی طرف	تو ان (کفار) کو سزا دو	پس دو	انکو جن کی	جاتی رہیں	ان کی عورتیں

اگر کفار کی طرف رہ جانے سے تمہاری بیویوں میں سے کوئی تمہارے ہاتھ سے نکل جائے تو کفار کو سزا دو، پس جن کی عورتیں جاتی رہیں ان کو دو

مِّثْلَ مَا أَنفَقُوا ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذِي أَنتُم بِهِ مُؤْمِنُونَ ⑪ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا جَاءَكَ

مِّثْلَ	مَا أَنفَقُوا	وَاتَّقُوا	اللَّهَ	الَّذِي	أَنتُم	بِهِ	مُؤْمِنُونَ	يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ	إِذَا	جَاءَكَ
اس قدر	جو انہوں نے خرچ کیا	اور ڈرو	اللہ	وہ جس	تم	اس پر	ایمان رکھتے ہو	اے نبی	جب	آپکے پاس آئیں

جس قدر انہوں نے خرچ کیا ہو، اور اللہ سے ڈرو، جس پر تم ایمان رکھتے ہو۔ اے نبیؐ! جب آپؐ کے پاس آئیں

الْمُؤْمِنَاتُ يُبَايِعْنَكَ عَلَىٰ أَن لَّا يُشْرِكْنَ بِاللَّهِ شَيْئًا وَلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِينَ وَلَا يَقْتُلْنَ

الْمُؤْمِنَاتُ	يُبَايِعْنَكَ	عَلَىٰ أَن	لَّا يُشْرِكْنَ	بِاللَّهِ	شَيْئًا	وَلَا يَسْرِقْنَ	وَلَا يَزْنِينَ	وَلَا يَقْتُلْنَ
مومن عورتیں	آپ سے بیعت کرنے کے لئے	اس پر کہ	وہ شریک نہ کریں گی	اللہ کے ساتھ	کسی شے کو	اور نہ وہ چوری کریں گی	اور نہ زنا کریں گی	اور نہ وہ قتل کریں گی

مومن عورتیں اس پر بیعت کرنے کیلئے کہ وہ اللہ کے ساتھ کسی شے کو شریک نہ کریں گی، اور نہ چوری کریں گی، اور نہ زنا کریں گی، اور نہ وہ قتل کریں گی،

أَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَأْتِينَ بِبُهْتَانٍ يَفْتَرِينَهُ بَيْنَ أَيْدِيهِنَّ وَأَرْجُلِهِنَّ وَلَا يَعْصِينَكَ

أَوْلَادَهُنَّ	وَلَا يَأْتِينَ	بِبُهْتَانٍ	يَفْتَرِينَهُ	بَيْنَ أَيْدِيهِنَّ	وَأَرْجُلِهِنَّ	وَلَا يَعْصِينَكَ
اپنی اولاد	اور نہ لائیں گی	بہتان سے	جو انہوں نے باندھا ہو	اپنے ہاتھوں کے درمیان	اور اپنے پاؤں	اور نہ آپ کی نافرمانی کریں گی

اپنی اولاد کو، اور نہ بہتان (کی اولاد) لائیں گی جو انہوں نے اپنے ہاتھوں اور پاؤں کے درمیان باندھا ہو (شوہر کے نطفہ سے ہونے کا دعویٰ کیا ہو) اور نہ آپ کی نافرمانی کریں گی

فِي مَعْرُوفٍ فَبَايِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللَّهَ ۚ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿١٢﴾ يَا أَيُّهَا

فِي مَعْرُوفٍ	فَبَايِعْهُنَّ	وَاسْتَغْفِرْ	لَهُنَّ	اللَّهَ	إِنَّ اللَّهَ	غَفُورٌ	رَّحِيمٌ	يَا أَيُّهَا
نیک کاموں میں	تو آپ ان سے بیعت لے لیں	اور مغفرت مانگیں	ان کے لئے	اللہ	بیشک اللہ	بخشنے والا	رحم کرنے والا	اے

نیک کاموں (شریعت میں)، تو آپ ان سے بیعت لے لیں، اور ان کے لئے اللہ سے مغفرت مانگیں، بے شک اللہ بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے۔ اے

الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ قَدْ يَئِسُوا مِنَ الْآخِرَةِ كَمَا

الَّذِينَ آمَنُوا	لَا تَتَوَلَّوْا	قَوْمًا	غَضِبَ اللَّهُ	عَلَيْهِمْ	قَدْ يَئِسُوا	مِنَ	الْآخِرَةِ	كَمَا
ایمان والو	تم دوستی نہ رکھو	وہ لوگ	اللہ نے غضب کیا	ان پر	وہ ناامید ہو چکے	سے	آخرت	جیسے

اے ایمان والو! تم ان لوگوں سے دوستی نہ رکھو جن پر اللہ نے غضب کیا، وہ آخرت سے نا امید ہو چکے ہیں، جیسے

يَئِسَ الْكُفَّارُ مِنْ أَصْحَابِ الْقُبُورِ ﴿١٣﴾

يَئِسَ	الْكُفَّارُ	مِنْ	أَصْحَابِ الْقُبُورِ
مایوس ہیں	کافر (جمع)	سے	قبروں والوں (مردے)

کافر مُردوں سے مایوس ہیں۔

آیاتها ۱۴ | ۶۱ : سُورَةُ الصَّفِّ مَدَنِيَّةٌ = ۱۰۹ | رکوعاتها ۲

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے

سَبَّحَ لِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۖ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿١﴾ يَا أَيُّهَا

سَبَّحَ	لِلَّهِ	مَا	فِي السَّمَاوَاتِ	وَمَا	فِي الْأَرْضِ	وَهُوَ	الْعَزِيزُ	الْحَكِيمُ	يَا أَيُّهَا
پاکیزگی بیان کرتا ہے	اللہ کی	جو	آسمانوں میں	اور جو	زمین میں	اور وہ	غالب	حکمت والا	اے

جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے، اللہ کی پاکیزگی بیان کرتا ہے، اور وہ غالب حکمت والا ہے۔ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ۝۲ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لِمَ	تَقُوْلُوْنَ	مَا	لَا تَفْعَلُوْنَ	كَبُرَ	مَقْتًا	عِنْدَ اللّٰهِ	اَنْ	تَقُوْلُوْا
ایمان والو	کیوں	تم کہتے ہو	جو	تم کرتے نہیں	سخت	ناپسندیدہ	اللہ کے نزدیک	کہ	تم کہو

اے ایمان والو! تم کیوں کہتے ہو؟ وہ جو تم کرتے نہیں - اللہ کے نزدیک سخت ناپسندیدہ بات ہے کہ تم کہو

مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ۝۳ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِهٖ صَفًّا كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ

مَا	لَا تَفْعَلُوْنَ	اِنَّ اللّٰهَ	يُحِبُّ	الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ	فِيْ سَبِيْلِهٖ	صَفًّا	كَاَنَّهُمْ	بُنْيَانٌ
جو	تم کرتے نہیں	بیشک اللہ	دوست رکھتا ہے	جو لوگ لڑتے ہیں	اس کے راستہ میں	صف بستہ ہوکر	گویا کہ وہ	ایک عمارت

جو تم کرتے نہیں - بے شک اللہ ان لوگوں کو دوست رکھتا ہے جو اس کے راستے میں صف بستہ ہوکر لڑتے ہیں، گویا کہ وہ ایک عمارت ہیں

مَّرْصُوْصٌ ۝۴ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ لِمَ تُؤْذُوْنَنِيْ وَقَدْ تَّعْلَمُوْنَ

مَّرْصُوْصٌ	وَاِذْ	قَالَ	مُوْسٰى	لِقَوْمِهٖ	يٰقَوْمِ	لِمَ	تُؤْذُوْنَنِيْ	وَقَدْ تَّعْلَمُوْنَ
سیسہ پلائی ہوئی	اور جب	کہا	موسیٰؑ	اپنی قوم سے	اے میری قوم	کیوں	تم مجھے ایذا پہنچاتے ہو	اور تم جان چکے ہو

سیسہ پلائی ہوئی - اور (یاد کرو) جب موسیٰؑ نے اپنی قوم سے کہا اے میری قوم! تم مجھے کیوں ایذا پہنچاتے ہو؟ اور تم جان چکے ہو

اَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ ۭ فَلَمَّا زَاغُوْٓا اَزَاغَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ

اَنِّيْ	رَسُوْلُ اللّٰهِ	اِلَيْكُمْ	فَلَمَّا	زَاغُوْٓا	اَزَاغَ اللّٰهُ	قُلُوْبَهُمْ	وَاللّٰهُ	لَا يَهْدِي	الْقَوْمَ
کہ میں	اللہ کا رسول	تمہاری طرف	پس جب	انہوں نے کج روی کی	اللہ نے کج کردیئے	ان کے دل	اور اللہ	ہدایت نہیں دیتا	لوگ

کہ میں تمہاری طرف اللہ کا رسول ہوں، پس جب انہوں نے کج روی کی تو اللہ نے ان کے دلوں کو کج کر دیا، اور اللہ ہدایت نہیں دیتا

الْفٰسِقِيْنَ ۝۵ وَاِذْ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ يٰبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ

الْفٰسِقِيْنَ	وَاِذْ	قَالَ	عِيْسَى	ابْنُ مَرْيَمَ	يٰبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ	اِنِّيْ	رَسُوْلُ اللّٰهِ
نافرمان (جمع)	اور جب	کہا	عیسیٰؑ	مریمؑ کا بیٹا	اے بنی اسرائیل	بیشک میں	اللہ کا رسول

نافرمان لوگوں کو- اور (یاد کرو) جب مریمؑ کے بیٹے عیسیٰؑ نے کہا اے بنی اسرائیل! بیشک میں اللہ کا رسول ہوں

اِلَيْكُمْ مُّصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَمُبَشِّرًۢا بِرَسُوْلٍ يَّاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِي

اِلَيْكُمْ	مُّصَدِّقًا	لِّمَا	بَيْنَ يَدَيَّ	مِنَ	التَّوْرٰىةِ	وَمُبَشِّرًۢا	بِرَسُوْلٍ	يَّاْتِيْ	مِنْۢ بَعْدِي
تمہاری طرف	تصدیق کرنیوالا	اس کی جو	مجھ سے پہلے	سے	توریت	اور خوشخبری دینے والا	ایک رسول کی	وہ آئے گا	میرے بعد

تمہاری طرف، اس کی تصدیق کرنے والا ہوں جو مجھ سے پہلے توریت (آئی) اور ایک رسولؐ کی خوشخبری دینے والا ہوں جو میرے بعد آئے گا

اسْمُهٗۤ اَحْمَدُ ؕ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْبَیِّنٰتِ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِیْنٌ ﴿۶﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ

اسْمُهٗۤ	اَحْمَدُ	فَلَمَّا	جَآءَهُمْ	بِالْبَیِّنٰتِ	قَالُوْا	هٰذَا	سِحْرٌ مُّبِیْنٌ	وَمَنْ	اَظْلَمُ	مِمَّنِ
اس کا نام	احمدؐ	پھر جب	وہ آئے ان کے پاس	واضح دلائل کے ساتھ	انہوں نے کہا	یہ	کھلا جادو	اور کون	بڑا ظالم	اس سے جو

اس کا نام احمدؐ ہوگا پھر جب وہ ان کے پاس واضح دلائل کے ساتھ آئے تو انہوں نے کہا یہ تو کھلا جادو ہے۔ اور اس سے بڑھ کر ظالم کون ہے؟

افْتَرٰی عَلَی اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُوَ یُدْعٰۤی اِلَی الْاِسْلَامِ ؕ وَاللّٰهُ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۷﴾

افْتَرٰی	عَلَی اللّٰهِ	الْكَذِبَ	وَهُوَ	یُدْعٰۤی	اِلَی الْاِسْلَامِ	وَاللّٰهُ	لَا یَهْدِی	الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ
وہ بہتان باندھے	اللہ پر	جھوٹ	بلکہ وہ	بلایا جاتا ہے	اسلام کی طرف	اور اللہ	ہدایت نہیں دیتا	ظالم لوگوں

جو اللہ پر جھوٹ بہتان باندھے، جبکہ وہ اسلام کی طرف بلایا جاتا ہے، اور اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔

یُرِیْدُوْنَ لِیُطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸﴾ هُوَ الَّذِیْۤ

یُرِیْدُوْنَ	لِیُطْفِـُٔوْا	نُوْرَ اللّٰهِ	بِاَفْوَاهِهِمْ	وَاللّٰهُ	مُتِمُّ	نُوْرِهٖ	وَلَوْ	كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ	هُوَ الَّذِیْۤ
وہ چاہتے ہیں	کہ بجھا دیں	اللہ کا نور	اپنے مونہوں سے	اور اللہ	پورا کرنیوالا	اپنا نور	خواہ	کافر ناخوش ہوں	وہی جس نے

وہ چاہتے ہیں کہ وہ اللہ کا نور اپنے مونہوں (کی پھونکوں) سے بجھا دیں، اور اللہ اپنا نور پورا کرنے والا ہے خواہ کافر ناخوش ہوں۔ وہی ہے جس نے

اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰی وَدِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَی الدِّیْنِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ﴿۹﴾

اَرْسَلَ	رَسُوْلَهٗ	بِالْهُدٰی	وَدِیْنِ الْحَقِّ	لِیُظْهِرَهٗ	عَلَی الدِّیْنِ	كُلِّهٖ	وَلَوْ كَرِهَ	الْمُشْرِكُوْنَ
اس نے بھیجا	اپنا رسولؐ	ہدایت کے ساتھ	اور دین حق	تاکہ وہ اُسے غالب کر دے	دین پر	تمام	اور خواہ ناخوش ہوں	مشرک (جمع)

اپنے رسولؐ کو ہدایت اور دینِ حق کے ساتھ بھیجا تاکہ اسے تمام دینوں پر غالب کر دے اور خواہ مشرک ناخوش ہوں۔

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰی تِجَارَةٍ تُنْجِیْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِیْمٍ ﴿۱۰﴾ تُؤْمِنُوْنَ

یٰۤاَیُّهَا	الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا	هَلْ	اَدُلُّكُمْ	عَلٰی تِجَارَةٍ	تُنْجِیْكُمْ	مِّنْ	عَذَابٍ اَلِیْمٍ	تُؤْمِنُوْنَ
اے	ایمان والو	کیا	میں تمہیں بتلاؤں	تجارت پر	تمہیں نجات دے	سے	دردناک عذاب	تم ایمان لاؤ

اے ایمان والو! کیا میں تمہیں ایسی تجارت بتلاؤں؟ جو تمہیں دردناک عذاب سے نجات دے۔ تم ایمان لاؤ

بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُجَاهِدُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ خَیْرٌ لَّكُمْ

بِاللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ	وَتُجَاهِدُوْنَ	فِیْ	سَبِیْلِ اللّٰهِ	بِاَمْوَالِكُمْ	وَاَنْفُسِكُمْ	ذٰلِكُمْ	خَیْرٌ لَّكُمْ
اللہ پر	اور اس کا رسولؐ	اور تم جہاد کرو	میں	اللہ کا راستہ	اپنے مالوں سے	اور اپنی جانوں	یہ	تمہارے لئے بہتر

اللہ پر اور اُس کے رسولؐ پر، اور تم اللہ کے راستے میں اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے جہاد کرو، یہ تمہارے لئے بہتر ہے،

إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ⑪ يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَيُدْخِلْكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

إِنْ	كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ	يَغْفِرْ	لَكُمْ	ذُنُوْبَكُمْ	وَيُدْخِلْكُمْ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ
اگر	تم جانتے ہو	وہ بخش دے گا	تمہیں	تمہارے گناہ	اور وہ تمہیں داخل کرے گا	باغات	جاری ہیں	ان کے نیچے	نہریں

اگر تم جانتے ہو۔ وہ تمہیں تمہارے گناہ بخش دے گا، اور تمہیں باغات میں داخل کرے گا، جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں۔

وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ⑫ وَاُخْرٰى تُحِبُّوْنَهَا ۭ

وَمَسٰكِنَ	طَيِّبَةً	فِيْ	جَنّٰتِ	عَدْنٍ	ذٰلِكَ	الْفَوْزُ	الْعَظِيْمُ	وَاُخْرٰى	تُحِبُّوْنَهَا
اور مکانات	پاکیزہ	میں	باغات	ہمیشہ	یہ	کامیابی	بڑی	اور ایک اور	تم اسے بہت چاہتے ہو

اور ہمیشہ کے باغات میں پاکیزہ مکانات ہیں، یہ بڑی کامیابی ہے۔ اور ایک اور (بات بھی) جسے تم بہت چاہتے ہو (یعنی)

نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ ۭ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ⑬ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْٓا

نَصْرٌ	مِّنَ اللّٰهِ	وَفَتْحٌ	قَرِيْبٌ	وَبَشِّرِ	الْمُؤْمِنِيْنَ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	كُوْنُوْٓا
مدد	اللہ سے	اور فتح	قریب	اور خوشخبری دیں	مومنوں	اے	ایمان والو	تم ہو جاؤ

اللہ سے مدد اور قریبی فتح، اور مومنوں کو خوشخبری دیجئے۔ اے ایمان والو! تم ہو جاؤ

اَنْصَارَ اللّٰهِ كَمَا قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ لِلْحَوَارِيّٖنَ مَنْ اَنْصَارِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ قَالَ

اَنْصَارَ اللّٰهِ	كَمَا	قَالَ	عِيْسَى	ابْنُ مَرْيَمَ	لِلْحَوَارِيّٖنَ	مَنْ	اَنْصَارِيْٓ	اِلَى اللّٰهِ	قَالَ
اللہ کے مددگار	جیسے	کہا	عیسیٰؑ	مریم کا بیٹا	حواریوں کو	کون	میرا مددگار	اللہ کی طرف	کہا

اللہ کے مددگار، جیسے مریم کے بیٹے عیسیٰؑ نے حواریوں کو کہا کون ہے اللہ کی طرف میرا مددگار؟ تو کہا

الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ فَاٰمَنَتْ طَّاۗىِٕفَةٌ مِّنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ وَكَفَرَتْ

الْحَوَارِيُّوْنَ	نَحْنُ	اَنْصَارُ اللّٰهِ	فَاٰمَنَتْ	طَّاۗىِٕفَةٌ	مِّنْ	بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ	وَكَفَرَتْ
حواریوں	ہم	اللہ کے مددگار	تو ایمان لایا	ایک گروہ	سے، کا	بنی اسرائیل	اور کفر کیا

حواریوں نے: ہم اللہ کے مددگار ہیں، تو بنی اسرائیل کا ایک گروہ ایمان لے آیا اور کفر کیا

طَّاۗىِٕفَةٌ ۚ فَاَيَّدْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلٰي عَدُوِّهِمْ فَاَصْبَحُوْا ظٰهِرِيْنَ ⑭ ع

طَّاۗىِٕفَةٌ	فَاَيَّدْنَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	عَلٰي	عَدُوِّهِمْ	فَاَصْبَحُوْا	ظٰهِرِيْنَ
ایک گروہ	تو ہم نے مدد کی	ایمان والے	ان کے دشمنوں پر		سو وہ ہو گئے	غالب

ایک گروہ نے، تو ہم نے ان کے دشمنوں پر ایمان والوں کی مدد کی، سو وہ غالب ہو گئے۔

۲ ع ۵ ۱۰

اٰیاتھا ١١ | سُوْرَةُ الْجُمُعَةِ مَدَنِيَّةٌ ٦٢ : ١١٠ | فیھا رکوعان

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ۝١

يُسَبِّحُ	لِلّٰهِ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِي الْاَرْضِ	الْمَلِكِ	الْقُدُّوْسِ	الْعَزِيْزِ	الْحَكِيْمِ
پاکیزگی بیان کرتا ہے	اللہ کی	جو کچھ	آسمانوں میں	اور جو	زمین میں	بادشاہ حقیقی	کمال پاک	غالب	حکمت والا

جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے اللہ کی پاکیزگی بیان کرتا ہے، جو بادشاہ حقیقی، کمال درجہ پاک، غالب، حکمت والا ہے۔

هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ

هُوَ الَّذِيْ	بَعَثَ	فِي الْاُمِّيّٖنَ	رَسُوْلًا	مِّنْهُمْ	يَتْلُوْا	عَلَيْهِمْ	اٰيٰتِهٖ	وَيُزَكِّيْهِمْ	وَيُعَلِّمُهُمُ
وہی جس نے	اٹھایا (بھیجا)	ان پڑھوں میں	ایک رسول [۲]	ان ہی سے	پڑھ کر سناتا ہے	انہیں	اسکی آیتیں	اور وہ انہیں پاک کرتا ہے	اور انہیں سکھاتا ہے

وہی ہے جس نے ان پڑھوں میں ایک رسول ان ہی میں سے بھیجا وہ انہیں اس کی آیتیں پڑھ کر سناتا ہے اور انہیں (برائیوں سے)، پاک کرتا ہے، اور انہیں سکھاتا ہے

الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۚ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝٢ وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ

الْكِتٰبَ	وَالْحِكْمَةَ	وَاِنْ كَانُوْا	مِنْ قَبْلُ	لَفِيْ ضَلٰلٍ	مُّبِيْنٍ	وَّاٰخَرِيْنَ	مِنْهُمْ
کتاب	اور حکمت (دانشمندی کی باتیں)	اور تحقیق وہ تھے	اس سے قبل	البتہ گمراہی میں	کھلی	اور علاوہ	ان کے

کتاب اور دانشمندی کی باتیں، اور بالتحقیق یہ لوگ اس سے پہلے کھلی گمراہی میں تھے۔ اور ان کے علاوہ (ان کو بھی)

لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝٣ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ

لَمَّا يَلْحَقُوْا	بِهِمْ	وَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ	ذٰلِكَ	فَضْلُ اللّٰهِ	يُؤْتِيْهِ	مَنْ	يَّشَاۗءُ
کہ وہ ابھی نہیں ملے	ان سے	اور وہ	غالب	حکمت والا	یہ	اللہ کا فضل	وہ دیتا ہے اسے	جس کو	وہ چاہتا ہے

جو ابھی ان سے نہیں ملے، وہ غالب، حکمت والا ہے۔ یہ اللہ کا فضل ہے، وہ جس کو چاہتا ہے اُسے دیتا ہے،

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝٤ مَثَلُ الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا

وَاللّٰهُ	ذُو الْفَضْلِ	الْعَظِيْمِ	مَثَلُ	الَّذِيْنَ	حُمِّلُوا	التَّوْرٰىةَ	ثُمَّ	لَمْ يَحْمِلُوْهَا
اور اللہ	فضل والا	بڑے	مثال	جن لوگوں پر	ان پر لادی گئی	توریت	پھر	انہوں نے نہ اٹھایا اسے

اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔ ان لوگوں کی مثال جن پر توریت لادی (اتاری) گئی پھر انہوں نے اُسے نہ اٹھایا (اس پر کاربند نہ ہوئے)

كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ اَسْفَارًا ؕ بِئْسَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ

كَمَثَلِ	الْحِمَارِ	يَحْمِلُ	اَسْفَارًا	بِئْسَ	مَثَلُ	الْقَوْمِ	الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِ اللّٰهِ
مثال کی طرح	گدھا	وہ لادے ہوئے ہے	کتابیں	بُری	مثال (حالت)	وہ لوگ	جنہوں نے	انہوں نے جھٹلایا	اللہ کی آیتوں کو

گدھے کی طرح ہے جو کتابیں لادے ہوئے ہے، ان لوگوں کی حالت بُری ہے جنہوں نے اللہ کی آیتوں کو جھٹلایا،

وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝٥ قُلْ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ هَادُوْۤا اِنْ زَعَمْتُمْ

وَاللّٰهُ	لَا يَهْدِىْ	الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ	قُلْ	يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ هَادُوْۤا	اِنْ	زَعَمْتُمْ
اور اللہ	ہدایت نہیں دیتا	ظالم لوگوں	آپ فرما دیں	اے	یہودیو	اگر	تمہیں زعم (گھمنڈ) ہے

اور اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔ آپ فرما دیں اے یہودیو! اگر تمہیں گھمنڈ ہے

اَنَّكُمْ اَوْلِيَآءُ لِلّٰهِ مِنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝٦

اَنَّكُمْ	اَوْلِيَآءُ	لِلّٰهِ	مِنْ	دُوْنِ النَّاسِ	فَتَمَنَّوُا	الْمَوْتَ	اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ
کہ تم	دوست	اللہ کے لئے	سے	دوسرے لوگوں کے علاوہ	تو تم تمنا کرو	موت	اگر	تم ہو	سچے

کہ تم دوسرے لوگوں کے علاوہ (بلا شرکت غیرے) اللہ کے دوست ہو، تو موت کی تمنا کرو، اگر تم سچے ہو۔

وَلَا يَتَمَنَّوْنَهٗۤ اَبَدًۢا بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝٧ قُلْ

وَلَا يَتَمَنَّوْنَهٗ	اَبَدًا	بِمَا	قَدَّمَتْ	اَيْدِيْهِمْ	وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌ	بِالظّٰلِمِيْنَ	قُلْ
اور وہ اس کی تمنا نہ کریں گے	کبھی بھی	اسکے سبب جو	بھیجا آگے	ان کے ہاتھوں	اور اللہ	خوب جانتا ہے	ظالموں کو	آپ فرما دیں

اور اس کے سبب جو ان کے ہاتھوں نے آگے بھیجا ہے وہ کبھی بھی موت کی تمنا نہ کریں گے اور اللہ ظالموں کو خوب جانتا ہے۔ آپ فرما دیں

اِنَّ الْمَوْتَ الَّذِىْ تَفِرُّوْنَ مِنْهُ فَاِنَّهٗ مُلٰقِيْكُمْ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ

اِنَّ الْمَوْتَ	الَّذِىْ	تَفِرُّوْنَ	مِنْهُ	فَاِنَّهٗ	مُلٰقِيْكُمْ	ثُمَّ	تُرَدُّوْنَ	اِلٰى	عٰلِمِ الْغَيْبِ
بیشک موت	جس سے	تم بھاگتے ہو	اس سے	تو بیشک وہ	تمہیں ملنے والی	پھر	تم لوٹائے جاؤ گے	طرف سامنے	جاننے والا پوشیدہ

بیشک جس موت سے تم بھاگتے ہو وہ تو یقیناً تمہیں ملنے والی ہے (آ پکڑے گی) پھر تم اس کے سامنے لوٹائے جاؤ گے جو جاننے والا ہے پوشیدہ

وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝٨ ع يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا نُوْدِىَ ١ ع ٨ ١١

وَالشَّهَادَةِ	فَيُنَبِّئُكُمْ	بِمَا	كُنْتُمْ	تَعْمَلُوْنَ	يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا	اِذَا	نُوْدِىَ
اور ظاہر	پھر وہ تمہیں آگاہ کردے گا	وہ جو	تم کرتے تھے		اے	ایمان والو	جب	پکارا جائے

اور ظاہر کا، وہ تمہیں آگاہ کردے گا وہ جو تم کرتے تھے۔ اے ایمان والو! جب پکارا جائے (اذان دی جائے)

لِلصَّلٰوةِ مِنۡ يَّوۡمِ الۡجُمُعَةِ فَاسۡعَوۡا اِلٰى ذِكۡرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الۡبَيۡعَ ؕ ذٰلِكُمۡ خَيۡرٌ

لِلصَّلٰوةِ	مِنۡ	يَّوۡمِ الۡجُمُعَةِ	فَاسۡعَوۡا	اِلٰى	ذِكۡرِ اللّٰهِ	وَذَرُوا	الۡبَيۡعَ	ذٰلِكُمۡ	خَيۡرٌ
نماز کے لئے	سے۔کی	جمعہ کا دن	تو تم لپکو	طرف	اللہ کی یاد	اور تم چھوڑ دو	خرید و فروخت	یہ	بہتر

جمعہ کے دن نمازِ (جمعہ) کے لئے تو تم (فوراً) اللہ کی یاد کے لئے لپکو، اور خرید و فروخت چھوڑ دو، یہ بہتر ہے

لَّكُمۡ اِنۡ كُنۡتُمۡ تَعۡلَمُوۡنَ ⑨ فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانۡتَشِرُوۡا فِى الۡاَرۡضِ وَابۡتَغُوۡا

لَّكُمۡ	اِنۡ	كُنۡتُمۡ تَعۡلَمُوۡنَ	فَاِذَا	قُضِيَتِ	الصَّلٰوةُ	فَانۡتَشِرُوۡا	فِى الۡاَرۡضِ	وَابۡتَغُوۡا
تمہارے لئے	اگر	تم جانتے ہو	پھر جب	پوری ہو چکے	نماز	تو تم پھیل جاؤ	زمین میں	اور تم تلاش کرو

تمہارے لئے اگر تم جانتے ہو۔ پھر جب نماز پوری ہو چکے تو تم زمین میں پھیل جاؤ اور تلاش کرو

مِنۡ فَضۡلِ اللّٰهِ وَاذۡكُرُوا اللّٰهَ كَثِيۡرًا لَّعَلَّكُمۡ تُفۡلِحُوۡنَ ⑩ وَاِذَا رَاَوۡا تِجَارَةً اَوۡ

مِنۡ	فَضۡلِ اللّٰهِ	وَاذۡكُرُوا	اللّٰهَ	كَثِيۡرًا	لَّعَلَّكُمۡ	تُفۡلِحُوۡنَ	وَاِذَا	رَاَوۡا	تِجَارَةً	اَوۡ
سے	اللہ کا فضل	اور تم یاد کرو	اللہ	بکثرت	تاکہ تم	فلاح پاؤ	اور جب	وہ دیکھتے ہیں	تجارت	یا

اللہ کا فضل (روزی)، اور تم اللہ کو بکثرت یاد کرو، تاکہ تم فلاح پاؤ۔ اور جب وہ دیکھتے ہیں تجارت، یا

لَهۡوَا ۨانْفَضُّوۡۤا اِلَيۡهَا وَتَرَكُوۡكَ قَآئِمًا ؕ قُلۡ مَا عِنۡدَ اللّٰهِ خَيۡرٌ مِّنَ اللَّهۡوِ وَ

لَهۡوَا	انْفَضُّوۡۤا	اِلَيۡهَا	وَتَرَكُوۡكَ	قَآئِمًا	قُلۡ	مَا	عِنۡدَ اللّٰهِ	خَيۡرٌ	مِّنَ	اللَّهۡوِ	وَ
کھیل تماشہ	وہ دوڑ جاتے ہیں	اس کی طرف	اور آپ کو چھوڑ جاتے ہیں	کھڑا	فرمادیں	جو	اللہ کے پاس	بہتر	سے	کھیل تماشہ	اور

کھیل تماشہ، تو وہ اس کی طرف دوڑ جاتے ہیں اور آپ کو کھڑا چھوڑ جاتے ہیں، آپ فرمادیں جو اللہ کے پاس ہے وہ بہتر ہے کھیل تماشے سے اور

۲ ع ۱۲

مِنَ التِّجَارَةِ ؕ وَاللّٰهُ خَيۡرُ الرّٰزِقِيۡنَ ⑪ ع

مِنَ	التِّجَارَةِ	وَاللّٰهُ	خَيۡرُ	الرّٰزِقِيۡنَ
سے	تجارت	اور اللہ	بہتر	رزق دینے والا

تجارت سے، اللہ سب سے بہتر رزق دینے والا ہے۔

آیاتها ۱۱ — ۶۳ = سُوۡرَةُ الۡمُنٰفِقُوۡنَ مَدَنِيَّةٌ = ۱۰۴ — فیها رکوعان ۲

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے۔

إِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ ۘ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ ؕ

اِذَا جَآءَكَ	الْمُنٰفِقُوْنَ	قَالُوْا	نَشْهَدُ	اِنَّكَ	لَرَسُوْلُ اللّٰهِ	وَاللّٰهُ	يَعْلَمُ	اِنَّكَ	لَرَسُوْلُهٗ
جب آپؐ کے پاس آتے ہیں	منافق	وہ کہتے ہیں	ہم گواہی دیتے ہیں	بیشک آپؐ	البتہ اللہ کے رسول	اور اللہ	وہ جانتا ہے	یقیناً آپؐ	البتہ اس کے رسول

جب منافق آپؐ کے پاس آتے ہیں تو کہتے ہیں ہم گواہی دیتے ہیں کہ بیشک آپؐ اللہ کے رسولؐ ہیں اور اللہ جانتا ہے کہ یقیناً آپؐ اس کے رسول ہیں

وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَكٰذِبُوْنَ ۚ ① اِتَّخَذُوْٓا اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا

وَاللّٰهُ	يَشْهَدُ	اِنَّ	الْمُنٰفِقِيْنَ	لَكٰذِبُوْنَ	اِتَّخَذُوْا	اَيْمَانَهُمْ	جُنَّةً	فَصَدُّوْا
جبکہ اللہ	گواہی دیتا ہے	بیشک	(جمع) منافق	البتہ جھوٹے	انہوں نے پکڑا (بنالیا)	اپنی قسموں کو	ڈھال	پس وہ روکتے ہیں

جبکہ اللہ گواہی دیتا ہے بیشک منافق جھوٹے ہیں۔ انہوں نے اپنی قسموں کو ڈھال بنا لیا ہے، پس وہ (دوسروں کو بھی) روکتے ہیں،

عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ② ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا فَطُبِعَ

عَنْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	اِنَّهُمْ	سَآءَ	مَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ	اٰمَنُوْا	ثُمَّ كَفَرُوْا	فَطُبِعَ
سے	اللہ کا راستہ	بیشک وہ	بُرا	جو	وہ کرتے ہیں	یہ	اس لئے کہ وہ	ایمان لائے	پھر انہوں نے کفر کیا	تو مہر لگادی گئی

اللہ کے راستے سے، بیشک بُرا ہے جو وہ کرتے ہیں۔ یہ اس لئے ہے کہ وہ ایمان لائے، پھر انہوں نے کفر کیا، تو مہر لگا دی گئی

عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ③ وَاِذَا رَاَيْتَهُمْ تُعْجِبُكَ اَجْسَامُهُمْ ؕ وَاِنْ يَّقُوْلُوْا

عَلٰى	قُلُوْبِهِمْ	فَهُمْ	لَا يَفْقَهُوْنَ	وَاِذَا	رَاَيْتَهُمْ	تُعْجِبُكَ	اَجْسَامُهُمْ	وَ	اِنْ يَّقُوْلُوْا
پر	ان کے دل	پس وہ	نہیں سمجھتے	اور جب	آپؐ انہیں دیکھیں	تو آپکو خوشنما معلوم ہوں	ان کے جسم	اور	اگر وہ بات کریں

ان کے دلوں پر پس وہ نہیں سمجھتے۔ اور جب آپؐ انہیں دیکھیں تو ان کے جسم آپؐ کو خوشنما معلوم ہوں، اور اگر وہ بات کریں

تَسْمَعْ لِقَوْلِهِمْ ؕ كَاَنَّهُمْ خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ ؕ يَحْسَبُوْنَ كُلَّ صَيْحَةٍ عَلَيْهِمْ ؕ هُمُ

تَسْمَعْ	لِقَوْلِهِمْ	كَاَنَّهُمْ	خُشُبٌ	مُّسَنَّدَةٌ	يَحْسَبُوْنَ	كُلَّ صَيْحَةٍ	عَلَيْهِمْ	هُمُ
آپؐ سنیں	ان کی باتوں کو	گویا کہ وہ	لکڑیاں	دیوار سے لگائی ہوئی	وہ گمان کرتے ہیں	ہر بلند آواز	اپنے اوپر	وہ

تو آپؐ ان کی باتوں کو (غور سے) سنیں گویا کہ وہ لکڑیاں ہیں دیوار (کے سہارے) لگائی ہوئی، وہ ہر بلند آواز کو اپنے اوپر گمان کرتے ہیں، وہ

الْعَدُوُّ فَاحْذَرْهُمْ ؕ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ؗ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ④ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا يَسْتَغْفِرْ

الْعَدُوُّ	فَاحْذَرْهُمْ	قٰتَلَهُمُ	اللّٰهُ	اَنّٰى	يُؤْفَكُوْنَ	وَاِذَا	قِيْلَ لَهُمْ	تَعَالَوْا	يَسْتَغْفِرْ
دشمن	پس آپؐ اُن سے بچیں	انہیں مارے (غارت کرے)	اللہ	کہاں	وہ پھر جاتے ہیں	اور جب	کہا جائے ان سے	تم آؤ	بخشش کی دعا کریں

دشمن ہیں، آپؐ اُن سے بچیں، اللہ انہیں غارت کرے، وہ کہاں پھرے جاتے ہیں۔ اور جب ان سے کہا جائے آؤ، بخشش کی دُعا کریں

لَكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ لَوَّوْا رُءُوْسَهُمْ وَرَاَيْتَهُمْ يَصُدُّوْنَ وَهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ۝٥

لَكُمْ	رَسُوْلُ اللّٰهِ	لَوَّوْا	رُءُوْسَهُمْ	وَرَاَيْتَهُمْ	يَصُدُّوْنَ	وَهُمْ	مُّسْتَكْبِرُوْنَ
تمہارے لئے	رسول اللہ	وہ پھیر لیتے ہیں	اپنے سر	اور آپ انہیں دیکھیں	وہ منہ پھیر لیتے ہیں	اور وہ	تکبر کرتے ہیں (کرتے ہوئے)

رسول اللہ تمہارے لئے تو وہ اپنے سر پھیر لیتے ہیں اور آپ انہیں دیکھیں تو وہ تکبر کرتے ہوئے منہ پھیر لیتے ہیں۔

سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ اَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ؕ لَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ؕ اِنَّ

سَوَآءٌ	عَلَيْهِمْ	اَسْتَغْفَرْتَ	لَهُمْ	اَمْ	لَمْ تَسْتَغْفِرْ	لَهُمْ	لَنْ يَّغْفِرَ	اللّٰهُ	لَهُمْ	اِنَّ
برابر	اُن پر	آپ بخشش مانگیں	ان کے لئے	یا	آپ نہ بخشش مانگیں	ان کے لئے	ہرگز نہیں بخشے گا	اللہ	ان کو	بیشک

اُن پر (اُن کے حق میں) برابر ہے آپ ان کے لئے بخشش مانگیں یا نہ مانگیں اللہ انہیں ہرگز نہ بخشے گا، بیشک

اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝٦ هُمُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ لَا تُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ

اللّٰهَ	لَا يَهْدِى	الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ	هُمُ	الَّذِيْنَ	يَقُوْلُوْنَ	لَا تُنْفِقُوْا	عَلٰى	مَنْ	عِنْدَ	رَسُوْلِ
اللہ	ہدایت نہیں دیتا	نافرمان لوگوں	وہی	وہ لوگ جو	وہ کہتے ہیں	نہ تم خرچ کرو	پر	جو	پاس	رسول

اللہ نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔ وہی لوگ ہیں جو کہتے ہیں کہ تم ان لوگوں پر خرچ نہ کرو جو اللہ کے رسولؐ کے پاس ہیں

اللّٰهِ حَتّٰى يَنْفَضُّوْا ؕ وَلِلّٰهِ خَزَآئِنُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ

اللّٰهِ	حَتّٰى	يَنْفَضُّوْا	وَلِلّٰهِ	خَزَآئِنُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَلٰكِنَّ	الْمُنٰفِقِيْنَ
اللہ	یہاں تک کہ	وہ منتشر ہو جائیں	اور اللہ کے لئے	خزانے	آسمانوں	اور زمین	اور لیکن	منافق (جمع)

یہاں تک کہ وہ منتشر (پریشان) ہو جائیں، اور آسمانوں اور زمین کے خزانے اللہ (ہی) کے لئے ہیں اور لیکن منافق

لَا يَفْقَهُوْنَ ۝٧ يَقُوْلُوْنَ لَئِنْ رَّجَعْنَآ اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ ؕ

لَا يَفْقَهُوْنَ	يَقُوْلُوْنَ	لَئِنْ رَّجَعْنَآ	اِلَى الْمَدِيْنَةِ	لَيُخْرِجَنَّ	الْاَعَزُّ	مِنْهَا	الْاَذَلَّ
وہ نہیں سمجھتے	وہ کہتے ہیں	اگر ہم لوٹ کر گئے	مدینہ کی طرف	ضرور نکال دے گا	معزز ترین	وہاں سے	نہایت ذلیل

سمجھتے نہیں۔ وہ کہتے ہیں اگر ہم مدینہ کی طرف لوٹ کر گئے تو معزز ترین (منافق) نہایت ذلیل کو وہاں سے نکال دے گا ۱

ع ۸ وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝٨ يٰۤاَيُّهَا

وَلِلّٰهِ	الْعِزَّةُ	وَلِرَسُوْلِهٖ	وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ	وَلٰكِنَّ	الْمُنٰفِقِيْنَ	لَا يَعْلَمُوْنَ	يٰۤاَيُّهَا
اور اللہ کے لئے	عزت	اور اس کے رسول کے لئے	اور مومنوں کے لئے	اور لیکن	منافق (جمع)	نہیں جانتے	اے

۱۴ اور عزت تو اللہ اور اس کے رسولؐ اور مومنوں کے لئے ہے اور لیکن منافق نہیں جانتے۔ اے

الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُلْهِكُمْ أَمْوَالُكُمْ وَلَا أَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللَّهِ ۚ وَمَنْ يَفْعَلْ

الَّذِينَ آمَنُوا	لَا تُلْهِكُمْ	أَمْوَالُكُمْ	وَلَا أَوْلَادُكُمْ	عَنْ	ذِكْرِ اللَّهِ	وَمَنْ	يَفْعَلْ
ایمان والو	تمہیں غافل نہ کر دیں	تمہارے مال	اور نہ تمہاری اولاد	سے	اللہ کی یاد	اور جو	کرے گا

اے ایمان والو! تمہارے مال اور تمہاری اولاد تمہیں اللہ کی یاد سے غافل نہ کر دیں، اور جو یہ کرے گا

ذٰلِكَ فَأُولٰئِكَ هُمُ الْخٰسِرُونَ ۝٩ وَأَنْفِقُوا مِنْ مَا رَزَقْنٰكُمْ مِنْ قَبْلِ أَنْ يَأْتِيَ

ذٰلِكَ	فَأُولٰئِكَ هُمُ	الْخٰسِرُونَ	وَأَنْفِقُوا	مِنْ	مَا رَزَقْنٰكُمْ	مِنْ قَبْلِ	أَنْ يَأْتِيَ
یہ	تو وہی لوگ وہ	خسارہ پانے والے	اور تم خرچ کرو	سے	ہم نے تمہیں دیا	اس سے قبل	کہ آ جائے

تو وہی لوگ خسارے میں پڑنے والے ہیں۔ اور ہم نے تمہیں جو دیا ہے اس میں سے اس سے قبل خرچ کرو کہ آ جائے

أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ فَيَقُولَ رَبِّ لَوْلَا أَخَّرْتَنِي إِلٰى أَجَلٍ قَرِيبٍ ۙ فَأَصَّدَّقَ وَ

أَحَدَكُمُ	الْمَوْتُ	فَيَقُولَ	رَبِّ	لَوْلَا	أَخَّرْتَنِي	إِلٰى	أَجَلٍ قَرِيبٍ	فَأَصَّدَّقَ	وَ
تم میں سے کسی کو	موت	تو وہ کہے	اے میرے رب	کیوں	تو نے مجھے مہلت دی	تک	ایک قریب کی مدت	تو میں صدقہ کرتا	اور

تم میں سے کسی کو موت، تو وہ کہے اے میرے رب! تو نے مجھے کیوں ایک قریبی مدت تک مہلت نہ دی؟ تو میں صدقہ کرتا اور

أَكُنْ مِنَ الصّٰلِحِينَ ۝١٠ وَلَنْ يُؤَخِّرَ اللَّهُ نَفْسًا إِذَا جَاءَ أَجَلُهَا ۚ وَاللَّهُ

أَكُنْ	مِنَ	الصّٰلِحِينَ	وَلَنْ يُؤَخِّرَ	اللَّهُ	نَفْسًا	إِذَا جَاءَ	أَجَلُهَا	وَاللَّهُ
میں ہوتا	سے	نیکوکاروں	اور ہرگز ڈھیل نہ دے گا	اللہ	کسی کو	جب آ گئی	اس کی اجل	اور اللہ

میں نیکوکاروں میں سے ہوتا۔ اور جب اس کی اجل آ گئی تو اللہ ہرگز کسی کو ڈھیل نہ دے گا، اور اللہ

خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ ۝١١ ع

٢ ع ١٤

خَبِيرٌ	بِمَا	تَعْمَلُونَ
باخبر	اس سے جو	تم کرتے ہو

اس سے باخبر ہے جو تم کرتے ہو۔

آیاتہا ١٨ | ٦٤ = سُورَةُ التَّغَابُنِ مَدَنِيَّةٌ = ١٠٨ | فیہا رکوعان

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا مہربان ہے

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ

يُسَبِّحُ	لِلّٰهِ	مَا	فِی السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِی الْاَرْضِ	لَهُ	الْمُلْكُ	وَلَهُ	الْحَمْدُ
وہ پاکیزگی بیان کرتا ہے	اللہ کی	جو	آسمانوں میں	اور جو	زمین میں	اسی کے لئے	بادشاہی	اور اسی کے لئے	تمام تعریفیں

وَهُوَ	
اور وہ	

اللہ کی پاکیزگی بیان کرتا ہے جو بھی آسمانوں میں اور جو بھی زمین میں ہے، اسی کے لئے ہے بادشاہی اور اسی کے لئے ہیں تمام تعریفیں، اور وہ

عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ (١) هُوَ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ فَمِنْكُمْ كَافِرٌ وَّ مِنْكُمْ مُّؤْمِنٌ وَاللّٰهُ بِمَا

عَلٰی	كُلِّ شَیْءٍ	قَدِیْرٌ	هُوَ الَّذِیْ	خَلَقَكُمْ	فَمِنْكُمْ	كَافِرٌ	وَمِنْكُمْ	مُّؤْمِنٌ	وَاللّٰهُ
پر	ہر شے	قدرت رکھنے والا	وہی جس نے	تمہیں پیدا کیا	تو تم میں سے	کوئی کافر	اور تم میں سے	کوئی مومن	اور اللہ

بِمَا	
اس کو جو	

ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے۔ وہی ہے جس نے تمہیں پیدا کیا، سو تم میں سے کوئی کافر ہے اور تم میں سے کوئی مومن ہے، اور اللہ اس کو جو

تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ (٢) خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ

تَعْمَلُوْنَ	بَصِیْرٌ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	بِالْحَقِّ	وَصَوَّرَكُمْ	فَاَحْسَنَ	صُوَرَكُمْ
تم کرتے ہو	دیکھنے والا	اس نے پیدا کیا	آسمانوں	اور زمین	حق کے ساتھ	اور تمہیں صورتیں دیں	تو بہت اچھی	تمہیں صورتیں دیں

تم کرتے ہو دیکھنے والا ہے۔ اس نے آسمانوں اور زمین کو درست تدبیر کے ساتھ پیدا کیا اور تمہیں صورتیں دیں تو تمہیں بہت ہی اچھی صورتیں دیں،

وَاِلَیْهِ الْمَصِیْرُ (٣) یَعْلَمُ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَیَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ وَاللّٰهُ

وَاِلَیْهِ	الْمَصِیْرُ	یَعْلَمُ	مَا	فِی السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَیَعْلَمُ	مَا تُسِرُّوْنَ	وَمَا تُعْلِنُوْنَ	وَاللّٰهُ
اور اسی کی طرف	بازگشت	وہ جانتا ہے	جو	آسمانوں میں	اور زمین	اور جانتا ہے	جو تم چھپاتے ہو	اور جو تم ظاہر کرتے ہو	اور اللہ

اور اسی کی طرف بازگشت ہے (لوٹ کر جانا ہے)، وہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں ہے، اور وہ جانتا ہے جو کچھ تم چھپاتے ہو اور جو تم ظاہر کرتے ہو، اور اللہ

عَلِیْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ (٤) اَلَمْ یَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ فَذَاقُوْا وَبَالَ

عَلِیْمٌ	بِذَاتِ الصُّدُوْرِ	اَلَمْ یَاْتِكُمْ	نَبَؤُا	الَّذِیْنَ كَفَرُوْا	مِنْ قَبْلُ	فَذَاقُوْا	وَبَالَ
جاننے والا	دلوں کے بھید	کیا نہیں آئی تمہارے پاس	خبر	جن لوگوں نے کفر کیا	اس سے قبل	تو انہوں نے چکھ لیا	وبال

دلوں کے بھید جاننے والا ہے۔ کیا تمہارے پاس ان لوگوں کی خبر نہیں آئی جنہوں نے اس سے پہلے کفر کیا تو انہوں نے وبال چکھ لیا

اَمْرِهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ (٥) ذٰلِكَ بِاَنَّهٗ كَانَتْ تَّاْتِیْهِمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَیِّنٰتِ فَقَالُوْا

اَمْرِهِمْ	وَلَهُمْ	عَذَابٌ اَلِیْمٌ	ذٰلِكَ	بِاَنَّهٗ	كَانَتْ تَّاْتِیْهِمْ	رُسُلُهُمْ	بِالْبَیِّنٰتِ	فَقَالُوْا
اپنے کام	اور ان کے لئے	عذاب دردناک	یہ	اس لئے کہ وہ	آتے تھے ان کے پاس	ان کے رسول	واضح نشانیوں کے ساتھ	تو وہ کہتے

اپنے کام کا، اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے۔ یہ اس لئے ہوا کہ ان کے پاس رسول واضح نشانیوں کے ساتھ آتے تھے تو وہ کہتے

أَبَشَرٌ يَّهْدُوْنَنَا ۡ فَكَفَرُوْا وَتَوَلَّوْا وَّاسْتَغْنَى اللّٰهُ ۭ وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۝ زَعَمَ الَّذِيْنَ

أَبَشَرٌ	يَّهْدُوْنَنَا	فَكَفَرُوْا	وَتَوَلَّوْا	وَّاسْتَغْنَى	اللّٰهُ	وَاللّٰهُ	غَنِيٌّ	حَمِيْدٌ	زَعَمَ	الَّذِيْنَ
کیا بشر	وہ ہدایت دیتے ہیں ہمیں	تو انہوں نے کفر کیا	اور وہ پھر گئے	اور بے نیازی فرمائی	اللہ	اور اللہ	بے نیاز	ستودہ صفات	دعویٰ کیا	ان لوگوں نے جو

کیا بشر ہمیں ہدایت دیتے ہیں تو انہوں نے کفر کیا اور پھر گئے، اور اللہ نے بے نیازی فرمائی اور اللہ بے نیاز ستودہ صفات (سزاوار حمد) ہے۔ ان لوگوں نے دعویٰ کیا جو

كَفَرُوْٓا اَنْ لَّنْ يُّبْعَثُوْا ۭ قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلْتُمْ ۭ وَذٰلِكَ

كَفَرُوْٓا	اَنْ	لَّنْ يُّبْعَثُوْا	قُلْ	بَلٰى	وَرَبِّيْ	لَتُبْعَثُنَّ	ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ	بِمَا عَمِلْتُمْ	وَذٰلِكَ
وہ کافر ہوئے	کہ	وہ ہرگز نہ اٹھائے جائیں گے	فرما دیں	ہاں	میرے رب کی قسم	البتہ تم ضرور اٹھائے جاؤ گے	پھر البتہ تمہیں ضرور جتلایا جائے گا	جو تم کرتے تھے	اور یہ

کافر ہوئے کہ وہ ہرگز (دوبارہ) نہیں اٹھائے جائیں گے۔ آپ فرما دیں، ہاں (کیوں نہیں)! میرے رب کی قسم تم ضرور اٹھائے جاؤ گے، پھر تمہیں جتلا دیا جائے گا جو تم کرتے تھے اور یہ

عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ۝ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالنُّوْرِ الَّذِيْٓ اَنْزَلْنَا ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

عَلَى اللّٰهِ	يَسِيْرٌ	فَاٰمِنُوْا	بِاللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ	وَالنُّوْرِ	الَّذِيْٓ	اَنْزَلْنَا	وَاللّٰهُ	بِمَا تَعْمَلُوْنَ
اللہ پر	آسان	پس تم ایمان لاؤ	اللہ پر	اور اس کے رسول	اور نور	وہ جو	ہم نے نازل کیا	اور اللہ	جو تم کرتے ہو اس سے

اللہ پر آسان ہے۔ پس تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لے آؤ اور اس نور (قرآن) پر جو ہم نے نازل کیا ہے اور تم جو کچھ کرتے ہو اللہ اس سے

خَبِيْرٌ ۝ يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ الْجَمْعِ ذٰلِكَ يَوْمُ التَّغَابُنِ ۭ وَمَنْ يُّؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ وَ

خَبِيْرٌ	يَوْمَ	يَجْمَعُكُمْ	لِيَوْمِ الْجَمْعِ	ذٰلِكَ	يَوْمُ التَّغَابُنِ	وَمَنْ	يُّؤْمِنْۢ	بِاللّٰهِ	وَ
باخبر	جس دن	وہ جمع کرے گا تمہیں	جمع ہونے (اکٹھا ہونے) کے دن	یہ	نقصان اٹھانے (ہار جیت) کا دن	اور جو	وہ ایمان لائے	اللہ پر	اور

باخبر ہے۔ جس دن وہ تمہیں جمع کرے گا (یعنی) قیامت کے دن، یہ ہار جیت کا دن ہے، اور جو اللہ پر ایمان لائے اور

يَعْمَلْ صَالِحًا يُّكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَيُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

يَعْمَلْ	صَالِحًا	يُّكَفِّرْ	عَنْهُ	سَيِّاٰتِهٖ	وَيُدْخِلْهُ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ
وہ کام کرے	اچھے	وہ دور کر دے گا	اس سے	اس کی برائیاں	اور وہ اسے داخل کرے گا	باغات	جاری ہیں	ان کے نیچے	نہریں

وہ اچھے کام کرے وہ (اللہ) اس سے اس کی برائیاں دور کر دے گا اور اسے (ان) باغات میں داخل کرے گا، جن کے نیچے نہریں جاری ہیں

خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ

خٰلِدِيْنَ	فِيْهَآ	اَبَدًا	ذٰلِكَ	الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ	وَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	وَكَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَآ
ہمیشہ رہیں گے	ان میں	ہمیشہ	یہ	بڑی کامیابی	اور	جن لوگوں نے کفر کیا	اور انہوں نے جھٹلایا	ہماری آیتوں کو

وہ ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے، یہ بڑی کامیابی ہے۔ اور جن لوگوں نے کفر کیا، اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا

أُولَٰٓئِكَ أَصْحَٰبُ ٱلنَّارِ خَٰلِدِينَ فِيهَا ۖ وَبِئْسَ ٱلْمَصِيرُ ﴿١٠﴾ مَآ أَصَابَ مِن مُّصِيبَةٍ

أُولَٰٓئِكَ	أَصْحَٰبُ ٱلنَّارِ	خَٰلِدِينَ	فِيهَا	وَبِئْسَ	ٱلْمَصِيرُ	مَآ أَصَابَ	مِن مُّصِيبَةٍ
یہی لوگ	دوزخ والے	ہمیشہ رہیں گے	اس میں	اور بری	جائے بازگشت (ٹھکانا)	نہیں پہنچی	کوئی مصیبت

یہی لوگ دوزخ والے ہیں، اس میں ہمیشہ رہیں گے اور یہ بری جائے بازگشت (بُرا ٹھکانا) ہے۔ کوئی مصیبت نہیں پہنچتی

إِلَّا بِإِذْنِ ٱللَّهِ ۗ وَمَن يُؤْمِنۢ بِٱللَّهِ يَهْدِ قَلْبَهُۥ ۚ وَٱللَّهُ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيمٌ ﴿١١﴾

إِلَّا	بِإِذْنِ ٱللَّهِ	وَمَن	يُؤْمِنۢ	بِٱللَّهِ	يَهْدِ	قَلْبَهُۥ	وَٱللَّهُ	بِكُلِّ شَىْءٍ	عَلِيمٌ
مگر	حکم سے اللہ	اور جو	وہ ایمان لاتا ہے	اللہ پر	ہدایت دیتا ہے	اس کا دل	اور اللہ	ہر شے کو	جاننے والا

مگر اللہ کے حکم سے، اور جو شخص اللہ پر ایمان لاتا ہے وہ اس کے دل کو ہدایت دیتا ہے اور اللہ ہر شے کو جاننے والا ہے۔

وَأَطِيعُوا۟ ٱللَّهَ وَأَطِيعُوا۟ ٱلرَّسُولَ ۚ فَإِن تَوَلَّيْتُمْ فَإِنَّمَا عَلَىٰ رَسُولِنَا ٱلْبَلَٰغُ ٱلْمُبِينُ ﴿١٢﴾

وَأَطِيعُوا۟ ٱللَّهَ	وَأَطِيعُوا۟	ٱلرَّسُولَ	فَإِن	تَوَلَّيْتُمْ	فَإِنَّمَا	عَلَىٰ رَسُولِنَا	ٱلْبَلَٰغُ ٱلْمُبِينُ
اور تم طاعت کرو اللہ کی	اور اطاعت کرو	رسول کی	پھر اگر	پھر گئے تم	تو اسکے سوا نہیں	ہمارے رسول پر ذمے	صاف صاف پہنچا دینا

اور تم اللہ کی اطاعت کرو اور رسولؐ کی اطاعت کرو، پھر اگر تم پھر گئے تو اس کے سوا نہیں کہ ہمارے رسولؐ کے ذمے صاف صاف پہنچا دینا ہے۔

ٱللَّهُ لَآ إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۚ وَعَلَى ٱللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ ٱلْمُؤْمِنُونَ ﴿١٣﴾ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓا۟ إِنَّ

ٱللَّهُ	لَآ إِلَٰهَ	إِلَّا هُوَ	وَعَلَى ٱللَّهِ	فَلْيَتَوَكَّلِ	ٱلْمُؤْمِنُونَ	يَٰٓأَيُّهَا	ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓا۟	إِنَّ
اللہ	نہیں کوئی معبود	اس کے سوا	اور اللہ پر	پس بھروسہ کرنا چاہیئے	ایمان والے	اے	ایمان والو	بیشک

اللہ وہ ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، پس مومنوں کو اللہ پر بھروسہ کرنا چاہیئے۔ اے ایمان والو! بے شک

مِنْ أَزْوَٰجِكُمْ وَأَوْلَٰدِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ فَٱحْذَرُوهُمْ ۚ وَإِن تَعْفُوا۟ وَتَصْفَحُوا۟ وَ

مِنْ	أَزْوَٰجِكُمْ	وَأَوْلَٰدِكُمْ	عَدُوًّا	لَّكُمْ	فَٱحْذَرُوهُمْ	وَإِن	تَعْفُوا۟	وَتَصْفَحُوا۟	وَ
سے (بعض)	تمہاری بیویاں	اور تمہاری اولاد	دشمن	تمہارے لئے	پس تم ان سے بچو	اور اگر	تم معاف کردو	اور تم درگزر کرو	اور

